کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 53 | منگل 05 شعبان المعظم 1446ھ 04 فروری 2025ء صفحات 08 | شمارہ 219
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے

بلوچستان اسمبلی: زرعی آمدن پر ٹیکس اور سول سرونٹس قوانین میں ترامیم منظور

قلات میں دہشتگردی واقعہ کیخلاف مذمتی قرارداد کی بھی منظوری

سالانہ چھ لاکھ سے زائد کی آمدن پر 15 فیصد ٹیکس نافذ ہوگا، 12 لاکھ سے 16 لاکھ روپے تک کی آمدن پر 90 ہزار فکس ٹیکس اور 12 لاکھ سے اوپر کی مجموعی آمدن پر 20 فیصد ٹیکس نافذ، 45 فیصد تک جائے گا

پارلیمانی سیکرٹری برکت رند نے بلوچستان ٹیکس آن لینڈ اینڈ ایگریکلچرل انکم کے ترمیمی مسودہ قانون سے متعلق رپورٹ پیش کی جس کے بعد صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو نے ترمیمی مسودہ قانون ایوان میں پیش کیا

ایوان نے ترمیمی مسودہ قانون منظور کرلیا، یہ سامراجی قانون ہے، رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن کی مخالفت، صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی نے بلوچستان سول سرونٹس کا ترمیمی مسودہ قانون پیش کیا جسے ایوان نے منظور کرلیا

کوئٹہ، کراچی (سٹی رپورٹر + نیوز ایجنسیاں) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں قلات میں دہشتگردی کے واقعہ کے خلاف مذمتی جبکہ صوبے کے ٹرانسپورٹرز کو درپیش مسائل کے لئے کمیٹی کے قیام کی قراردادیں منظور کرلیں، ایوان نے بلوچستان زرعی آمدن، اور بلوچستان سول سرونٹس کے قوانین میں ترامیم منظور کرلیں۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس پیر کو ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ کی زیر صدارت آدھے گھنٹے کی تاخیر سے شروع ہوا۔ اجلاس میں وقفہ...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کے اجلاس میں ایگریکلچر انکم ٹیکس بل 2025 کی منظوری صوبائی حکومت کی جانب سے ایگریکلچر انکم ٹیکس میں لائیو سٹاک کو شامل نہیں کیا گیا

کراچی (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا اجلاس ہوا، کابینہ نے ایگریکلچر انکم ٹیکس بل 2025 کی منظوری دے دی۔ ترجمان وزیراعلیٰ سندھ کے مطابق صوبائی حکومت کی جانب سے ایگریکلچر انکم ٹیکس میں لائیو سٹاک کو شامل نہیں کیا گیا مراد علی شاہ نے کہا کہ ایگریکلچر انکم ٹیکس بورڈ آف ریونیو کے بجائے سندھ ریونیو بورڈ جمع کرے گا جبکہ قدرتی آفات کی صورت میں ایگریکلچر انکم ٹیکس میں ایڈجسٹمنٹ ہوگی...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

190 ملین پاؤنڈ کیس، بانی پی ٹی آئی کو سزا سنانے والے جج کا تبادلہ

ناصر جاوید رانا ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ویسٹ تعینات کردیئے گئے، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) 190 ملین پاؤنڈ کیس میں بانی پی ٹی آئی کو سزا سنانے والے جج کا تبادلہ کردیا گیا۔ اس حوالے سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق احتساب عدالت اسلام آباد کے جج ناصر جاوید رانا...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف قلات حملے میں زخمی ہونے والے سیکورٹی اہلکاروں کی عیادت کررہے ہیں

پاکستان اور سعودی کمپنی کے درمیان 1.61 ارب ڈالر کے معاہدے

سعودی فنڈ کے ساتھ تیل کی درآمد پر ایک سال کیلئے 1.2 ارب ڈالر کی مؤخر ادائیگی کی سہولت کا معاملہ حل

گرین انرجی اور بنیادی ڈھانچے کے شعبے میں فنڈ کیساتھ نئے منصوبوں پر کام کی رفتار کو تیز کرنے کی ضرورت پر زور

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) پاکستان اور سعودی فنڈ فار ڈیویلپمنٹ کے درمیان 1.61 ڈالر کے 2 معاہدوں پر دستخط کردیے گئے ہیں۔ اسلام آباد میں پاکستان اور سعودی فنڈ برائے ترقی کے درمیان 2 شعبوں میں مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کی تقریب منعقد ہوئی۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، عطا تارڑ، مصدق ملک، سعودی سفیر، سعودی فنڈ فار ڈیویلپمنٹ کے چیف ایگزیکٹو اور دیگر بھی موجود تھے۔ سعودی فنڈ کے ساتھ تیل کی درآمد پر ایک سال کے لیے 1.2 ارب ڈالر...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کررہے ہیں

سیاسی ساتھیوں کیلئے ریاست مقدم، اگر کوئی بندوق کی نوک پر اپنا نظریہ مسلط کرنا چاہتا ہے تو یہ قبول نہیں، وزیراعلیٰ

کہا جاتا ہے کہ لوگ پرامن جلسہ کرنے جارہے ہیں، سوال ہے کہ اگر یہ لوگ پرامن ہیں تو پاکستان کا جھنڈا کیوں جلاتے ہیں؟

فورسز ہمارے لئے ہی 20،20 لاشیں اٹھا رہی ہیں ریاستی ادارے مجرم نہیں، مجرم وہ ہیں جو بے گناہ لوگوں کو قتل کرتے ہیں

مولانا ہدایت الرحمن کی والدہ کے ساتھ بدکلامی کی مذمت کرتا ہوں یہ ایک شخص کا فعل ہوسکتا ہے ادارے کا نہیں، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر + این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں سیکورٹی صورتحال انتہائی خطرناک ہوگئی ہے ہم بامعنی بحث کرکے اس کا حل نکالنا چاہتے ہیں، کئی بار مذاکرات کا کہہ چکے ہیں لیکن اگر کوئی بندوق کی نوک پر اپنا...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کیخلاف منظم سازشیں ہورہی ہیں ہمیں چوکنا رہنے کی ضرورت ہے، بات چیت کیلئے تیار ہیں پر تشدد راستہ قابل برداشت نہیں، میر سرفراز بگٹی

دہشتگرد بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کے دشمن ہیں

وزیراعظم کا امن و امان سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب

کوئٹہ، وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت امن و امان سے متعلق اجلاس میں گورنر جعفر خان مندوخیل وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی وفاقی وزراء اور اعلیٰ حکام شریک ہیں

قلات میں 23 خوارج کا جہنم واصل ہونا ثابت کرتا ہے کہ ہمارے جوان دشمن کے خاتمے کے لیے پوری طرح تیار ہیں، سیاسی اختلافات بالائے طاق رکھ کر ملک کی سلامتی کے لیے ایک پلیٹ فارم پر آنا ہوگا

بلوچستان کے عوام کی ترقی اور خوشحالی کے دشمنوں کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں سیکورٹی فورسز و ایجنسیاں تندہی سے اپنے فرض کی ادائیگی کررہی ہیں

دہشت گردوں سے لڑنے والے قوم کے ہیرو ہیں مجھ سمیت پوری قوم کو آپ اور قربانی کے جذبے سے سرشار آپ کے اہل خانہ پر فخر ہے، وزیراعظم شہباز شریف کی زخمی جوانوں کی عیادت کے موقع پر گفتگو

ڈائیلاگ کے ذریعے مسائل کا پائیدار حل نکالا جاسکتا ہے، ریاست کی رٹ ہر حال میں برقرار رکھی جائے گی قلات واقعے میں ملوث عناصر کو کسی صورت معاف نہیں کرینگے اور انہیں کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا

دشمن قوتیں جدید ذرائع ابلاغ کا استعمال کرتے ہوئے نوجوانوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کررہی ہیں، حکومت اور ادارے ان چیلنجز سے بخوبی آگاہ ہیں، وزیراعلیٰ کا وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف کی زیر صدارت امن و امان سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس میں...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ (خ ن) وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف کی زیر صدارت امن و امان سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس میں...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم کا ژوب میں تعلیمی اداروں کے قیام کا اعلان

ژوب بائی پاس روڈ کی رواں سال تکمیل یقینی بنائی جائے، حکام کو ہدایت

عوام کو جدید تعلیم، نقل و حمل اور معاشی ترقی کے نئے مواقع میسر آئیں گے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف نے آج کوئٹہ کا ایک روزہ دورہ کیا اور گزشتہ دنوں قلات میں دہشتگردوں کے خلاف آپریشن کے دوران زخمی ہونے والے سیکورٹی فورسز کے جوانوں کی خیریت دریافت کی۔ بعدازاں وزیراعظم پاکستان کو بلوچستان کی تازہ ترین امن و امان کی صورتحال پر بریفنگ دی گئی۔ اپنے ایک...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

سرکاری اسکیم کے حج واجبات کی تیسری قسط کی ادائیگی کی تاریخوں کا اعلان

واجبات کی ادائیگی 6 تا 14 فروری تک کی جاسکتی ہے، وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے حج 2025 کیلئے سرکاری اسکیم کے واجبات کی تیسری قسط کی ادائیگی کی تاریخوں کا اعلان کردیا۔ وزارت مذہبی امور...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

مقتدر قوتوں کیلئے آئین و قانون موم کی ناک ہے جس طرف چاہیں موڑ دیں، مولانا فضل الرحمن

پیکا قانون پر صحافیوں کو اعتماد میں لیا جاتا، ان کی تجاویز لی جاتیں، صدر کو کہا تھا صحافیوں کی تجاویز بھی لیں

چھبیسویں آئینی ترمیم میں ایسی ترامیم کو شامل کیا گیا کہ ججز مکمل ان کی کٹ پتلی ہوں، سربراہ جے یو آئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سربراہ جے یو آئی (ف) مولانا فضل الرحمان پیکا قانون پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ مقتدر قوتوں کیلئے آئین اور قانون موم کی ناک ہے، جس طرف چاہیں موڑ دیں، لگتا ہے پر کوئی دباؤ آیا اور ترمیمی بل پر دستخط ہوگئے۔ پیر کو...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد ہائیکورٹ میں تین نئے ججز نے سماعت کا آغاز کردیا

ججز ٹرانسفر کے معاملے پر وکلا احتجاج کی وجہ سے پیش نہیں ہوئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ میں تین نئے ججز جسٹس سرفراز ڈوگر، جسٹس خادم حسین سومرو اور جسٹس محمد آصف نے سماعت کا آغاز کردیا۔ پیر...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

پیکا قانون سے آزادی اظہار رائے کا تحفظ ہوگا، احتجاج کس بات کا ہے؟ عطاء تارڑ

ڈیجیٹل میڈیا پروٹیکشن اتھارٹی میں نجی شعبے سے نامزدگیاں کی جائیں گی، صحافیوں کو اس میں شامل کیا جائے گا

تمام اداروں میں اصلاحات لارہے ہیں، کسی کو اصلاحات میں رکاوٹ نہیں بننے دیں گے، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاءاللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پیکا قانون سے آزادی اظہار رائے کا تحفظ ہوگا، پیکا قانون پر احتجاج کس بات کا ہے؟، اس کا مقصد فیک نیوز کا خاتمہ، سوشل میڈیا کے خطرات کا تدارک کرنا ہے، صحافی بتائیں کہ کس شق پر اعتراض ہے۔ لاہور میں ایک تقریب سے خطاب...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

پیپلز پارٹی کا مطالبہ مسترد، اراکین پارلیمنٹ کی متنازع ترقیاتی اسکیمیں بحال

اراکین پارلیمنٹ کی تنخواہوں میں 300 فیصد اضافے کے بعد ترقیاتی فنڈز بھی جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے اپنی اہم اتحادی جماعت پاکستان پیپلز پارٹی کا مطالبہ کردیا اور اراکین پارلیمنٹ کی متنازع ترقیاتی اسکیمیں بحال کردیں۔ ذرائع کے مطابق سات ماہ میں 460 ارب روپے کے ریونیو شارٹ فال کے باوجود ترقیاتی...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

ڈپٹی اسپیکر بلوچستان غزالہ گولہ کی زیر صدارت صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی مشترکہ مذمتی قرارداد پر اظہار خیال کررہے ہیں

9 مئی مقدمات: پی ٹی آئی رہنما زرتاج گل اور خیال احمد کاسترو پر فرد جرم عائد

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی رہنما زرتاج گل اور سابق صوبائی وزیر خیال احمد کاسترو پر 9 مئی مقدمات میں فرد جرم عائد کردی گئی۔ پیر کو فیصل آباد کی انسداد دہشتگردی عدالت میں 9 مئی مقدمات کی سماعت ہوئی...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

صدر اور وزیراعظم کی برطرفی، سود کے خاتمے کیلئے دائر درخواست خارج

عدالت حکومت کے فیصلوں میں مداخلت نہیں کرسکتی، پشاور ہائی کورٹ

پشاور (بیورو رپورٹ) پشاور ہائی کورٹ نے صدر اور وزیراعظم کی برطرفی، سود کے خاتمے کے لیے دائر درخواست خارج کردی۔ پشاور ہائی کورٹ کے جسٹس اعجاز انور نے ملک میں سود کے خاتمے اور صدر پاکستان و وزیراعظم کی برطرفی کیلئے دائر درخواست...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

ڈونلڈ ٹرمپ کا جسٹن ٹروڈو سے ٹیلی فونک رابطہ

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کینیڈا کے وزیراعظم جسٹن ٹروڈو سے ٹیلیفونک رابطہ کیا۔ بعدازاں امریکی صدر نے کہا کہ کینیڈا کے وزیراعظم ٹروڈو سے فون پر بات کی ہے کچھ دیر بعد دوبارہ بات کروں گا...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

فوج اور عوام میں خلیج نہیں بڑھنی چاہئے، آرمی چیف پالیسیوں پر نظرثانی کریں، عمران خان کا جنرل عاصم منیر کو خط

یہ فوج اور ملک ہمارا ہے، ہم انتشار نہیں چاہتے، بانی پی ٹی آئی کا خط میں پاک فوج کی قربانیوں کا اعتراف

پاک فوج کے سربراہ کو خط لکھنا پالیسی شفٹ نہیں، بانی نے اوپن لیٹر لکھا ہے میڈیا کے سامنے بھی پیش کیا جائے گا

عمران خان نے سابق وزیراعظم اور ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت کے سربراہ کے طور پر خط لکھا، بیرسٹر گوہر

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی (پی ٹی آئی) کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ عمران خان نے بطور سابق وزیراعظم آرمی چیف جنرل عاصم منیر کو خط لکھ کر ان سے پالیسیوں میں تبدیلی کی اپیل کی ہے۔ راولپنڈی میں اڈیالہ جیل...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

اقتصادی رابطہ کمیٹی کی خوردنی اشیا تیل کی قیمتوں میں اضافے پر تشویش

وزارت صنعت اور قومی پرائس نگرانی کمیٹی سے 2 ہفتوں میں رپورٹ طلب کرلی

چینی، سبزیوں کی قیمتوں میں اضافے پر پرائس کنٹرول کمیٹی کو اقدامات کی ہدایت

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) نے چینی، سبزیوں اور خوردنی تیل کی قیمتوں میں اضافے پر تشویش کا اظہار کردیا۔ وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

چلتن ریسٹ ہاؤس میں لیویز فورس کے شہداء کے نماز جنازہ میں ڈی جی لیویز فورس عبدالغفار مگسی و دیگر شریک ہیں

ججز ٹرانسفر آئینی و اچھا اقدام ہے دیگر صوبوں سے بھی ججز آنے چاہئیں، چیف جسٹس

ججز ٹرانسفر پر اس لیئے راضی ہوا کہ یہ آئین کے تحت ہوئی، ایک بلوچی بولنے والا جج آیا، سندھی بولنے والا جج آیا، وفاق پورے ملک کا ہے

اسلام آباد ہائیکورٹ میں آئے ججز کی حوصلہ افزائی ہونی چاہیے، ججز کے ٹرانسفر کے معاملے کو مکس نہ کیا جائے، تقریب حلف برداری سے خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے ججز ٹرانسفر کو خوش آئند قرار دے دیا۔ چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے پریس ایسوسی ایشن کی حلف برداری کی تقریب میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کے ججز ٹرانسفر پر بات کرنا چاہتا ہوں، اسلام آباد وفاق کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں سکول بھیجا جاتا ہے...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

ایسے ججز لائے جارہے ہیں جو عمران خان کو جیل میں رکھیں، علیمہ خان

190 ملین پاؤنڈز کیس کا فیصلہ کیا گیا تاکہ ہائی کورٹ کے ججز اپیل میں سزا کو برقرار رکھیں

جتنی سازشیں چل رہی تھیں، مقصد یہی تھا بانی کو جیل میں کیسے رکھنا ہے، میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان نے کہا کہ ہے کہ عدلیہ میں ایسے ججز لائے جارہے ہیں جو عمران خان کو جیل میں رکھیں۔ اڈیالہ جیل کے...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

صدر مملکت آج چین کے 4 روزہ دورے پر روانہ ہوں گے

چینی صدر سے ملاقات، شی پنگ فیز 2 سمیت دیگر باہمی امور پر مشاورت ہوگی، ذرائع

اسلام آباد (زاہد احمد خان) صدر مملکت آصف علی زرداری (آج) منگل کو 4 روزہ دورے پر چین روانہ ہونگے۔ صدر کے دورہ چین کے حوالے سے ایڈوانس ٹیموں کی چین روانگی شروع ہوگئی، صدر کی چینی قیادت کے ساتھ اہم ملاقاتیں بھی شیڈول ہیں...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

وفاق نے آئی ایم ایف کو غلط راستہ دکھایا، ہمیں سندگی میں کھڑا کر دیا، مراد علی شاہ

ایف بی آر نے اپنی کوتاہیوں پر پردہ ڈالنے کیلئے آئی ایم ایف سے کہا کہ زرعی شعبہ ٹیکس نہیں دیتا، وزیراعلیٰ سندھ

وزیراعظم خود کہہ چکے ایف بی آر کرپشن کا گڑھ ہے، وزارت خزانہ کا کام ہے کہ آئی ایم ایف سے بات کرے

کراچی (م ڈ) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کرپشن کا گڑھ ہے، ایف بی آر سے ٹیکسوں کا اپنا ہدف پورا نہیں ہورہا، ایف بی آر نے اپنی کوتاہیوں پر پردہ ڈالنے کیلئے کہا کہ زرعی شعبہ ٹیکس نہیں دیتا، ایف بی آر نے...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

کینیڈا کے بڑے صوبے اونٹاریو میں امریکی شراب پر پابندی

آج سے تمام دکانوں سے امریکی شراب کی بوتلیں اٹھا لی جائیں گی، ڈگ فورڈ

اونٹاریو (م ڈ) کینیڈا کے سب سے زیادہ آبادی والے صوبے اونٹاریو میں امریکی شراب پر پابندی عائد کردی ہے۔ اونٹاریو کے پریمیئر ڈگ فورڈ نے یہ اقدام امریکی...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

جنوری میں مہنگائی کی شرح 2.41 فیصد پر آگئی، ادارہ شماریات

مہنگائی کی شرح میں 0.20 فیصد، شہروں میں مہنگائی میں 0.19 فیصد کا اضافہ ہوا، رپورٹ

اسلام آباد (م ڈ) ادارہ شماریات پاکستان نے مہنگائی سے متعلق ماہانہ رپورٹ جاری کردی جس میں بتایا گیا ہے کہ جنوری 2025 میں مہنگائی کی شرح 2.41 فیصد...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کارکنوں کی مبینہ ہلاکتوں پر غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ

ہلاک ہونے والے 7 افراد کے اہل خانہ سے ملاقات ہوئی، ایچ آر سی پی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) انسانی حقوق کمیشن پاکستان (ایچ آر سی پی) نے پی ٹی آئی کے نومبر 2024ء کے احتجاج کے دوران مبینہ ہلاکتوں کی غیر جانبدارانہ...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

اے این پی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی درابن لیویز شہداء کی نماز جنازہ کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

9 ویں ترمیم ختم ہونے کے بعد موجودہ کیسز میں کورٹ مارشل کیسے ہوگیا؟ کیا احتجاج کرنا جرم ہے؟ جسٹس مسرت

سپریم کورٹ کے 7 رکنی آئینی بینچ نے سابق چیف جسٹس جواد ایس خواجہ پر عائد کردہ 20 ہزار روپے جرمانہ واپس لے لیا

سویلین کے ملٹری ٹرائل کے خلاف انٹرا کورٹ اپیل کی سماعت میں جسٹس جواد ایس خواجہ کے وکیل نے دلائل مکمل کرلیے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے 7 رکنی آئینی بینچ نے سابق چیف جسٹس جواد ایس خواجہ پر عائد کردہ 20 ہزار روپے جرمانہ واپس لے لیا۔ سویلین کے ملٹری ٹرائل کے خلاف انٹرا کورٹ اپیل کی سماعت میں جسٹس جواد ایس خواجہ کے وکیل نے دلائل مکمل...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

میٹرک 2024 کی اسکالرشپ کی تعداد بڑھا کر 10 لاکھ کردی گئی

انٹرمیڈیٹ کے طلباء ایف بی پروگرام کے تحت اسکالرشپ کے لیے اہل ہوں گے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ایجوکیشن انڈوومنٹ فنڈ (بیف) کے ایک اعلامیہ کے مطابق انٹرمیڈیٹ ڈسٹرکٹ ٹاپرز اسکالرشپ پروگرام 2024 میٹرک...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ کی 42 یونین کونسلوں سمیت 35 اضلاع میں انسداد پولیو مہم کا آغاز، زلفی

حالیہ مہم کے دوران بلوچستان میں مجموعی طور پر 26 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر

11 ہزار سے زائد ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں جن میں 9 ہزار 329 موبائل ٹیمیں، 962 فکسڈ سائٹ اور 585 ٹرانزٹ پوائنٹس شامل

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے 35 اضلاع اور کوئٹہ کی 42 یونین کونسلوں میں انسداد پولیو مہم پیر سے شروع ہوگئی۔ ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے ای او سی کے مطابق کوئٹہ کی 60 میں سے باقی 18 یونین کونسلوں میں انسداد پولیو مہم منگل سے شروع ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ بلوچستان میں مجموعی طور پر 26 لاکھ سے...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

لکی مروت میں جرگے کا پولیو مہم کے بائیکاٹ کا اعلان

بائیکاٹ کو مؤثر بنانے کیلئے مختلف کمیٹیاں فعال کردی گئیں، مروت قومی جرگہ

بائیکاٹ کی وجہ سے دو لاکھ سے زائد بچوں کے ویکسین سے محروم رہنے کا خدشہ ہے، حکام

لکی مروت (م ڈ) خیبر پختونخوا کے ضلع لکی مروت میں مروت قومی جرگہ نے اداروں کی غیر سنجیدگی کے باعث ضلع بھر میں پولیو مہم کے بائیکاٹ کا اعلان کردیا۔ تفصیلات کے مطابق لکی مروت میں مروت قومی جرگہ نے اداروں کی غیر سنجیدگی کے باعث ضلع بھر میں پولیو مہم کے بائیکاٹ کا اعلان کردیا ہے۔ جرگہ نے کہا کہ 9 جنوری سے پاکستان اٹامک انرجی...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

تحریک انصاف کے انٹرا پارٹی کیس کی سماعت 11 فروری کو مقرر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی انٹرا پارٹی کیس سماعت کیلئے مقرر کردیا۔ الیکشن کمیشن پی ٹی آئی انٹرا پارٹی کیس پر 11 فروری کو سماعت کرے گا، الیکشن کمیشن کی جانب سے چیئرمین پی ٹی...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

26 ویں ترمیم کے بعد مرضی کے ججز کو لایا جارہا ہے، فواد چودھری

حکومت کیخلاف سڑکوں پر پریشر بڑھانا ہوگا، ملک کو 1937 والے امریکی بحران کا سامنا ہے

اسلام آباد (م ڈ) سابق وفاقی وزیر فواد چودھری نے کہا ہے کہ 26 ویں ترمیم کے بعد مرضی کے ججز کو لایا جارہا ہے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے فواد چودھری نے کہا کہ پندرہویں نمبر والے جج کو نمبرون کرنے کی کوشش کی جارہی ہے...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

خیبر، پولیو ٹیم پر فائرنگ پولیس اہلکار شہید

خیبر (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے ضلع خیبر کے علاقے بکر آباد میں انسداد پولیو ٹیم پر فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق ضلع خیبر کے علاقے بکر آباد میں انسداد پولیو ٹیم پر فائرنگ کی گئی...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

سمندر پار پاکستانیوں کی ترسیلات زر 35 ارب ڈالر سے بڑھنے کا امکان

ترسیلات زر کے محصولات 33 فیصد بڑھوتری سے 17.8 ارب ڈالر تک پہنچ گئے، رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سمندر پار مقیم پاکستانیوں کی جانب سے بھیجی جانے والی رقوم جاری مالی سال کے دوران 35 ارب ڈالر سے بڑھنے کا امکان ہے۔ ٹاپ لائن سیکورٹیز کی رپورٹ کے مطابق زر مبادلہ کی غیر قانونی منتقلی کی حوصلہ شکنی اور...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

سندھ اور بلوچستان بار نے ججز تعیناتی خوش آئند قرار دیدی

یہ اسلام آباد ہائیکورٹ کے وفاقی تشخص کی بحالی کی جانب قدم ہے، بیرسٹر محمد سرفراز علی میتلو

آئین کے تحت صدر مملکت کو اختیار ہے کہ وہ ججز کے تقرر و تبادلے کرے، عطاءاللہ لانگو

کراچی / کوئٹہ (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن اور بلوچستان ہائی کورٹ بار نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں دوسرے صوبوں سے ججز کی تعیناتی...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کے 600 تجارتی ٹرکوں کو ایران بارڈر پر روک دیا گیا

امپورٹ آرڈر مانگا جارہا ہے بارڈر ٹریڈ کا ایس آر او فعال نہیں ہے سینیٹر انوشہ رحمان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ قائمہ کمیٹی میں ایران کیساتھ بارٹر سسٹم کی تجویز پیش کردی گئی جبکہ تاجر نمائندے نے انکشاف کیا کہ ہمارے 600 ٹرک ایران بارڈر پر روکے ہوئے ہیں اور امپورٹ آرڈر مانگا جارہا ہے، چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ بھارتی بینک...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

یہاں آگ و خون کی فصل بوئی گئی اسی کے ثمرات سے تباہی پھیلی ہے، اصغر اچکزئی

سانحہ درابن شک و شبہات سے خالی نہیں، اعلیٰ سطحی تحقیقات اور کرداروں کو بے نقاب و مجرموں کو نشان عبرت بنایا جائے

مغل کوٹ سے لیکر درازندہ درابن، ڈی آئی خان لکی مروت کرک بنوں دہشت گردوں کے نرغے میں ہیں، خطاب

کوئٹہ (پ ر) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے کہا ہے کہ آگ خاک وخون کی جو فصل یہاں چالیس سال پہلے بویا گیا اس کی ثمرات سے آج چار سو تباہی پھیلی ہوئی ہے جنگی معیشت کے بل بوتے پر جو ریاستی بیانیہ اپنایا گیا وہ یہاں بم دھماکوں...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی آئی خان میں شہید ہونیوالے پشین لیویز کے 4 اہلکاروں کی تدفین، ہزاروں افراد شریک

شہید رشید زمان شہید بلال پانیزئی شہید داود خان شہید نور احمد کی قربانی یاد رکھی جائے گی، لیویز کے دستے نے سلامی پیش کی

درابن کے علاقے میں شہید جوانوں کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعہ کی رپورٹ سات روز میں مکمل کی جائے گی، متعدد سفارشات شامل

حکومت لیویز فورس کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور شہداء کے لواحقین کے ساتھ کھڑی ہے، حکومتی ترجمان کا افسوس

کوئٹہ (خ ن، آن لائن) شہداء درابن کا نماز جنازہ آج اولسی سٹیڈیم خانوزئی میں ادا، شہداء کی آبائی علاقوں میں تدفین کردی گئی شہید رشید زمان شہید بلال پانیزئی...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

اعظم خان سواتی کو اٹک جیل سے رہا کردیا گیا

پشاور (م ڈ) خیبر پختونخوا سے تعلق رکھنے والے سیاسی رہنما اور سابق وفاقی وزیر اعظم خان سواتی کو اٹک جیل سے رہا کردیا گیا۔ ذرائع کے مطابق لاہور ہائی کورٹ...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

پی آئی اے کی نجکاری کا عمل دوبارہ شروع کرنے کا فیصلہ

پی آئی اے نے 26 ارب روپے ایف بی آر، 10 ارب سول ایوی ایشن کے دینے ہے

ایئرلائن ریٹائرڈ ملازمین کو پنشن حکومت کی جانب سے ہی ادا کی جائے گی، سیکرٹری نجکاری کمیشن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے پی آئی اے کی نجکاری کا عمل دوبارہ شروع کرنے کا فیصلہ کرلیا، نجکاری کیلئے رواں ماہ اظہار دلچسپی طلب کی جائے گی۔ فاروق ستار کی زیر صدارت قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی نجکاری کا اجلاس ہوا، جس میں نجکاری کمیشن حکام...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

پیکا ان کیلئے ہے جو صحافی بن کر ریٹنگ کیلئے سنسنی پھیلاتے ہیں، طلال چوہدری

کوئی قانون آئیڈیل نہیں ہوتا وقت کے ساتھ ترامیم ہوتی ہیں، رہنما مسلم لیگ (ن)

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ (ن) کے رہنما طلال چوہدری نے کہا ہے کہ پیکا قانون ان کے خلاف ہے جو صحافی نہیں لیکن صحافی بن کر ریٹنگ کیلئے سنسنی پھیلاتے ہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے طلال چوہدری نے کہا کہ جب بھی باہر...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

داسو ہائیڈرو پاور: عالمی بینک سے ایک ارب ڈالر نئے قرض کی منظوری کا امکان

منصوبے کی لاگت 190.1 فیصد اضافے کے ساتھ 1700 ارب روپے تک پہنچ چکی ہے، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کیلئے عالمی بینک کی جانب سے داسو ہائیڈرو پاور منصوبے کیلئے ایک ارب ڈالر کے نئے قرض کی منظوری کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق داسو ہائیڈرو پاور منصوبے کی لاگت 190.1 فیصد اضافے کیساتھ 1700 ارب...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

قدرتی وسائل سے مالا مال بلوچستان بنیادی سہولیات سے محروم ہے، عبدالمتین اخوندزادہ

بلوچستان کی معدنی دولت کئی دہائیوں سے پاکستان کی معیشت کو مستحکم کرنے میں کردار ادا کر رہی ہے

تانبے، سونے، گیس، کوئلے کے ذخائر سے حاصل ہونے والی آمدنی کا بڑا حصہ قومی خزانے میں جاتا ہے، میڈیا سے بات چیت

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سینئر سیاسی رہنما عبدالمتین اخوندزادہ نے ایک میڈیا ٹاک شو میں بلوچستان کے مسائل، اس کے وسائل اور پاکستان کی معیشت میں اس کے کردار پر تفصیلی گفتگو کی۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان بے شمار قدرتی وسائل سے مالا مال ہونے کے باوجود بنیادی سہولیات سے محروم ہے، اور عوام کو تعلیم، صحت، روزگار اور بنیادی ڈھانچے کی سہولتیں میسر نہیں۔ انہوں نے اس حقیقت کو اجاگر کیا کہ بلوچستان کی معدنی دولت ملک کی معیشت میں اہم کردار ادا کرتی ہے، مگر اس کے ثمرات صوبے کے عوام تک نہیں پہنچ پاتے۔ انہوں نے بلوچستان کے معدنی وسائل، خاص طور پر تانبے، سونے، گیس اور کوئلے کے ذخائر کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ان سے حاصل ہونے والی آمدنی کا بڑا حصہ وفاق کو جاتا ہے جبکہ بلوچستان کو اس کا معمولی حصہ ملتا ہے۔ عبدالمتین اخوندزادہ نے کہا کہ اگر ان وسائل کا منصفانہ استعمال کیا جائے اور انہیں صوبے کی ترقی کے لیے بروئے کار لایا جائے، تو بلوچستان خودکفیل بن سکتا ہے اور عوام کی زندگیوں میں بہتری آسکتی ہے۔ انہوں نے تجویز دی کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید تعلیمی اور فنی تربیت دی جائے تاکہ وہ قومی ترقی میں مؤثر کردار ادا کر سکیں۔ انہوں نے اس نکتے پر زور دیا کہ بلوچستان پاکستان کی معیشت کا ایک لازمی جزو ہے اور اس کے ساحلی علاقے عالمی تجارت کے لیے بے حد اہم ہیں، جبکہ معدنیات اور توانائی کے ذخائر ملکی معیشت کو مستحکم کرنے میں مددگار ثابت ہو سکتے ہیں۔ عبدالمتین اخوندزادہ نے نشاندہی کی کہ اگر بلوچستان کے وسائل کو منصفانہ انداز میں ترقیاتی منصوبوں میں شامل کیا جائے اور عوام کو ان کا جائز حصہ دیا جائے، تو نہ صرف بلوچستان بلکہ پورا ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکتا ہے

صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی کوئٹہ کان کنوں کی حفاظت اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان کے شمالی پہاڑوں پر برفباری کا امکان ہے، موسمیاتی مرکز

خاران، واشک، نوشکی اور چاغی اضلاع میں ہلکی بارش اور بوندا باندی کا امکان ہے

کوئٹہ (پ ر) علاقائی موسمیاتی مرکز بلوچستان کے مطابق پیر کو صوبے کے بیشتر حصوں میں موسم بنیادی طور پر سرد اور خشک اور وسطی و شمالی پہاڑی علاقوں میں بہت سرد رہنے کی توقع ہے۔ تاہم کوئٹہ، مستونگ، پشین، قلعہ عبداللہ قلعہ سیف اللہ، زیارت، ژوب سمیت اس کے گردونواح میں چند مقامات پر ہلکی بارش/آندھی/بوندا باندی اور پہاڑوں پر برفباری کا امکان ہے۔ جبکہ خاران، واشک، نوشکی اور چاغی اضلاع میں چند مقامات پر ہلکی بارش اور بوندا باندی کا امکان ہے۔ منگل کو صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم سرد اور خشک رہے گا تاہم شمالی اضلاع میں موسم جزوی طور پر ابر آلود رہنے کے ساتھ ساتھ ٹھنڈی راتیں بھی رہیں گی۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران قلات میں سب سے کم درجہ حرارت (-4.5/13.0) ریکارڈ کیا گیا۔

حکومت کے ملازمین دشمن اقدامات کا راستہ روکا جائیگا، گرینڈ الائنس ژوب

اجتماعی حقوق کے حصول کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے، پروفیسر سلیم مندوخیل

کوئٹہ (اے این این) صوبائی گرینڈ الائنس کے قیادت کی ہدایت کے مطابق ضلعی سطح پر ایکشن کمیٹی کے انعقاد کیلئے ضلع کے تمام تنظیموں پر مشتمل اجلاس بی پی ایل اے ژوب کے صدر پروفیسر سلیم جان مندوخیل کی سربراہی میں ہوا۔ اس اجلاس میں ضلع ژوب کے ایک درجن سے زائد تنظیموں کے نمائندوں نے شرکت کی جس میں سرفہرست بی پی ایل اے، جی ٹی اے، بی، جی ٹی اے آئینی، ان پکا، ینگ ڈاکٹر ایسوسی ایشن، پیرا میڈیکس ایسوسی ایشن، پیرا میڈیکس 2076، سیسا، پیرا میڈیکل فیڈریشن، کیسکو، ینگ نرسنگ ایسوسی ایشن وغیرہ شامل تھے۔ اجلاس میں وسیع مشاورت اور اتفاق رائے سے بلوچستان گرینڈ الائنس ضلع ژوب ایکشن کمیٹی کے لئے صدر ملک صحبت خان مندوخیل، جنرل سیکرٹری مشہود شاہ اخوندزادہ، سیکرٹری اطلاعات پروفیسر سلیم جان مندوخیل، فنانس سیکرٹری محمد حسن حقیار، آفس سیکرٹری حسن خان شیرانی، نائب صدر ڈاکٹر شیر خان ناصر، ڈپٹی جنرل سیکرٹری محمد خالد خان، اور جوائنٹ سیکرٹری کیلئے عبدالرحمن حریفال کا انتخاب عمل میں لایا گیا۔ اجلاس میں تمام تنظیموں کے نمائندوں نے اور ایکشن کمیٹی کیلئے منتخب ممبران نے یہ عہد کیا کہ گورنمنٹ کے سرکاری ملازمین دشمن اقدامات کا راستہ روکنے اور ملازمین کے اجتماعی حقوق کے حصول کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔

صوبائی وزیر اریگیشن میر صادق عمرانی کو ڈائریکٹر یونیورسٹی ڈاکٹر واجد فرحان بلوچ یونیورسٹی میں تدریسی عمل کے متعلق آگاہی فراہم کر رہے ہیں

یوسف خلجی کی تحریمی ایم پی او کے تحت گرفتاری قابل مذمت ہے، نواب سلمان خلجی

قبائلی جھگڑوں کی روک تھام کی جدوجہد کرنے والے رہنما کی گرفتاری سمجھ سے باہر ہے

امن کو تہ و بالا کرنے کی سازش ہے لالہ محمد یوسف کو رہا نہ کیا گیا تو شدید احتجاج پر مجبور ہوں گے

کوئٹہ (آن لائن) خلجی قبائل کے سربراہ نواب سلمان خلجی، سردار زین العابدین خلجی، نور خان خلجی نے امن جرگہ کے رہنما لالہ محمد یوسف خلجی کی تحریمی ایم پی او کے تحت گرفتاری کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اقوام کے درمیان امن کے لئے کام کرنے والے بزرگ رہنما کی گرفتاری سوالیہ نشان اور امن کو تہ و بالا کرنے کی سازش ہے اگر لالہ محمد یوسف کو رہا نہ کیا گیا تو شدید احتجاج پر مجبور ہوں گے جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت اور انتظامیہ پر عائد ہوگی۔ یہ بات انہوں نے سوموار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی اس موقع پر نعیم خلجی سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ خلجی قوم ہر امن اور بھائی چارے کی فضا کو قائم رکھنے پر یقین رکھتی ہے امن جرگہ کے رہنما لالہ محمد یوسف خلجی کو ڈی سی کی ہدایت پر تحریمی ایم پی او کے تحت اٹھانا بدنیتی اور بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال کو خراب کرنے کی سازش ہے موصوف نے ہمیشہ امن وامان اور قبائلی جھگڑوں کے خاتمے اور تنازعات کے حل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کیا ہے اقوام کو آپس میں شیر و شکر کرنے والے رہنما کو گرفتار کرنا سمجھ سے بالاتر ہے۔ نواب سلمان خلجی نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ جہاں قوم کی بات آئے گی وہاں پارٹی کو بالائے طاق رکھ کر ہم سب اس کو اپنا سمجھ کر کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں

کوئٹہ: خلجی قوم کے معتبرین نواب سلمان خلجی، نعیم خان خلجی، نور خان خلجی، زین خلجی اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بلوچستان مزدوروں کی اکثریت کو کم سے کم معاوضہ نہیں مل رہا، سلطان محمد خان

عالمی تنظیموں کے ساتھ تعاون کو بڑھا کر محنت کشوں کی حالت کو بہتر بنایا جاسکتا ہے

حکومت کم از کم اجرت پر سختی سے عملدرآمد کرائے: صدر آل پی ایل ایف کا تقریب سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے صدر سلطان محمد خان نے کہا ہے کہ محنت کش طبقہ پاکستان کو ترقی و خوشحالی میں راہ گامزن کرنے کیلئے پوری ایمانداری اور انتھک محنت سے اپنا کردار ادا کر رہا ہے لیکن بدقسمتی سے محنت کشوں کی اکثریت کو ان کی محنت کا پورا معاوضہ نہیں ملتا جو ظلم کے مترادف ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے صدر سلطان محمد خان نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ صنعتی شعبے میں مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کیلئے مؤثر قانون سازی کی جائے، انڈسٹریل ریلیشن ایکٹ 2012 کی ترامیم میں آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے نمائندوں کو شامل کیا جائے، اجرتوں میں اضافہ کیا جائے اور کم از کم اجرت پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے، مزدوروں کو محفوظ اور صحت مند کام کا ماحول فراہم کرنے کیلئے سخت اقدامات کیے جائیں۔ آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے صدر سلطان محمد خان نے کہا کہ صنعتی شعبے میں مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کے کیلئے نئی قانون سازی کی ضرورت ہے۔

پیکا ایکٹ اختلافی رائے اور آوازوں کو دبانے کی کوشش ہے، طاہر بزنجو

دھاندلی کی پیداوار حکومت کے کارناموں میں سے ایک بڑا کارنامہ پیکا کا قانون ہے

کوئٹہ (آئی این پی) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سابق سینیٹر و دانشور میر طاہر بزنجو نے کہا کہ موجودہ دھاندلی کی پیداوار حکومت کے کارناموں میں سے ایک بڑا کارنامہ پیکا کا قانون ہے جس کو صحافی کالا قانون کا نام دیتے ہیں عالمی انسانی حقوق اور صحافتی تنظیموں نے اس کالے قانون کے حوالے سے تحت تحفظات کا اظہار کیا ہے ایک ویڈیو بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان انسانی حقوق سے متعلق معاہدوں پر دستخط کر چکا ہے وزیر اطلاعات تارڑ کی اپنی گفتگو 100 فیصد فیک نیوز پر مشتمل ہوتی ہے کا کہنا ہے کہ یہ ترامیم جعلی خبروں کو روکنے کیلئے لائی گئی ہیں لیکن سچی بات تو یہ ہے کہ یہ ترامیم اختلافی رائے اور آوازوں کو دبانے کیلئے ہیں، اس کی زد میں صحافیوں کے ساتھ ساتھ شاعر اور ادیب سمیت ملک کا سچ بولنے والا کوئی بھی شہری زد میں آسکتا ہے۔



ڈائریکٹر جنرل ریسرچ زراعت عبدالروف کاکڑ سیکرٹری زراعت نور احمد پرکانی و دیگر آفیسران کیساتھ ملاقات کر رہے ہیں

جمعیت نظریاتی کی مرکزی مجلس عاملہ کا اجلاس 16 فروری کو صوابی میں طلب

کوئٹہ (پ ر) مرکزی جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کی مرکزی مجلس عاملہ کا اجلاس 16 فروری کو صوابی میں طلب کرلیا گیا جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی کیا علامیہ کے مطابق مرکزی جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی قائم مقام امیر مولانا عبدالقادر لونی کے مرکزی جمعیت نظریاتی پاکستان کے مرکزی مجلس عاملہ کا اجلاس بروز اتوار 16 فروری بعد نماز ظہر بمقام جامعہ سعدیہ صوابی میں طلب کرلیا ہے اجلاس میں ملکی و ملی امور و سیاسی حالات کے علاوہ دیگر امور پر غور ہوگا تمام مرکزی مجلس عاملہ کے ارکان کو اجلاس میں شرکت کی تاکید کی گئی ہے

جے یو آئی پاکستان کی مرکزی رابطہ کمیٹی کا اجلاس 15 فروری کو اسلام آباد میں طلب

کوئٹہ (پ ر) رہبر جمعیت مولانا محمد خان شیرانی نے جے یو آئی پاکستان کے مرکزی رابطہ کمیٹی کا اجلاس جمعرات 15 فروری دن ایک بجے اسلام آباد میں طلب کیا ہے اجلاس 16 فروری کو بھی جاری رہے گا اجلاس میں موجودہ ملکی اور علاقائی سیاسی صورتحال اور جماعتی امور پر غور و خوض کیا جائے گا مرکزی رابطہ کمیٹی کے ارکان کو اجلاس میں بروقت شرکت یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔

لیویز اہلکاروں کے قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، اے کیو ایم

سرزادی جائیکوئٹہ (یو این اے) افغان قومی موومنٹ (اے کیو ایم) نے اپنے جاری کردہ ایک پریس ریلیز میں درابن کے علاقے میں پشین سے تعلق رکھنے والے چار لیویز اہلکاروں کے بے دردی سے قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اس واقعے کی تحقیقات کی جائیں اور اس ظالمانہ عمل کے ذمہ داروں کو سزا دی جائے۔ بیان میں کہا گیا کہ کوئٹہ اسلام آباد قومی شاہراہ پر دن دہاڑے رہزنی اور قتل کا سلسلہ جاری ہے، جس کی روک تھام کے لیے فوری اقدامات کی ضرورت ہے۔ یہ وارداتیں اب روزمرہ کا حصہ بن چکی ہیں، اور سفر کرنا لوگوں کے لیے ایک مشکل امر بن گیا ہے۔ پریس ریلیز میں مزید کہا گیا کہ درابن سے ژوب، ڈیرہ اسماعیل خان، کوئٹہ سے کراچی تک کے قومی شاہراہوں پر سفر کرنا دشوار ہو گیا ہے، جہاں انتظامیہ کے چیک پوسٹوں کے قریب دہشت گردوں اور ڈاکوؤں کا راج ہے۔

سول ہسپتال میں سہولیات اور صفائی کی صورتحال بہتر بنائی جارہی ہے، ایم ایس

کوئٹہ (اے پی پی) میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سول ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر ہادی کاکڑ نے کہا ہے کہ ہسپتال میں طبی سہولیات کی فراہمی، صفائی کی صورتحال بہتر بنایا جارہا ہے، ہسپتال میں ٹریفک کے گھمبیر مسئلے کے حل کیلئے متعلقہ حکام کے ساتھ مل کر ہسپتال کو نو پارکنگ زون قرار دیا جائے گا تاکہ ایمرجنسی میں آنے والوں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور سیکرٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی کی قیادت میں عوام کو فوری علاج ومعالجے کی سہولیات کی فراہمی یقینی بنایا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ ڈاکٹر ہادی کاکڑ نے کہا کہ سول ہسپتال کوئٹہ بلوچستان کے دو بڑے ہسپتالوں میں سے ایک ہے جہاں بڑی آبادی سول ہسپتال کی طرف رخ کر رہی ہے ایسے میں ہسپتال انتظامیہ پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔

9 فروری کو ضمنی انتخاب میں جیت جمعیت کا مقدر ہوگی، سعید خان لانگو

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے قلات کے جنرل سیکرٹری اور بلوچستان اسمبلی کے حلقہ پی بی 36 سے امیدوار سردار زادہ میر سعید خان لانگو نے انتخابات کیلئے اپنی عوامی رابطہ مہم شروع کردی ہے، اس حوالے سے انہوں نے اپنے حلقے کا دورہ کیا اور دور دراز علاقوں کے عوام سے ملے اور انہیں اپنا پیغام پہنچایا، اس موقع پر عوام سے گفتگو کرتے ہوئے سردار زادہ میر سعید خان لانگو کا کہنا تھا کہ حلقے کے عوام کیلئے بہت سے فلاحی منصوبے ہمارے ذہن میں ہیں جن کو انتخاب میں کامیابی کے بعد پایہ تکمیل تک پہنچایا جائیگا، ان کی ترجیحات میں عوام کیلئے تعلیم اور صحت کیساتھ روزگار کی فراہمی شامل ہے، عوامی حمایت سے انشاء اللہ نو فروری کو ہونے والے ضمنی انتخاب میں جیت انکا مقدر ہوگی، عوام کی طرف سے بھی ہمیں بھرپور پذیرائی مل رہی ہے، ہم پہلے بھی یہ انتخاب جیتتے تھے اور آئندہ بھی عوامی قوت سے یہ انتخاب جیت کر اپنے عوام اور اہل علاقہ کی خدمت کا مشن جاری رکھیں گے اور انکے تمام مسائل انکی دہلیز پر حل کرینگے، اس موقع پر اہل علاقہ نے سردار زادہ میر سعید خان لانگو پر اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کیا۔

وزیراعظم شہباز شریف کا کوئٹہ پہنچنے پر وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی استقبال کر رہے ہیں

بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے، جمعیت بلوچستان

قلات واقعہ، خانوزئی، پشین کے لیویز اہلکاروں کی شہادت حکومت کی نااہلی کا ثبوت ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی پریس ریلیز میں کہا کہ صوبے میں امن و امان کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے، قلات واقعہ، پھر خانوزئی پشین کے نوجوانوں کے المناک واقعہ صوبائی گورنمنٹ کی ناکامی کا واضح مثال ہے، بلوچستان میں موجودہ حکومت کی ناکامی واضح طور پر نظر آتی ہے، جہاں عوام کو تحفظ فراہم کرنے میں حکومت مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے۔ قانون نافذ کرنے والے ادارے بے بس دکھائی دیتے ہیں، جس کی وجہ سے عوام کا حکومت پر اعتماد ختم ہو گیا ہے۔ امن وامان کی بحالی کے لیے حکومتی دعوے صرف زبانی باتوں تک محدود ہیں، جبکہ عملی اقدامات کہیں نظر نہیں آتے۔ عوام بے یارو مددگار ہیں اور حکمران اپنی ذمہ داریوں سے غافل ہیں۔ اس صورتحال نے حکومت کی نااہلی اور غیر سنجیدگی کو بے نقاب کر دیا ہے۔ بیان میں کہا کہ جمعیت علماء اسلام شہداء کے خاندانوں کی آواز بن کر ہر فورم پر ان کے حقوق کے لیے آواز بلند کرے گی اور کسی صورت ان کے ساتھ ناانصافی نہیں ہونے دے گی۔ ریاست کی بنیادی ذمہ داری اپنے شہریوں اور محافظوں کی حفاظت ہے، اگر حکومت اپنی اس ذمہ داری میں ناکام ہے، تو اسے اقتدار میں رہنے کا کوئی حق نہیں۔

پارلیمانی سیکرٹری برکت علی رند اسمبلی اجلاس میں مجلس قائمہ محکمہ خزانہ کی رپورٹ بلوچستان سول سروسز کا (ترمیمی) مسودہ قانون پیش کر رہے ہیں

واسا عوام کی پانی کی ڈیمانڈ پوری کرنے میں ناکام ہو چکا ہے

دار الحکومت میں ٹینکر مافیا کی حکمرانی قائم من مانے نرخ پر پانی کی سپلائی جاری

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ شہر میں قلت آب پر قابو نہیں پایا جاسکا، محکمہ واسا کوئٹہ شہر میں ٹیوب ویل کی بحالی کیلئے سال 24/25 کی بجٹ میں خطیر فنڈز مختص کئے گئے ہیں لیکن ان فنڈز کا استعمال کہیں دیکھی نہیں دیتا، پینے کے صاف پانی کی فراہمی ممکن نہیں ہو سکی، کوتوال کے رہائشیوں، اسرار احمد اچکزئی، ابرار احمد اچکزئی، ذاکر خان اور دیگر نے بتایا ہے کہ کوتوال میں پینے کے صاف پانی کی قلت کی وجہ سے ٹینکر مافیا کا راج قائم ہے، رہائشی علاقوں میں نہ صرف ٹینکر مافیا کا راج ہے بلکہ غریب لوگ ٹین ڈبوں کے ذریعے پانی لانے پر مجبور ہیں، حکومت بلوچستان سے اپیل ہے کہ فوری طور پر پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے اقدامات کرے بصورت دیگر کوتوال کے عوام سخت احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے۔

اوستہ محمد میں جرائم پیشہ عناصر کو کھلی چھوٹ دی گئی ہے، رحیم آغا

پولیس تاجروں اور عوام کو تحفظ دینے کی بجائے چوروں کی سرپرستی کر رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ کے صدر رحیم آغا، جنرل سیکرٹری ولی افغان ترین، چیرمین حاجی فاروق شاہوانی، سرپرست اعلیٰ حاجی اسلم ترین، نائب صدر میر محمد رحیم بنگلزئی، حاجی یعقوب شاہ کاکڑ، خان کاکڑ، سید حیدر آغا، حاجی ظہور کاکڑ، سردار سجاد شاہوانی، ملک محمد حسین شاہوانی، سید شفیع آغا، سید حیدر آغا، عبدالجبار جتوئی، میر محسن عمرانی، سید تقی آغا، عبدالہادی نورزئی، اور دیگر عہدیداروں نے ضلع اوستہ محمد میں مخدوش صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ نااہل ڈی پی او کو فوری طور پر معطل کرکے انکوائری کی جائے انہوں نے کہا کہ جب سے موصوف ڈی پی او نے چارج سنبھالا ہے ضلع اوستہ محمد میں چوریاں ڈکیتیاں روز کا معمول بن چکے ہیں انجمن تاجران اوستہ نے کئی بار ڈی پی او کو صورتحال سے آگاہ بھی کیا لیکن موصوف ڈی پی او تاجروں اور عوام کو تحفظ دینے کی بجائے چوروں کی سرپرستی کرتا رہتا ہے اور انہیں کھلی چھوٹ دیا ہوا ہے۔

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کو ایک بزرگ شخص اپنے مسائل سے آگاہ کر رہے ہیں

مسئلہ کشمیر حل طلب، پاکستان کشمیری عوام کے ساتھ کھڑا ہے، زابد علی ریکی

کشمیریوں کی بھارتی ظلم و جبر کے خلاف جاری جدوجہد ایک دن ضرور رنگ لائے گی

کوئٹہ (اے پی پی) بلوچستان اسمبلی کے رکن میر زابد علی ریکی نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر حل طلب، پاکستان کشمیری عوام کے ساتھ کھڑا ہے، بھارت کو مسئلہ کشمیر کے حوالے سے اپنی ہٹ دھرمی کیلئے جواب دہ ہونا پڑے گا، کشمیریوں کی بھارتی ظلم و جبر کے خلاف 7 دہائیوں سے جاری جدوجہد ایک دن ضرور رنگ لائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اے پی پی سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ میر زابد علی ریکی نے کہا کہ ہندوستان کی تقسیم کے وقت مسلمانوں کی اکثریتی آبادی کی بنیاد پر کشمیر کا پاکستان کے ساتھ الحاق ہونا تھا اور جغرافیائی اہمیت کے تناظر میں قائد اعظم محمد علی جناح نے کشمیر کو پاکستان کا شہ رگ قرار دیا تھا لیکن بھارت نے اس وقت اپنی ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کشمیر پر قبضہ کیا اور طاقت کے ذریعے کشمیری عوام کو اپنے زیر تسلط کرنے کی کوشش کی جس کے خلاف کشمیری عوام گزشتہ 75 سالوں سے جدوجہد کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں۔

کوئٹہ شدید سردی میں گیس کی بندش، بچے بزرگ بیمار ہونے لگے

گیس پریشر بحال ہونے تک کمپریسر کا استعمال نہیں روکا جاسکتا، شہری

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ میں گیس کی قلت کا سلسلہ جاری، اکثر علاقوں میں کمپریسر کے استعمال میں بھی اضافہ، شہریوں کا کہنا ہے کہ بغیر کمپریسر کے گیس کا آنا خواب ہے، سوئی سدرن گیس کمپنی انتظامیہ کمپریسر کے خلاف کارروائی کرنے سے قبل متعدد علاقوں، پشتون آباد، مشرقی بائی پاس، کوتوال، زرغون آباد اور دیگر علاقوں میں گیس پریشر کی بحالی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے بتایا کہ سوئی سدرن گیس کمپنی متعدد علاقوں میں اپنی سروے ٹیم بھیج کر عوامی شکایات کا فوری ازالہ کرے ورنہ سڑکوں پر نکل کر احتجاج کرنے سے کوئی گریز نہیں کرینگے۔

کوئٹہ: پارلیمانی سیکرٹری سردار زادہ عبدالصمد گورگیج، میر لیاقت لہڑی کا میر ہمراہ جان لانگو کی ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

منشیات کا استعمال سنگین مسئلہ بنتا جارہا ہے، حاجی کفایت اللہ آغا

نوجوانوں کو اس لعنت سے بچانے کے لیے اجتماعی طور پر کردار ادا کرنا ہوگا، گفتگو

کوئٹہ (پ ر) منشیات کا استعمال بلوچستان سمیت پورے ملک میں ایک سنگین مسئلہ بنتا جارہا ہے۔ یہ نہ صرف معاشرتی بگاڑ کا سبب بن رہا ہے بلکہ نوجوانوں کے روشن مستقبل کے لیے بھی ایک سنگین چیلنج بن چکا ہے۔ ہمیں نوجوانوں کو اس لعنت سے بچانے کے لیے اجتماعی طور پر کردار ادا کرنا ہوگا ان خیالات کا اظہار نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی بلوچستان کے چیئرمین سید حاجی کفایت اللہ آغا نے گزشتہ روز مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں منشیات کا استعمال تیزی سے بڑھ رہا ہے اور یہ صوبے کے نوجوانوں کے مستقبل کے لیے ایک خطرہ بن چکا ہے۔ منشیات کا استعمال نہ صرف فرد کی صحت کو نقصان پہنچاتا ہے بلکہ پورے معاشرتی ڈھانچے کو بھی متاثر کرتا ہے۔ نوجوان نسل جو ملک کا مستقبل ہے، اس لعنت میں جکڑ کر اپنی صلاحیتوں کو ضائع کر رہی ہے، جو کہ نہ صرف ان کی ذاتی زندگی بلکہ پورے معاشرے کی ترقی میں رکاوٹ ہے۔ منشیات کے عادی افراد نہ صرف اپنے آپ کو نقصان پہنچا رہے ہیں بلکہ ان کی وجہ سے خاندانوں میں بھی مسائل پیدا ہو رہے ہیں۔ منشیات کے استعمال سے جرائم کی شرح میں بھی اضافہ ہو رہا ہے، جس کا اثر معاشرتی امن پر پڑ رہا ہے۔ ہمیں نوجوانوں کو اس لعنت سے بچانے کے لیے ایک جامع حکمت عملی اختیار کرنی چاہیے۔

لیویز اہلکاروں کی ناگہانی موت پر لواحقین کے ساتھ دلی تعزیت کرتے ہیں، رحیم کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رکن و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، سردار حسن شاہ، جمیل بوستان ایڈووکیٹ، میر وائس ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ، عمر فاروق ایڈووکیٹ، ڈاکٹر منصور نعمت اللہ توقیر بھٹی، امین آغا، ارشاد اچکزئی، ضیاء الحق سردار بہلول اور دیگر نے اپنی تعزیتی بیان میں گزشتہ روز درابن کے قومی شاہراہ پر تحصیل نانا صاحب اور تحصیل کاریزات پشین کے چار لیویز اہلکاروں کی ناگہانی شہادت پر ان کے لواحقین خاندانوں کے ساتھ دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ نااہل صوبائی اور مرکزی حکومت اس قسم کے واقعات کو روک کیسی کس طرح ہوسکتا ہے کہ چار لیویز اہلکاران فرض کے ادائیگی کے لیے چوروں سے پکڑی گئی ٹرک کو واپس کاریزات سب ڈویژن لانے کے لئے گئے تھے لیکن درابن کے شاہراہ پر ان چاروں اہلکاروں کو سرعام فائرنگ کر کے شہید کیا گیا بعد میں گاڑی سمیت چاروں اہلکاروں کو جلایا گیا یہ واقعہ حکومت وقت کے لیے باعث مذمت ہے اور سوالیہ نشان ہے لہٰذا ان تمام واقعات کو مدنظر رکھتے ہوئے فوری طور سے چاروں اہلکاروں کے سرکاری مشیروں کا رتبہ دیا جائے اور فوری طور معاوضہ اور چاروں کے عوض چار افراد کو فوری طور سے ملازمت دی جائے تحریک انصاف عوام کے ساتھ کھڑی جماعت ہے چیف جسٹس اور سدرن کمانڈر فوری طور سے ان واقعات کو روکنے کا سدباب کریں۔

بلوچستان پولیس میں تقرر و تبادلے

کوئٹہ (آن لائن) سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق اضافی چارج ایس ایس پی آپریشن اے ٹی ایف بلوچستان کوئٹہ قمر الزمان، اضافی چارج کمانڈنٹ سی پی سی کوئٹہ محمد اشرف کاکڑ اور کمپنی کمانڈر روٹنگ تربت ڈون گوادر محمد اعظم کو ایس او بلیوچی ٹی ڈی بلوچستان رپورٹ کرنے کی ہدایت کردی گئی۔

ضروری مرمت کے لیے علی زئی گرڈ اسٹیشن سے بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق 132K وی علی زئی گرڈ اسٹیشن پر ٹرانسفارمر بس بار اور لائن بیز کی تنصیب کئے جارہے ہیں۔ اس سلسلے میں 4 فروری (بروز منگل) علی زئی گرڈ اسٹیشن کے تمام فیڈروں سے صبح 10 بجے تا شام 6 بجے بجلی بند رہے گی۔ تاہم کیسکو نے بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

رشید زمان جمعیت طلبہ اسلام کا ایک نڈر اور بہادر کارکن تھا، ملک محمد اویس

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت طلبہ اسلام پاکستان کے مرکزی کنوینر ملک محمد اویس، مرکزی معاون کنوینر عبدالمنان کاکڑ، عبدالغفور سلاچی، نظام الدین خوستی، صوبائی کنوینر جے ٹی آئی بلوچستان حکمت اللہ، ضلعی کنوینر جے ٹی آئی ضلع پشین نقیب اللہ ساگر، ڈپٹی کنوینر محمد محی الدین، شمس الدین تحصیل کاریزات کنوینر امین اللہ، تحصیل نانا صاحب کنوینر شکیل احمد اور دیگر رہنماؤں نے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ رشید زمان جمعیت طلبہ اسلام کا ایک نڈر اور بہادر کارکن تھا۔ رشید زمان جمعیت طلبہ اسلام کے مختلف ذمہ داریوں سے گزرتے ہوئے آخر کار ضلعی مجلس شوریٰ کا رکن بن چکا تھا۔ اس نے اپنی زندگی علماء اور طلباء کی رفاقت میں گزاری اور ہمیشہ پاک کردار اور مخلص رہا۔ وہ ہر موقع پر ثابت قدم رہا اور جمعیت طلبہ اسلام کے مرکزی، صوبائی و ضلعی قائدین اس کے خاندان کے ساتھ غم کی اس گھڑی میں برابر کے شریک ہیں۔ رشید زمان شہید لیویز فورس میں سپاہی کے طور پر اپنی خدمات انجام دے رہا تھا اور ایک مشن پر اپنے رفقا کے ساتھ بلوچستان سے خیبر پختونخوا جا رہا تھا، جہاں درابن کے مقام پر دہشت گردوں نے بے رحمی سے حملہ کرکے شہید کر دیا۔ رہنماؤں نے اس المناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ تمام شہدا کی شہادت کو قبول فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ ان کا کہنا تھا کہ شہید کے لواحقین کو صبر جمیل عطا ہو۔

دودھ معیار کو برقرار رکھنے کیلئے آگاہی عام کی جارہی ہے، فوڈ اتھارٹی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے زیر اہتمام دودھ کے کاروبار سے وابستہ افراد کے لیے خصوصی آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے ہیڈکوارٹر میں منعقدہ ایک روزہ آگاہی سیمینار کے شرکاء کو دودھ کی حفاظت، ذاتی صفائی، ڈیری فارمز اور دکانوں کی صفائی، لائسنسنگ کی اہمیت اور رجسٹریشن جیسے اہم موضوعات پر آگاہی دی گئی۔ سیمینار کا مقصد دودھ کے کاروبار سے وابستہ افراد، ڈیری فارمز، دودھ کی دکانوں اور سپلائرز کو خوراک کی حفاظت سے متعلق جدید طریقہ کار اور معیاری عملی اصولوں (ایس او پیز) سے روشناس کرانا تھا۔ سیمینار میں دودھ اور ڈیری مصنوعات کے محفوظ ذخیرہ کرنے کے طریقے، ویسٹ مینجمنٹ، کیڑے مکوڑوں کی روک تھام اور دیگر اہم موضوعات پر تفصیلی معلومات فراہم کی گئیں۔ اس موقع پر ملک شاپس و ڈیری فارمز مالکان اور ملک سپلائرز نے بی ایف اے ٹیکنیکل ونگ کی کاوش کو سراہتے ہوئے کہا کہ سیمینار سے حاصل کردہ معلومات نہایت کارآمد ہیں جن پر عمل درآمد کرکے وہ دودھ کی ترسیل کے مختلف مراحل میں بہتری لاکر عوام کو محفوظ اور خالص دودھ فراہم کر سکیں گے۔ ترجمان بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے مطابق دودھ کی کوالٹی کے بہتر معیار کو یقینی بنانے اور عوام تک محفوظ و ملاوٹ سے پاک دودھ کی ترسیل کیلئے اتھارٹی مستقبل میں بھی اس نوعیت کے آگاہی پروگرام منعقد کرے گا۔

نیو افغان روڈ، سیٹلائٹ ٹاؤن میں گیس پریشر میں کمی کی شکایات

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) سریاب روڈ نیو افغان روڈ، سیٹلائٹ ٹاؤن، مزدور چورنگی و دیگر علاقوں میں گیس پریشر میں کمی کی شکایات بڑھ گئے ہیں، سوئی سدرن گیس کمپنی انتظامیہ صرف وی وی آئی پی علاقوں میں گیس پریشر چھوڑتی ہے جبکہ نواحی علاقوں اور اس کے اطراف میں گیس نام کی کوئی چیز نہیں، علاقہ مکین رحمت اللہ اچکزئی، عبدالرحمان اچکزئی، حاجی حضرت خان و دیگر نے مشرق کو بتایا ہے کہ سوئی سدرن گیس کمپنی انتظامیہ گیس کی ترسیلات میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے، گیس پریشر میں کمی کی شکایات نہ صرف مذکورہ علاقوں میں ہے بلکہ پشتون آباد، مشرقی بائی پاس اور دیگر علاقوں میں بھی ہے، جس کی وجہ سے عوام کا اعتماد سوئی سدرن گیس کمپنی انتظامیہ پر سے اٹھ گیا ہے لہٰذا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان اور دیگر اعلیٰ حکام سنگین نوعیت کے اس اہم مسئلہ پر فوری نوٹس لیکر شہریوں کو ریلیف دیا جائے اور سوئی سدرن گیس کمپنی حکام سے جواب طلب کرے

تربت تا مند ردیگ روڈ کی تعمیر ترقی کی جانب ایک سنگِ میل

تحریر: چاکر بلوچ

بلوچستان کے ضلع کیچ، جو اپنی جغرافیائی اہمیت اور وسیع رقبے کی بنا پر مشہور ہے، نہ صرف آبادی کے لحاظ سے صوبے کا دوسرا بڑا ضلع ہے بلکہ ایران کے ساتھ طویل سرحدی پٹی ہونے کی وجہ سے معاشی اور تجارتی اہمیت بھی رکھتا ہے۔ ضلع کیچ کی آبادی لاکھوں نفوس پر مشتمل ہے، مگر سفری سہولیات کی عدم موجودگی اور دور دراز علاقوں کو مرکزی مقامات سے نہ جوڑنے کی وجہ سے یہاں کے لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا رہتا ہے۔ بلوچستان کے پسماندہ اضلاع کی ترقی کے لیے وفاقی حکومت نے 2020 میں "ساؤتھ بلوچستان پیکیج" کا اعلان کیا، جس کا مقصد ان علاقوں میں بنیادی ڈھانچے، تعلیم، صحت، اور دیگر شعبوں کی ترقی کو فروغ دینا تھا۔ اس پیکیج کے تحت سڑکوں کا جال بچھانے، صحت کے مراکز قائم کرنے، اور تعلیمی اداروں کو ترقی دینے کے منصوبے شامل ہیں۔ ان منصوبوں میں ایک اہم اور قابل ذکر منصوبہ "تربت تا مند ردیگ باڈر روڈ" کی تعمیر ہے، جو ضلع کیچ کے عوام کے لیے ایک انقلابی قدم ثابت ہوگا۔ منصوبے کا آغاز اور افتتاحی تقریب "تربت تا مند روڈ کے منصوبے کا افتتاح 20 دسمبر 2024 کو ایک شاندار تقریب کے دوران کیا گیا، جس کے مہمان خصوصی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی تھے۔ اس موقع پر سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، میر ظہور احمد بلیدی، میر اصغر رند، حاجی برکت بلوچ، مینا مجید، اور دیگر اہم شخصیات نے شرکت کی۔ عوام، سیاسی رہنماؤں، اور علاقائی عمائدین کی بڑی تعداد بھی اس تقریب میں موجود تھی۔ وزیر اعلیٰ کو منصوبے کی تفصیلات فراہم کرتے ہوئے بتایا گیا کہ اس سڑک کی کل لمبائی 115 کلومیٹر ہے اور اس کی تعمیر پر 19.50 ارب روپے لاگت آئے گی۔ ایف ڈبلیو او (فرنٹیئر ورکس آرگنائزیشن) کو تین سال کی مدت میں اس منصوبے کی تعمیری ذمہ داری دی گئی ہے، جو ملک کے معروف تعمیراتی اداروں میں شمار ہوتا ہے۔ یہ منصوبہ تربت کو مند اور ردیگ باڈر کے ذریعے ایران سے جوڑتا ہے۔ یہ سڑک تربت کے مرکزی شہر کو مند، تمپ، اور ردیگ باڈر سے جوڑے گی، جس سے نہ صرف سفر کا دورانیہ کم ہوگا بلکہ لوگوں کو ایک محفوظ اور بہتر سفری سہولت میسر آئے گی۔ مند کے طلباء و طالبات کو تربت یونیورسٹی اور مکران میڈیکل کالج تک آسان رسائی حاصل ہوگی، جو تعلیمی ترقی کے لیے ایک اہم قدم ہے۔

ماضی میں سفری مشکلات کی وجہ سے طلبہ کو تعلیم حاصل کرنے میں دشواری پیش آتی تھی، لیکن اس منصوبے کی تکمیل کے بعد یہ مسائل ختم ہو جائیں گے۔ مند ایک زرعی علاقہ ہے، جہاں زمیندار اپنی فصلوں کو منڈیوں تک پہنچانے میں مشکلات کا سامنا کرتے تھے۔ اس سڑک کی تعمیر کے بعد مقامی زمیندار اپنی زرعی پیداوار کو تربت، مکران، اور کراچی کی منڈیوں تک آسانی سے پہنچا سکیں گے، جس سے ان کی معاشی حالت بہتر ہوگی۔ مند ردیگ باڈر کی فعالیت سے نہ صرف مقامی تجارت کو فروغ ملے گا بلکہ ایران کے ساتھ قانونی تجارت کے مواقع بھی بڑھیں گے۔ یہ منصوبہ باڈر ٹریڈ کے لیے ایک مضبوط بنیاد فراہم کرے گا، جس سے مقامی کاروباری طبقہ مستفید ہوگا۔ یہ سڑک علاقے میں سیاحت کو فروغ دینے میں بھی معاون ہوگی۔ مند اور تربت کے قدرتی حسن، تاریخی مقامات، اور ثقافتی ورثے تک سیاحوں کی رسائی آسان ہو جائے گی، جو مقامی معیشت پر مثبت اثر ڈالے گی۔ اس منصوبے کے لیے ابتدائی طور پر پانچ ارب روپے جاری کیے گئے ہیں، اور کام تیزی سے جاری ہے۔ اس منصوبے سے علاقے کی معیشت اور معاشرت پر گہرے اور انتہائی مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ یہ منصوبہ مند اور دیگر قریبی علاقوں کی ترقی کے دروازے کھولے گا، جہاں کے لوگ اب تک سفری مشکلات اور بنیادی سہولیات کی کمی کا شکار تھے۔ نوجوان نسل کو تربت کے اعلیٰ تعلیمی اداروں تک رسائی حاصل ہوگی، جو علاقے کی تعلیمی ترقی کے لیے ایک انقلابی قدم ہوگا۔ تعمیراتی کام کے دوران مقامی لوگوں کو روزگار کے مواقع فراہم کیے گئے ہیں، جبکہ اس منصوبے کی تکمیل کے بعد بھی کاروبار اور تجارت میں اضافے کی وجہ سے مزید روزگار پیدا ہوگا۔ بلوچستان کے بعض علاقوں میں امن و امان کی صورتحال ترقیاتی منصوبوں میں رکاوٹ بن سکتی ہے، لیکن حکومت اس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ ان مسائل کو فوری طور پر حل کیا جائے۔ تربت تا مند ردیگ باڈر روڈ کی تعمیر ساؤتھ بلوچستان پیکیج کے تحت ایک اہم اقدام ہے، جو نہ صرف ضلع کیچ بلکہ پورے بلوچستان کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرے گا۔ یہ منصوبہ سفری سہولیات، تعلیم، تجارت، اور زراعت میں بہتری کے ساتھ ساتھ عوام کی زندگی میں مثبت تبدیلیاں لائے گا۔ اگر یہ منصوبہ بروقت اور معیاری انداز میں مکمل ہوتا ہے تو یہ بلوچستان کے عوام کے لیے ایک روشن مستقبل کی بنیاد بنے گا۔

قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے ایس آر ناصر و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

سینئر صحافی جاوید لانگا پر حملے کی مذمت کرتے ہیں، بی یو جے

صحافی سے چھینے گئے کیمرے، نقدی، گاڑی اور دیگر سامان کی برآمدگی کرائی جائے، بیان

کوئٹہ/کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان یونین آف جرنلسٹس (بی یو جے) نے تفتان کے قریب سینئر صحافی جاوید لانگا اور ان کی ٹیم پر مسلح افراد کے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ گن پوائنٹ پر صحافی سے چھینے گئے کیمرے، نقدی، گاڑی اور دیگر سامان کی برآمدگی کے لیے فوری اقدامات کئے جائیں۔ جاوید لانگا کو گزشتہ شب تفتان کے قریب نامعلوم افراد نے اسلحہ کے زور پر روک کر شدید تشدد کا نشانہ بنایا تھا اور صبح 6 بجے تک انہیں اپنے حراست میں رکھا اور بعد میں ٹی وی کیمرے، نقدی اور گاڑی چھین کر انہیں چھوڑ دیا۔ بلوچستان یونین آف جرنلسٹس نے اس بہیمانہ عمل کو صحافیوں کی آزادی اور بنیادی حقوق کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ صوبائی حکومت حملہ آوروں کو فوری گرفتاری اور صحافی سے چھینی گئی گاڑی اور دیگر اشیا کی برآمدگی کے لیے اقدامات کرے۔ بی یو جے نے حکومت سے صوبے میں صحافیوں کی حفاظت اور پیشہ وارانہ سرگرمیوں کے دوران درپیش خطرات دور کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کی اپیل کی ہے اور اس امر پر زور دیا ہے کہ آزاد اور خودمختار صحافت کے اصولوں کی پاسداری کی جائے۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری فنانس برکت رند و اراکین صوبائی اسمبلی ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ ایئر پورٹ پر عالمی معیار کا کارگو کمپلیکس بنایا جائے گا، ٹرمینل مینیجر سردار طارق

بزنس کمیونٹی کو بہت زیادہ فائدہ ملے گا اور کاروبار کو مزید فروغ حاصل ہوگا، چیمبر آف کامرس میں خطاب

کوئٹہ (آئی این پی) سول ایوی ایشن اتھارٹی (سی اے اے) کے ٹرمینل مینیجر سردار طارق، ڈپٹی فیسیلیٹیشن منیجر صابر علی نے کہا ہے کہ کوئٹہ انٹرنیشنل ایئر پورٹ پر جدید ترین سہولیات سے آراستہ عالمی معیار کا کارگو کمپلیکس بنایا جائے گا جس میں میکرو نہیں مائیکرو منیجمنٹ ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کے روز ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے عہدیداران و ممبران کے ساتھ منعقدہ سیشن کے موقع پر کیا۔ اس سے قبل چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے سینئر عہدیداران حاجی عبداللہ اچکزئی، حاجی آغا گل خلجی و دیگر نے بتایا کہ کوئٹہ انٹرنیشنل ایئر پورٹ کے توسیعی منصوبے پر کام خوش آئند ہے مگر ہمیں یہاں کارگو ٹرمینل کی سہولیات میسر نہیں بلکہ بلوچستان سے تعلق رکھنے والے ایکسپورٹرز اور امپورٹرز بذریعہ ہوائی جہاز بیرون ملک تجارتی سامان بھیجنے کے لئے کراچی ایئر پورٹ سے استفادہ حاصل کرتے ہیں جس کی وجہ سے نہ صرف تجارتی سامان کے نقل و حمل میں ہمیں تاخیر کا سامنا ہے بلکہ فریش فروٹ، سبزیاں، گوشت، کھجور، سی فوڈ و دیگر کے خراب ہونے کا بھی احتمال موجود رہتا ہے کوئٹہ سے بڑے پیمانے پر کبھی کارگو سروسز دی نہیں جاسکی ہے اگر یہاں جدید ترین اور عالمی معیار کے مطابق کارگو کمپلیکس کی تعمیر کی جائے تو اس سے بلوچستان کی بزنس کمیونٹی کو بہت زیادہ فائدہ ملے گا اور کاروبار کو مزید فروغ حاصل ہوگا۔ اس موقع پر سول ایوی ایشن اتھارٹی (سی اے اے) کے ٹرمینل منیجر سردار طارق، ڈپٹی فیسیلیٹیشن منیجر صابر علی و دیگر کا کہنا تھا کہ ان کی آمد کا مقصد بلوچستان کی بزنس کمیونٹی کے کارگو سروسز بارے ضروریات کو جاننا ہے ہمیں جب یہاں سے بیرون ملک بھیجے جانے والے تجارتی سامان کا کچھ اندازہ ہوگا تب ہم کارگو کمپلیکس کی فیزیبلٹی رپورٹ اور پی سی ون بنانے کے قابل ہوں گے۔

CORRIGENDUM

With reference to the advertisement No. 712/23-01-2025 published in daily newspapers dated 24th January 2025 regarding Annual Rate of Contracting Notice. The following correction may be notified.
PEC Registration should be read as C6 instead on C4. Other terms and condition will remain the same.

CHIEF OFFICER
MUNICIPAL CORPORATION
HUB

AB No.747/03-02-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

With reference to the advertisement to B-PPRA and Daily newspaper under PRQ No.2908/20-01-25 regarding the Purchase & Installation of Solar System for Art & Culture Center at Alamdar Road, Quetta and Art Gallery at Quetta (TSE-242501627623, TSE-242501627683). In the said advertisement the opening date may be treated as 10 th February, 2025.

DEPUTY DIRECTOR
DIRECTORATE OF CULTURE

PRQ No.3145/03-02-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

ٹیسٹ وانٹرویو کی تاریخ میں توسیع

سیف بلڈ ٹرانسفیوژن کیچ اور ٹیچنگ ہسپتال کیچ تربت کے اشتہار بعنوان "درخواستیں مطلوب ہیں" اخبار میں تاریخ 17-01-2025 بحوالہ اشتہار PRQ No 2884 مختلف پوسٹوں کیلئے مشتہر کیا گیا تھا ان کی تحریری ٹیسٹ و انٹرویو کی تاریخ میں توسیع کی جاتی ہے گریڈ 5 تا 14 کی تحریری ٹیسٹ مورخہ 25-02-2025 کو ہوں گے جبکہ 01 تا 14 کی انٹرویو مورخہ 27-02-2025 کو ہوگی۔

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ
ٹیچنگ ہسپتال کیچ تربت

PRQ No 3158/03-02-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اطلاع عام

حکومت بلوچستان کی جانب سے "بلوچستان واٹر پالیسی" 2024 کی منظوری کے بعد صوبے بھر میں خاص طور پر ضلع کوئٹہ میں ڈسٹرکٹ واٹر کمیٹی اور بلوچستان واٹر بورڈ کی اجازت (این او سی) کے بغیر کسی بھی طرح ٹیوب ویل کی تنصیب پر مکمل پابندی عائد کی جاتی ہے بغیر اجازت کے ٹیوب ویل کی ڈرلنگ غیر قانونی تصور ہوگی جس پر موجودہ واٹر پالیسی اور رولز کے تحت قانونی چارہ جوئی کی جائیگی۔

سیکرٹری صوبائی واٹر بورڈ/ڈی جی واٹر ریسورسز
ڈائریکٹوریٹ اریگیشن ڈیپارٹمنٹ بلوچستان

PRQ No 3159/03-02-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

With reference to the advertisement published in Daily newspaper vide PRQ No.3007/24-01-25 regarding the Z2023.0193 CONSTRUCTION OF TEHSILDAR OFFICE AT REHMAN ABAB SUFAID under TSE-242501632673 where mistakenly the bid Security was quoted 2% instead of 4%.
BID SECURITY MAY BE READ AS 4%
other terms and conditions will remain same

EXECUTIVE ENGINEER-BUIULDING
CW PP&H DEPARTMENT DISTRICT
KOHLU

PRQ No.3164/03-02-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

وفاقی حکومت بلوچستان کیلئے سنجیدہ اقدامات اٹھا رہی ہے، آغا شاہ زیب

صوبائی حکومت کیساتھ ملکر بے امنی اور انتشار پھیلانے کی کوشش کو بھرپور انداز میں ناکام بنائیں گے

وزیراعظم پاکستان امن کے قیام ترقی وخوشحالی کے لئے سنجیدگی سے اقدامات اٹھا رہے ہیں، ن لیگ

پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما سینیٹر آغا شاہ زیب درانی نے کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور پارٹی کی قیادت بلوچستان میں امن استحکام اور ترقی کے لئے کوشاں ہے۔ وزیراعظم کا دورہ کوئٹہ اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ وفاقی حکومت صوبے میں بے امنی پھیلانے والوں کیخلاف کارروائی کے لئے سنجیدہ اقدامات اٹھا رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا سینیٹر آغا شاہ زیب درانی نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف نے دورہ کوئٹہ کے موقع پر واضح طور پر یہ پیغام دے دیا ہے کہ معصوم بے گناہوں کا خون بہانے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی بلوچستان کے امن کو تہہ وبالا کرنے والی قوتوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا جس طرح وزیراعظم پاکستان نے امن کے قیام ترقی وخوشحالی کے لئے سنجیدگی سے اقدامات اٹھا رہے ہیں وہ اس بات کا مظہر ہے کہ وفاقی حکومت صوبائی حکومت کیساتھ ملکر ہر اس سازش کو نیست ونابود کر دے گی جس کے ذریعے یہاں بے امنی اور انتشار پھیلانے کی کوشش کی جارہی ہے

وزیراعظم محمد شہباز شریف کا کوئٹہ پہنچنے پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل استقبال کر رہے ہیں

ڈیرہ مراد جمالی میں کار اور موٹر سائیکل میں تصادم کے نتیجے میں ایک شخص زخمی ہوگیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں کار اور موٹر سائیکل میں تصادم کے نتیجے میں ایک شخص زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق پیر کو ڈیرہ مراد جمالی کی حدود بیر چوکی کے قریب تیز رفتار کار اور موٹر سائیکل کے درمیان تصادم کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار شخص زخمی ہوگیا پولیس نے زخمی کو فوری طور پر ہسپتال پہنچا دیا۔ پولیس نے فرار ہونے والے کار ڈرائیور کا پیچھا کرتے ہوئے گاڑی سمیت حراست میں لے لیا، ڈیرہ مراد جمالی میں کار اور موٹر سائیکل میں تصادم کے نتیجے میں ایک شخص زخمی ہوگیا

کشمیری عوام کی بھارتی مظالم کیخلاف جدوجہد کی مثال نہیں ملتی، بی اے پی

دنیا کے ہر فورم پر بلوچستان عوامی پارٹی کے قائدین کشمیریوں کی آزادی کیلئے آواز بلند کرے گی

کشمیر میں بھارت کی جانب آئے روز انسانی حقوق کی خلاف ورزی کی جارہی ہے، سینیٹر نصیب اللہ بازئی

کوئٹہ (اے پی پی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر وسابق سینیٹر نصیب اللہ بازئی نے کہا ہے کہ کشمیری عوام کی 75 سالوں سے بھارتی مظالم کے خلاف جدوجہد کی مثال نہیں ملتی دنیا نے بھارتی مظالم وظلم وجبر پر خاموشی اختیار کی ہوئی ہیں بھارت نے 5 اگست 2019ء کو کشمیری کی خصوصی حیثیت ختم کیا جس پر اقوام متحدہ سمیت دیگر عالمی تنظیمیں خاموش رہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوم یکجہتی کشمیر 5 فروری کے حوالے سے اپنے جاری کردہ پیغام میں کیا۔ نصیب اللہ بازئی نے کہا کہ بدقسمتی ہے کہ کشمیر میں بھارت کی جانب آئے روز انسانی حقوق کی خلاف ورزی کی جارہی ہے، کشمیر کا خصوصی حیثیت ختم کیا گیا خواتین پر تشدد کیا جارہا ہے لیکن انسانی حقوق کی عالمی تنظیمیں اور اقوام متحدہ تمام تر صورتحال پر چشم پوشی اختیار کر کے ظالم بھارتی حکومت کو ملامت نہیں کررہا جو انتہائی افسوسناک ہے یہ بات بھی مسلمہ حقیقت ہے کہ کوئی بھی طاقت عوامی جذبے اور طاقت کے سامنے بزور بندوق زیادہ دیر تک اپنا تسلط قائم نہیں رکھ سکتا، بھارت جتنا بھی ظلم کرے ایک دن وہ کشمیریوں پر ہونے والے مظالم کا جواب دے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی اپنے کشمیری بہن بھائیوں کے ساتھ ان کے جدوجہد میں شریک ہیں

پولیو کے خاتمے کیلئے تمام مکتبہ فکر کو اپنا مثبت کردار ادا کرنا ہوگا، نسیم الرحمن

پولیو پر قابو نہ پانے کی وجوہات میں گنجان آبادی، بنیادی سہولیات کا فقدان، طبی مسائل اہم ہیں، مشیر ماحولیات

آنے والی نسلوں کو ایک صحت مند پاکستان فراہم کرنا ہے تاکہ وہ ملک وملت کی ترقی یقینی بنائی جا سکے، اظہار خیال

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمن خان ملاخیل نے کہا ہے کہ پولیو ایک موذی مرض ہے جس کا تدارک انتہائی ضروری ہے پاک صاف ماحول اور ویکسینیشن کے ذریعے اس مہلک مرض سے نجات ممکن ہے اس کے خاتمے کے لیے تمام مکتبہ فکر کو اپنا مثبت کردار ادا کرنا ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے حالیہ پولیو مہم کے آغاز پر کیا ان کا کہنا تھا کہ گزشتہ 25 برس سے ہم اس موذی مرض کے خلاف برسرپیکار ہیں لیکن ابھی تک اس پر قابو نہیں پا سکیں ہیں۔ پولیو پر قابو نہ پانے کی وجوہات میں گنجان آبادی، بنیادی سہولیات کا فقدان، طبی مسائل اور لوگوں میں پائے جانے والے خدشات نہایت اہم ہیں انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ اس مہم کو کامیاب کرنے میں بھرپور تعاون کریں اور پولیو ٹیموں کی معاونت کریں تاکہ اس بیماری کا جڑ سے خاتمہ کیا جا سکے انہوں نے علماء کرام، سیاستدانوں اور سماجی رہنماؤں اور والدین سے بھی اپیل کی کہ پولیو کے خلاف مہم میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں ان کا مزید کہنا تھا کہ ہم نے آنے والی نسلوں کو ایک صحت مند پاکستان فراہم کرنا ہے

بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کی نو منتخب کابینہ کو مبارکباد

کوئٹہ (آئی این پی) ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کے سابق نائب صدر وسینئر ممبر سید حاجی عبدالاحد آغا نے بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے صدر خلیل احمد ودیگر کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ صحافی کسی بھی معاشرے میں آنکھ اور کان کی حیثیت رکھتے ہیں ہمیں امید ہے کہ بی یو جے کی نو منتخب کابینہ حق اور سچ کی آواز ہمیشہ کی طرح بلند رکھے گی انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں صحافی تمام تر نامساعد حالات کے باوجود بہترین انداز میں فرائض انجام دے رہے ہیں ہمیں امید ہے کہ بی یو جے کی نئی کابینہ نا صرف صوبے کو درپیش مشکلات و چیلنجز کو ہر فورم پر پیش کرے گی بلکہ وہ صحافی برادری کو درپیش مشکلات کے خاتمے کیلئے بھی بھرپور کردار ادا کرے گی

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، پارلیمانی سیکرٹری نوابزادہ زرین مگسی سے بات چیت کر رہے ہیں

ڈی جی گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی اعلیٰ سطحی وفد کا این ای ڈی یونیورسٹی کراچی کا دورہ

دونوں اداروں کے درمیان ایک مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کیے گئے

گوادر/کراچی (خ ن) ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈیولپمنٹ اتھارٹی شفقت انور شاہوانی کی سربراہی میں ایک اعلیٰ سطحی وفد نے این ای ڈی یونیورسٹی کراچی کا دورہ کیا، جہاں دونوں اداروں کے درمیان ایک مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کیے گئے۔ اس معاہدے کے تحت این ای ڈی یونیورسٹی، جی ڈی اے کو استعداد کار میں اضافے کی تربیت، کیمونٹی مشاورت، بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کے انجینئرنگ جائزے، تاریخی ورثے کی عمارتوں کے مؤثر استعمال، شہر کی پرانی آبادی خصوصاً شاہی بازار اور ماڈل ونچ منصوبے کے قیام و بحالی میں تکنیکی معاونت فراہم کرے گی۔ تقریب میں این ای ڈی یونیورسٹی کے ڈین ڈاکٹر نعمان، رجسٹرار سید غضنفر حسین اور دیگر فیکلٹی ممبران شریک ہوئے۔ اس تاریخی معاہدے جی ڈی اے کی جانب سے گوادر کی جدید طرز پر تعمیر و ترقی کے عزم کو ظاہر کرتی ہے جو گوادر کی ترقی کو پائیدار بنیادوں پر استوار کرنے کے لیے اکیڈمی اور ترقیاتی اداروں کے مابین اشتراک کو فروغ دینے کا عملی ثبوت ہے۔

ڈیرہ مراد جمالی پولیس نے موٹر سائیکل چور کو گرفتار کرلیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس نے موٹر سائیکل چور کو گرفتار کر کے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لی پولیس کے مطابق خفیہ اطلاع پر چھاپے کے دوران پولیس نے موٹر سائیکل چور شوکت علی کو گرفتار کر کے اسکے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لی پولیس نے گرفتار ملزم سے مزید تفتیش شروع کردی۔

خضدار کے علاقے میں تیز رفتار موٹر سائیکل سے گر کر تین افراد زخمی

کوئٹہ (این این آئی) خضدار کے علاقے میں موٹر سائیکل سے گرنے سے 3 افراد زخمی ہوگئے ریسکیو ذرائع کے مطابق پیر کو خضدار کے علاقے وڈاکھالہ میں تیز رفتار موٹر سائیکل سے گرنے سے 3 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں مرکز 1122 کے رضاکاروں نے ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ایمبولینس کے ذریعے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال خضدار منتقل کر دیا

پی ٹی سی ایل اور ایم ٹرونک نے جدید آئی او ٹی سہولیات کے ذریعے گھروں کو خودکار بنانے کیلئے اشتراک قائم کرلیا

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) پاکستان کے صف اول کے ٹیلی کام و آئی سی ٹی ادارے، پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن کمپنی لمیٹڈ (پی ٹی سی ایل) اور اسمارٹ ہوم سلوشنز فراہم کرنے والی کمپنی، ایم ٹرونک (MTronic) نے جدید انٹرنیٹ آف تھنگز (IoT) سہولیات کے ذریعے لوگوں کے طرز زندگی میں انقلابی تبدیلی لانے کے لیے ایک اسٹریٹجک شراکت داری قائم کی ہے۔ اس تعاون کا مقصد سستی، باسہولت اور صارف دوست گھریلو ٹیکنالوجیز کے ذریعے ایک جدید طرز زندگی متعارف کرانا ہے۔

صحافی اپنی جان پر کھیل کر مقدس فریضہ کو سرانجام دے رہے ہیں، اویس جدون

پی ایف یو جے ایوارڈ کیلئے منتخب ہونے والے صحافیوں کو مبارکباد پیش کرتے ہیں

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین بلوچستان انٹیلیکچول تھنک ٹینک اویس جدون نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے سال 2024/25 کیلئے انٹیلیکچول سول ایوارڈ اور جرنلسٹ آف دی ایئر نثار عثمانی ایوارڈ کی تقریب تقسیم انعامات 21 فروری 2025 صبح 11 بجے نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں منعقد کی جائے گی جس میں ملک میں صحافت کے شعبہ میں نمایاں خدمات سرانجام دینے والے ملک کے اہم صحافیوں کو انٹیلیکچول سول ایوارڈز جن نیلسن منڈیلا ایوارڈ قائداعظم ایوارڈ امام خمینی ایکسیلینس ایوارڈ نثار عثمانی جرنلسٹ ایوارڈ علامہ اقبال گولڈ میڈل باچا خان ایوارڈ خان شہید ایوارڈ مفتی محمود ایوارڈ اور بی بی شہید ایوارڈ سے نوازا جائے گا اس موقع پر اویس جدون نے کہا کہ پاکستان میں صحافی اپنی جان پر کھیل کے اس مقدس فریضہ کو سرانجام دے رہے ہیں اور ہم انکی اس جدوجہد کو سراہتے ہیں اور انکی حوصلہ افزائی اور پذیرائی کیلئے پی ایف یو جے کے اشتراک سے ایسی عظیم شخصیات کو ایوارڈز سے ہر سال نوازتے ہیں اور یہ عظیم فریضہ مستقبل میں بھی جاری رہے گا۔ ایوارڈ کیلئے منتخب ہونے والوں میں افضل بٹ، ناصر زیدی، اقبال جعفری، شہزادہ ذوالفقار، سلیم شاہد، ارشد انصاری، لالا اسد پٹھان، فوزیہ شاہد، طارق ورک، نیر علی، لالا رحمان، خالد کھوکھر، انگر جتوئی، آصف بشیر چوہدری، طاہر حسن خان، آصف ظہیر خان، عامر سجاد سید، سحرش کھوکھر، ناصر حسین شامل ہیں آخر میں اویس جدون نے منتخب ہونے والوں کو مبارکباد پیش کی

صوبائی وزراء میر ظہور بلیدی، میر صمد گورگیج اراکین اسمبلی میر صادق سنجرانی، میر عبید گورگیج بات چیت کر رہے ہیں

وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ کوئٹہ کے مثبت نتائج برآمد ہونگے، میر سلیم کھوسہ

وفاقی وصوبائی حکومتوں اور سیکورٹی اداروں نے عزم کیا جلد صوبے سے دہشت گردی کا خاتمہ کر کے ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرینگے، وزیر مواصلات

بلوچستان کے امن، ترقی اور خوشحالی کے دشمنوں کے ناپاک عزائم کبھی کامیاب نہ ہونے دیں گے عوام افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، بات چیت

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم کھوسہ نے وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف کے دورے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعظم کا دورہ کوئٹہ کے دوررس نتائج برآمد ہوں گے صوبے سے جلد دہشت گردی کا خاتمہ کیا جائے گا وزیراعظم، سیکورٹی اداروں اور حکومت بلوچستان نے عہد کیا ہے کہ بلوچستان سمیت ملک بھر سے دہشت گردی کا خاتمہ کر کے دم لیں گے کیونکہ دہشت گرد اور فساد پھیلانے والے صوبے کے ترقی کے دشمن ہیں جو بلوچستان کو ترقی سے روکنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں بلکہ ان کی بھول ہے بلوچستان کو ترقیافتہ اور خوشحال صوبہ بنا کر رہیں گے یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے کیخلاف افواج پاکستان اور پاکستانی عوام شانہ بشانہ کھڑے ہیں جلد بلوچستان سے دہشت گردی کا خاتمہ کیا جائے گا اور بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا وفاقی وصوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت و شر کی فضاء پھیلانے والے عناصر بلوچستان کی ترقی کے دشمن ہیں، بلوچستان کے عوام کے تحفظ کیلئے سیکورٹی فورسز شر پسند عناصر کے سد باب کیلئے دن رات مصروف عمل ہیں، بلوچستان کے امن، ترقی اور خوشحالی کے دشمنوں کے ناپاک عزائم کبھی کامیاب نہ ہونے دیں گے انہوں نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف کا دورہ کوئٹہ کے دوررس اور مثبت نتائج برآمد ہوں گے وزیراعظم نے امن وامان سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس میں شرکت کی اور اجلاس میں ان کو امن وامان سے متعلق بریفنگ دی گئی اجلاس میں وفاقی وصوبائی حکومتوں اور سیکورٹی اداروں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جلد صوبے سے دہشت گردی کا خاتمہ کر کے بلوچستان کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرینگے۔

جنگل پیر علیزئی، ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ محمد ریاض خان جاری پولیو مہم کے دوران ٹیموں کا جائزہ لے رہے ہیں

ہم سب کو ملکر ملک کو پولیو سے پاک کرنا ہوگا، ڈی سی کیچ

پولیو سے نجات کا واحد راستہ قطرے پلانے میں ہے، اسماعیل ابراہیم

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ اسماعیل ابراہیم نے بچوں کو پولیو ویکسین کا قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر دیا انسداد پولیو مہم کے افتتاحی تقریب میں ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز مکران ڈویژن ڈاکٹر محمد اسلم آزار، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کیچ ڈاکٹر عبدالروف بلوچ، پی پی ایچ آئی کے ڈی ایس ایم ڈاکٹر منیر احمد رند، یونیسیف کے سی او ذوہیب حسن، ایم این سی ایچ کو آرڈینیٹر ڈاکٹر فضل جان بلوچ، اور ڈسٹرکٹ پولیو فوکل پرسن شریف علیان رند، پولیو ڈی ای ایم فوکل پرسن شکیل احمد، ڈی پی آر او فوکل پرسن محمد جان تجرانی نے شرکت کی تقریب سے ڈپٹی کمشنر کیچ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ڈسٹرکٹ کیچ کے پیدائش سے لے کر پانچ سال تک کے تمام بچوں کو پولیو ویکسین پلایا جائے تاکہ ضلع کیچ کو پولیو کے وبا سے مکمل طور پر محفوظ کیا جا سکے انہوں نے کہا کہ ڈسٹرکٹ کیچ کے تمام یو سی ایم اوز اور ایریا انچارجز مہم کے دوران اپنی فرنٹ لائن ٹیموں کے ساتھ موجود رہیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ کوئی بچہ پولیو جیسا ویکسین پلانے میں رہ نہ جائے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کیچ ڈاکٹر عبدالروف بلوچ نے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ پولیو سے نجات کا واحد راستہ پولیو کے قطرے پلانے میں ہے اور ہم سب نے مل کر اپنے ملک کو پولیو سے پاک کرنا ہوگا

پولیو مہم میں رکاوٹ ڈالنے والوں کیخلاف سخت کاروائی کی جائیگی، ڈی سی زیارت

19 یونین کونسل میں 22265 بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے، ذکاء اللہ درانی

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر ذکاء اللہ درانی نے بچوں کو قطرے پلا کر پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر ڈی ایچ او زیارت ڈاکٹر یاسر طاہر، محکمہ صحت کے باقی افسران سمیت ڈبلیو ایچ او اور یونیسف کے نمائندے بھی موجود تھے۔ ڈی ایچ او نے کہا کہ ضلع زیارت میں 19 یونین کونسل میں انسداد پولیو مہم کے دوران 22265 بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے۔ ضلع زیارت میں 139 موبائل ٹیمیں گھر گھر جا کر 5 سال سے کم عمر بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں گے اور اس سلسلے میں 29 فکسڈ سائٹس اور 12 ٹرانزٹ پوائنٹس بھی بنائے گئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر زیارت ذکاء اللہ درانی نے کہا تمام پولیو ٹیموں کو مکمل سیکیورٹی فراہم کر دی گئی ہے، زیارت میں کوئی نو گو ایریا نہیں لیکن اس کے باوجود اگر کسی نے بھی انسداد پولیو مہم میں رکاوٹ ڈالنے والوں کے خلاف سخت کاروائی کی جائے گی، حکومت کے ساتھ والدین کی بھی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ اپنے پانچ سال تک کے بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے ضرور پلائیں تاکہ ایک بچہ بھی قطروں سے محروم نہ رہ جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پولیو ایک خطرناک مرض ہے اس کی ملک میں موجودگی نیک شگون نہیں اس موذی مرض کے خاتمے کے لیے تمام مکاتب فکر کے افراد کو کردار ادا کرنا ہوگا تب ہی ہم مرض کا خاتمہ کر سکتے ہیں۔

گوادر، ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی شفقت انور شاہوانی اور این ای ڈی یونیورسٹی کراچی کے فیکلٹی ڈین ڈاکٹر نعمان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر رہے ہیں

تعلیمی اداروں میں منشیات فروشی کیخلاف کریک ڈاؤن خوش آئند، محسن نقوی

منشیات خصوصاً آئس فروخت کرنے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائی جاری رکھی جائے، وفاقی وزیر داخلہ

منشیات کی سمگلنگ کی روک تھام کیلئے ایئر پورٹس پر چیکنگ مزید سخت کی جائے اے این ایف کی کارکردگی لائق ستائش ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ و نارکوٹکس کنٹرول محسن نقوی نے ملک بھر میں تعلیمی اداروں میں منشیات کی فروخت کے خلاف جاری کریک ڈاؤن پر ڈی جی اے این ایف میجر جنرل عبدالمعید اور ان کی ٹیم کی کارکردگی کو سراہا۔ محسن نقوی نے ہدایت کی ہے کہ تعلیمی اداروں میں منشیات خصوصاً آئس فروخت کرنے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائی جاری رکھی جائے۔ انہوں نے کہا کہ منشیات کی سمگلنگ کی روک تھام کیلئے ایئر پورٹس پر چیکنگ مزید سخت کی جائے اور سرحدی علاقوں میں ڈرونز کے ذریعے منشیات کا کاروبار کرنے والے عناصر کے خلاف بلا امتیاز ایکشن لیا جائے۔ محسن نقوی نے کہا ہے کہ منشیات کے بڑے ڈیلرز کو ہر صورت قانون کی گرفت میں لایا جائے۔ انہوں نے سعودی عرب سے پاکستانی خاندان کی رہائی اور وطن واپسی کے لیے ڈی جی اے این ایف میجر جنرل عبدالمعید اور ان کی ٹیم کو شاباش دی۔ انہوں نے کہا کہ محدود وسائل کے باوجود اے این ایف کی کارکردگی لائق ستائش ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ و نارکوٹکس کنٹرول محسن نقوی کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں منشیات کی خرید وفروخت روکنے کے لیے اہم فیصلے کیے گئے۔

سیکرٹری زراعت نور احمد پرکانی کو لگائے گئے درختوں کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں

ڈی سی گوادر کا میر عبدالغفور ٹیچنگ ہسپتال کا دورہ، مریضوں کو درپیش مسائل کا جائزہ لیا

ڈائیلیسس کے مریضوں کو مکمل سپورٹ فراہم کی جائے گی، حمود الرحمن کا مریضوں کی عیادت

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر حمود الرحمن نے میر عبدالغفور ٹیچنگ اسپتال کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہسپتال کی مجموعی صورتحال، طبی سہولیات اور مریضوں کو درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) ڈاکٹر حفیظ بلوچ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبداللطیف دشتی اور دیگر متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے دورے کے دوران ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کو درپیش چیلنجز اور وسائل کی دستیابی کا بغور معائنہ کیا۔ انہوں نے نئی عمارت میں منتقل ہونے والی او پی ڈی (آؤٹ پیشنٹ ڈیپارٹمنٹ) اور لیبارٹری کا دورہ کرتے ہوئے وہاں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے مریضوں سے ان کے مسائل اور مشکلات بھی دریافت کیے۔ ڈپٹی کمشنر حمود الرحمن نے خصوصی طور پر ڈائیلیسس سینٹر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے داخل مریضوں کی عیادت کی اور طبی آلات کی دستیابی اور معیار کا جائزہ لیا۔ ایم ایس ٹیچنگ اسپتال ڈاکٹر حفیظ بلوچ ڈائیلیسس سینٹر میں مریضوں کو درپیش مسائل اور علاج کے اخراجات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ جنوری کے مہینے میں 83 مریضوں کو ڈائیلیسس کی سہولت فراہم کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے مریضوں کی بہتر دیکھ بھال اور طبی سہولیات میں بہتری کے لیے ہسپتال انتظامیہ کو ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ ڈائیلیسس کے مریضوں کو مکمل سپورٹ فراہم کی جائے گی اور اس حوالے سے کسی بھی قسم کی کمی کو پورا کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ ہسپتال میں علاج معالجے کی سہولیات کو مزید بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں، تاکہ مریضوں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

سائنسدان زرعی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے بہترین کوششیں وقف کریں، نور احمد پرکانی

زیتون کی نرسری، زعفران فیلڈ سمیت مختلف پھلوں کی نرسریوں کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے، سیکرٹری زراعت

زرعی تحقیق کے موثر آپریشن کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات جاری رکھے جائیں، افتتاح کے بعد شرکاء سے اظہار خیال

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری زراعت اور کوآپریٹو ڈیپارٹمنٹ نے زرعی تحقیقاتی ادارے کا دورہ اور ادارے کے نئے زرعی سائنسی جریدے کا افتتاح کیا۔ سیکرٹری زراعت اور کوآپریٹو ڈیپارٹمنٹ نور احمد پرکانی نے 3 فروری 2025 کو ایگریکلچر ریسرچ انسٹی ٹیوٹ سریاب کوئٹہ کا دورہ کیا۔ سیکرٹری نے مختلف ڈائریکٹوریٹ کا دورہ کیا اور نئے زرعی سائنسی جریدے کا افتتاح کیا۔ سیکرٹری کا دورہ ریسرچ فروٹ فارم سے شروع ہوا جہاں انہیں کاشت کی جانے والی مختلف پھلوں کی نرسریوں کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ نرسری میں مقامی اور غیر ملکی دونوں قسمیں ہیں۔ مارچ میں رعایتی نرخوں پر کسان برادری میں تقسیم کی جائیں گی۔ اس اقدام کا مقصد کسانوں کو اعلیٰ معیار کے پودے فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے زیتون کی نرسری، زعفران فیلڈ اور سوائل اینڈ واٹر ٹیسٹنگ لیبارٹری کا بھی دورہ کیا۔ انہوں نے زرعی سائنسدانوں کے مختلف مسائل سننے کے بعد انہیں یقین دلایا کہ ان مسائل کو فوری طور پر حل کیا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ ڈائریکٹرز کو زرعی تحقیق کے موثر آپریشن کو یقینی بنانے کیلئے موقع پر ضروری ہدایات بھی جاری کیں۔ ڈائریکٹر جنرل ایگریکلچر ریسرچ عبدالرؤف کاکڑ نے سیکرٹری کو ادارے میں ہونے والی تحقیق کی اہمیت سے آگاہ کیا۔ سیکرٹری نے ڈائریکٹوریٹ آف ایگری بزنس کے ایک ملازم کے ذریعہ تیار کردہ اختراعی ڈیوائس کا بھی مشاہدہ کیا۔ یہ انوکھی مشین دوہری افعال انجام دیتی ہے نمبر 1 چوزوں کی پرورش کے لیے انڈے کو کنٹرول شدہ ماحول میں رکھنا اور کنٹرول شدہ ماحول میں بیج سے پودوں کی نرسریوں کی پرورش کرنا۔ سیکرٹری نے ادارے کے ڈائریکٹرز سے ملاقات کی اور قومی معیشت میں زراعت کے اہم کردار پر زور دیا۔ انہوں نے سائنسدانوں پر زور دیا کہ وہ جدید زرعی طریقوں کے چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے خود کو وقف کریں۔ "زراعت ہمارے ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے،" سیکرٹری زراعت نے سائنسدانوں سے گزارش کی کہ وہ سخت محنت کریں اور جدید زرعی طریقوں کے چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے اپنی بہترین کوششیں وقف کریں۔ انہوں نے زور دیا کہ تحقیق کو کسانوں کو درپیش عملی مسائل پر مبنی ہونا چاہیے۔ اس دورے کی ایک خاص بات ایگریکلچر ریسرچ سائنٹیفک جرنل کا افتتاح تھا۔

حکمت اللہ کاکڑ اغوا، کیخلاف ملک عمران کاکڑ آج پریس کانفرنس کرینگے

کوئٹہ (این این) متحدہ قومی موومنٹ بلوچستان کے صدر ملک عمران کاکڑ نے حکمت اللہ کاکڑ کے اغوا اور حبس بے جا میں رکھنے کے خلاف آج بروز منگل شام چار بجے کوئٹہ پریس کلب میں اہم پریس کانفرنس کریں گے اور اہم انکشافات اور آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کیا جائیگا۔

45 کسٹمز ایجنٹس کے لائسنس بحال نہ ہوئے تو کام بند کردیں گے، کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن

اسلام آباد (این این آئی) کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن نے 45 ایجنٹس کے معطل لائسنس بحال کرنے کا مطالبہ کردیا۔ کسٹمز حکام سے مذاکرات کے پہلے دور کے بعد آل پاکستان کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن کے چیئرمین سیف اللہ خان نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ محکمہ کسٹمز نے 3 روز قبل ایک مقدمہ درج کرکے بغیر شوکاز کے 45 ایجنٹس کے لائسنس معطل کردیئے۔ لائسنس بحال نہ کئے گئے تو ہم ہڑتال نہیں اپنا کام بند کر دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کسٹمز اپریزر جی ڈی کلیئر ہونے پر اپنے واٹس ایپ گروپ کے ذریعے پیسوں کا مطالبہ کرتا تھا۔ جی ڈی کلیئرنس کے بعد رشوت کیلئے بلیک میل کیا جاتا تھا جو کہ صرف بھتہ تھا۔ اس افسر نے کسٹم ایجنٹس نہیں بلکہ خود رابطے کرتا تھا۔ چیف کلکٹر 45 کلیئرنگ ایجنٹس کے لائسنس کی بحالی سے معذوری کا اظہار کر رہے ہیں، شام 4 بجے چیف کلکٹر نے دوبارہ اجلاس طلب کیا ہے لیکن ان کا رویہ ٹھیک نہیں لگ رہا۔ چیئرمین کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن نے کہا کہ اپریزر نے پرال کیساتھ مل کر واٹس ایپ گروپ بنایا تھا

حضورؐ نے شعبان کو اپنا مہینہ قرار دیا، ذوالفقار طارق

ماہ شعبان میں کثرت سے درود پڑھنے والے کو قرب الٰہی حاصل ہوتا ہے، گفتگو

کوئٹہ (آئی این پی) اہلسنت والجماعت کے رہنما ذوالفقار علی طارق قادری نے آستانہ عالیہ فیضان اولیاء میں وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہر دن ہر ماہ کو اللہ تعالیٰ نے اہمیت کا حامل رکھا ہے لیکن کچھ مہینوں کو اللہ کریم نے خصوصی طور پر نوازا ہے تو اسی مہینے میں ہمیں کثرت سے توبہ و استغفار درود شریف ذکر اذکار کا اہتمام کرنا چاہیے شعبان کے مہینے کو اللہ کے رسول ﷺ نے روزہ جیسی مقدس و مبارک عبادت کے ساتھ مخصوص قرار دیا ہے آپ ﷺ کا تعامل تھا کہ آپ ﷺ شعبان کے مہینے میں جس کثرت اور پابندی سے روزوں کا اہتمام فرماتے تھے وہ رمضان المبارک کے علاوہ کسی ماہ میں دیکھنے کو نہ ملتا تھا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شعبان کو اپنا مہینہ قرار دیا اور اس ماہ کی حرمت و تعظیم کو اپنی حرمت و تعظیم قرار دیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس ماہ میں کثرت سے روزے رکھتے اور دیگر اعمال صالحہ بجالاتے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ماہ رمضان اللہ تعالیٰ کا مہینہ ہے اور ماہ شعبان میرا مہینہ ہے شعبان (گناہوں سے) پاک کرنے والا ہے اور رمضان (گناہوں کو) ختم کر دینے والا مہینہ ہے ماہ شعبان کی اہمیت وفضیلت کا اس امر سے بھی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اس مہینے میں بندوں کے اعمال اللہ تعالیٰ کے حضور پیش کئے جاتے ہیں حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں عرض کیا یا رسول اللہ میں آپ کو سب مہینوں سے زیادہ شعبان المعظم کے مہینے میں روزے رکھتے دیکھتا ہوں اس کی کیا وجہ ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا یہ وہ مہینہ ہے جس سے لوگ غافل اور سست ہیں رجب اور رمضان المبارک کے درمیان یہ وہ مہینہ ہے جس میں اعمال رب العالمین کے حضور پیش کئے جاتے ہیں

گوادر، ڈپٹی کمشنر حمود الرحمن NID کے تحت بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا آغاز کر رہے ہیں

ملک کے بیشتر علاقوں میں تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان

پہاڑوں پر ہلکی برفباری ہوسکتی ہے، بالائی شہروں میں بارش ہوگی

اسلام آباد (آن لائن) محکمہ موسمیات نے ملک کے بیشتر علاقوں میں تیز ہواؤں کے ساتھ بارش اور پہاڑوں پر ہلکی برفباری کا امکان ظاہر کیا ہے۔ آج رات موسم کی صورتحال کے حوالے سے محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ شمال مغربی بلوچستان اور بالائی خیبر پختونخوا میں چند مقامات پر ہلکی بارش اور پہاڑوں پر ہلکی برفباری کی توقع ہے۔ منگل کے روز موسم کی صورتحال کے حوالے سے موسم کا حال بتانے والوں کا کہنا ہے کہ اسلام آباد اور گردونواح میں موسم سرد اور مطلع جزوی ابر آلود رہنے کا امکان ہے، خیبر پختونخوا کے بیشتر اضلاع میں موسم سرد اور خشک رہے گا تاہم چترال، دیر، سوات، کوہستان، مانسہرہ، ایبٹ آباد، بٹگرام، کرم اور باجوڑ میں مطلع ابر آلود رہنے کے علاوہ چند مقامات پر تیز ہواؤں/گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش اور ہلکی برفباری کی توقع ہے۔ پنجاب کے بیشتر اضلاع میں موسم سرد اور خشک جبکہ مری، گلیات اور گردونواح میں مطلع جزوی ابر آلود رہنے کے علاوہ تیز ہواؤں کے ساتھ ہلکی بارش اور برفباری کی توقع ہے اس دوران راولپنڈی، جہلم، گجرات، چکوال، سیالکوٹ، نارووال اور گردونواح میں مطلع جزوی ابر آلود رہنے کے علاوہ گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ ہلکی بارش ہوسکتی ہے، جبکہ لاہور، شیخوپورہ، قصور، اوکاڑہ، ننکانہ صاحب، سیالکوٹ، نارووال، گوجرانوالہ اور حافظ آباد میں صبح کے اوقات میں ہلکی سے درمیانی دھند پڑنے کی توقع ہے۔ بلوچستان صوبہ کے بیشتر اضلاع میں موسم سرد اور خشک جبکہ شمالی علاقوں میں شدید سرد رہے گا۔ سندھ کے صوبہ کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک اور سرد رہے گا۔ گلگت بلتستان اور کشمیر میں موسم شدید سرد اور مطلع جزوی ابر آلود رہنے کے ساتھ چند مقامات پر ہلکی بارش اور ہلکی برفباری کی توقع ہے۔ دوسری جانب آج کم سے کم درجہ حرارت لیہ میں منفی 11 ریکارڈ کیا گیا

کوئٹہ، صوبائی دارالحکومت میں پینے کے صاف پانی کی قلت کے باعث شہری ایم سی کے نل سے پانی بھر رہے ہیں

کلی درانی شالدرہ و گردونواح میں گیس بجلی غائب، شہری رل گئے

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے کلی درانی شالدرہ و گردونواح میں شدید سردی میں گیس غائب اور پریشر میں کمی سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے منفی ٹمپریچر کے موسم میں شہریوں کو نہ ہی گیس اور نہ ہی بجلی میسر ہے شہریوں کا حکام بالا سے گیس اور بجلی کی فراہمی یقینی بنانے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ کے علاقے کلی درانی شالدرہ مدرسہ روڈ و گردونواح میں شدید سردی میں ایک جانب گیس کی عدم فراہمی دوسری جانب کیسکو نے بجلی بھی بند کردی ہے شدید سردی میں شہریوں کو نہ ہی گیس اور نہ ہی بجلی میسر ہے گیس نہ ہونے سے خواتین کو امور خانہ داری جبکہ بچے بزرگوں اور عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

غیر ملکیوں کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کیلئے راغب کر رہے ہیں، بلال کاکڑ

بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کاروبار میں آسانی اور سرمایہ کاری کے مواقع کو فروغ دینے میں اپنا کردار ادا کر رہا ہے

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق بلوچستان کو خوشحال اور ترقی یافتہ بنانے کیلئے کوشاں ہیں، چیئرمین بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ بلوچستان میں کاروبار میں آسانی اور سرمایہ کاری کے مواقع کو فروغ دینے میں اپنا کردار ادا کر رہا ہے، ہم وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق بلوچستان کو خوشحال اور ترقی یافتہ بنانے کیلئے کوشاں ہیں اور وہ دن دور نہیں جب بلوچستان عالمی سطح پر تجارتی سرگرمیوں کا مرکز بنے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں بزنس کمیونٹی کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ (BBoIT) قومی اور بین الاقوامی تجارتی سرگرمیوں کیلئے سرگرم عمل ہے۔ ہم ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کے ساتھ مختلف چینلز کے ذریعے رابطے قائم کر کے انہیں بلوچستان میں سرمایہ کاری کیلئے راغب کر رہے ہیں، گزشتہ دنوں اسلام آباد میں 10 سے زائد ممالک کے قونصل جنرلز اور سفیروں کے ساتھ اقتصادی تعاون کو بڑھانے کے لیے ملاقاتیں کی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ریگولیٹری کے عمل کو ہموار اور ضروری معلومات اور معاون خدمات فراہم کر کے سرمایہ کاری میں سہولت فراہم کرتا ہے

CORRIGENDUM

Reference to advertisement AB No.728/28-1-2025 published in daily newspapers dated 29-01-2025 having TSE-242501636553, TSE-242501636533, TSE-242501636473, TSE-242501636413, TSE-242501636433, TSE-242501636383, TSE-242501636363. The evaluation criteria are modified and uploaded/updated. The other terms and conditions and ToRs shall remain the same. For other details please visit download the revised bidding documents from BPPRA official website
https://bppthree.vdc.services/tenderssearch/.

Director Works Quetta
Development Authority

AB No.749/03-02-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اطلاع برائے ٹائپنگ ٹیسٹ/انٹرویو

وہ تمام امیدوار جنہوں نے ڈائریکٹوریٹ آف اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان میں جونیئر کلرک کے تحریری ٹیسٹ دیے تھے جو کہ بحوالہ اشتہار نمبر PRQ No 2807 10-01-2025 کو اطلاع دی جاتی ہے کہ بوجہ عام تعطیل (کشمیر ڈے) 5 فروری 2025، کے ٹائپنگ ٹیسٹ اور انٹرویو مورخہ 6 فروری 2025 بروز جمعرات کو ہونگے۔ مزید برآں جونیئر کلرک اور کانسٹیبل کے تحریری ٹیسٹ میں کامیاب امیدواران ہی ٹائپنگ ٹیسٹ و انٹرویو دینے کے اہل ہونگے اور انہیں بذریعہ SMS اطلاع دی جائیگی۔ کامیاب امیدواروں کی لسٹ ویب سائٹ https://aceb.gob.pk/ پر بھی دی جائیگی۔

ٹائپنگ ٹیسٹ انٹرویو شیڈول

انٹرویو	تاریخ	وقت	مقام
جونیئر کلرک ٹائپنگ ٹیسٹ اور انٹرویو	6 فروری 2025 جمعرات	صبح 10:00 بجے	سرکل آفس کوئٹہ
کانسٹیبل انٹرویو	12 فروری 2025 بدھ	صبح 10:00 بجے	سرکل آفس کوئٹہ
چوکیدار انٹرویو	13 فروری 2025 جمعرات	صبح 10:00 بجے	سرکل آفس کوئٹہ
نائب قاصد انٹرویو	14 فروری 2025 جمعہ	صبح 10:00 بجے	سرکل آفس کوئٹہ
خاکروب انٹرویو	17 فروری 2025 سوموار	صبح 10:00 بجے	سرکل آفس کوئٹہ
پارٹ ٹائم سویپر انٹرویو	18 فروری 2025 منگل	صبح 10:00 بجے	سرکل آفس کوئٹہ

ڈپٹی ڈائریکٹر (ایڈمن) ڈائریکٹوریٹ آف اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان

PRQ No 3146/03-02-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

PAKISTAN ENGINEERING COUNCIL

CORRIGENDUM

Reference to the **"Request for Expressions of Interest"** for Concept Development and Pre-Feasibility study for the establishment of the Professional Development National Academy (PDNA) at DHA City, Karachi advertised on 29th December 2024, in daily newspapers, a corrigendum is published to notify the following updates:

1. The qualification of the consulting firms has been changed to "Turnover of at least PKR 500 Million per year in the last 3 completed financial years prior to the submission of this proposal.".
2. The deadline for submission has been extended up to **February 14, 2025 (Friday) till 5:00 p.m. PST.**
3. Other Terms and Conditions published in earlier advertisement shall remain the same.

REGISTRAR

Pakistan Engineering Council HQ,
Ataturk Avenue (East), Sector G-5/2, Islamabad
Email: adnan.khan@pec.org.pk, Phone: 051-9219500,9219036-37 Ext: 296

PID(I)5296/24

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن ہالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ
ٹیلی فون نمبر:۔ 2829164-2821538-2821626 فیکس نمبر:۔ 2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

منگل 4 فروری 2025ء

دہشت گردی کے خاتمے اور بلوچستان کی ترقی کا غیر متزلزل عزم!!

وزیراعظم شہباز شریف نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں جان کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر سپوتوں کو بھرپور خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ قوم کے بہادر سپوتوں کی عظیم قربانیوں کی بدولت پاکستان عظیم قوت بن کر ابھرے گا اور سرخرو ہوگا انہوں نے دہشت گردی کے خاتمے اور بلوچستان کی تعمیر و ترقی کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گرد بلوچستان کے امن، ترقی اور خوشحالی کے دشمن ہیں اس وقت ہمیں اتحاد و اتفاق اور سیاسی تفریق سے بالاتر ہونے کی ضرورت ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کے روز یہاں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں امن و امان کی صورتحال سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف گزشتہ روز کوئٹہ کے دورے پر آئے اور یہاں قلات و بلوچستان کے دیگر اضلاع میں دہشت گردوں سے بہادری سے لڑتے ہوئے زخمی ہونے والے سکیورٹی فورسز کے اہلکاروں کی عیادت کی انہوں نے جوانوں کی بہادری اور ہمت پر انہیں خراج تحسین پیش کیا اور زخمی جوانوں سے بات چیت کرتے ہوئے ملک کی خاطر قربانی کے جذبے اور وطن کی حفاظت کے ان کے غیر متزلزل عزم کو سراہا۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے ناسور کے ملک سے مکمل خاتمے کے لئے افواج پاکستان اور پاکستانی عوام شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ بلوچستان میں دہشت و شر کی فضا پھیلانے والے عناصر بلوچستان کی ترقی کے دشمن ہیں۔ بلوچستان کے عوام کے تحفظ کے لئے سکیورٹی فورسز شر پسند عناصر کے سد باب کے لئے دن رات مصروف ہیں بلوچستان کے امن، ترقی اور خوشحالی کے دشمنوں کے ناپاک عزائم کبھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے یہاں اس بات کا ذکر بھی ضروری اور برمحل ہے کہ حالیہ کچھ عرصے کے دوران بلوچستان اور کے پی میں دہشت گردی کے واقعات میں گو کہ ہم نے شہدا دیئے ہیں مگر اس دوران غیر معمولی کامیابیاں بھی حاصل ہوئی ہیں اور انشاء اللہ سیاسی و عسکری قیادت کے دوٹوک فیصلوں اور عملی اقدامات نیز عوام کی بھرپور شراکت داری سے ہم جلد ہی دہشت گردی سمیت تمام چیلنجز سے نمٹنے میں کامیاب اور سرخرو ہوں گے پاک فوج کے سربراہ جنرل عاصم منیر کا دہشت گردی کے خلاف دوٹوک عزم کسی سے پوشیدہ نہیں انہوں نے بلوچستان میں حالیہ دنوں پیش آنے والے واقعات کے بعد کسی قسم کی لگی لپٹی رکھے بغیر واضح کیا کہ نام نہاد دوست نما دشمن کچھ بھی کریں ان کو شکست ضرور ملے گی، دشمنوں کو قوم اور مسلح افواج کی قوت سے شکست ہوگی وطن کے دفاع کے لئے جب بھی ضرورت پڑی ہم جوابی کارروائی کریں گے اور دفاع وطن کے لئے جب بھی ضرورت پڑی، یہ لوگ جہاں کہیں بھی ہوں ان کا پیچھا کیا جائے گا وزیراعظم نے بھی دہشت گردوں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے اور کہا ہے کہ عسکری قیادت، سپاہ سالار اور افواج پاکستان حکومت کے ساتھ مل کر پر امن بلوچستان کے لئے دن رات کوشاں ہے۔ پوری قوم بلوچستان کے امن کے لئے کوشاں سکیورٹی فورسز، پولیس اور ضلعی انتظامیہ و دیگر اداروں کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ کوئٹہ میں وزیراعظم کی زیر صدارت منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس (جس میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وفاقی وزراء خواجہ آصف، عطاء اللہ تارڑ، اویس لغاری گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی و دیگر اعلیٰ حکام شریک تھے) کو امن و امان کی صورتحال، ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت اور دیگر اہم صوبائی امور پر بریفنگ دی گئی وزیراعظم شہباز شریف کا اس موقع پر کہنا تھا کہ مجھے قوی امید ہے کہ ایسے جوانوں و دلیر سپوتوں کے ہوتے ہوئے سپہ سالار کی لیڈر شپ میں اور وزیراعلیٰ بلوچستان کی سربراہی میں افواج پاکستان کے افسران اور جوان جس طرح فرائض کی ادا کر رہے ہیں وہ پاکستان، بلوچستان اور خیبر پختونخوا کو امن کا گہوارہ بنائیں گے جو پاکستان کی ترقی و خوشحالی کے سفر کے لئے لازمی شرط ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ آج سیاسی تفریق یا سیاست کا وقت نہیں، ہم پھر سیاست کر لیں گے لیکن آج قوم کو جس بڑے چیلنج کا سامنا ہے اس کا اتحاد و اتفاق کے ساتھ مقابلہ کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ ملک میں امن ہو تو سیاست بھی ہوگی اور سیاسی میدان بھی سجیں گے۔ اس وقت ہمیں اپنی تمام توانائیاں پورے خلوص کے ساتھ دہشت گردوں کے مقابلے میں صرف کرنی ہیں آج اتحاد و اتفاق کی ضرورت ہے وزیراعظم کا کہنا تھا انشاء اللہ ہم مل کر فتح یاب ہوں گے اور پاکستان سرخرو ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ دہشتگرد بلوچستان کے امن، ترقی و خوشحالی کے دشمن ہیں، وہ نہیں چاہتے کہ بلوچستان کے لوگ خوشحال، نوجوان تعلیم یافتہ اور برسر روزگار ہوں بلوچستان کی ترقی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ بلوچستان کی ترقی کا سفر جاری و ساری رہے گا بلوچستان کی تعمیر و ترقی کا سفر فی الواقع جاری ہے اور انشاء اللہ یہ جاری رہے گا دہشت گردی کے ناسور کی اگر بات کی جائے تو پوری دنیا جانتی ہے کہ گزشتہ ڈیڑھ عشرے کے دوران پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں نہ صرف بھاری جانی و مالی قربانیاں دی ہیں بلکہ جرات و بہادری کی داستانیں بھی رقم کی ہیں اس راہ میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء پوری قوم کے ہیروز ہیں دہشت گردی کے ناسور پر قابو پانے کے لئے اس وقت قومی قیادت پوری طرح یکسو ہے اور جیسا کہ وزیراعظم نے کہا ہے کوئی شک نہیں کہ ہم ہی اس جنگ میں کامیاب ہوں گے اور دہشت گردی کا خاتمہ یقینی ہوگا تاہم کامیابی کے جلد از جلد حصول اور کم سے کم نقصان کے لئے ضروری ہے کہ ہم بحیثیت قوم یکجہت ہوں اگر ہم یکجہت ہوں گے تو ہم جلد کامیاب ہوں گے وزیراعظم نے بالکل بجا کہا ہے کہ اس وقت ہمیں اتحاد و اتفاق اور یکجہتی کی جس قدر ضرورت ہے آج سے پہلے کبھی نہ تھی سیاست ہوتی رہے گی دیگر معاملات زندگی اور معمولات زندگی بھی چلتے رہیں گے مگر وقت کی ضرورت اور حالات کا تقاضا یہ ہے کہ پوری قوم یکجہت ہو اور قومی قیادت کی پشت پر پہاڑ بن کر کھڑی رہے انشاء اللہ ہم کامیاب ہوں گے اور کامیابی و کامرانی کی منزل ہمارا مقدر ہوگی رہ گئی بلوچستان کی تعمیر و ترقی کی بحث تو کوئی شک نہیں کہ ماضی میں مختلف وجوہات کی بناء پر یہ صوبہ تعمیر و ترقی کے سفر میں قدرے پیچھے رہ گیا تھا مگر یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ حالیہ کچھ عرصے کے دوران صوبے کے طول و عرض میں ترقی و خوشحالی کے غیر معمولی اور انتہائی قابل ستائش منصوبے شروع ہوئے ہیں بہت سے منصوبے مکمل، بہت سے منصوبے تکمیل کے مراحل میں ہیں اور بہت سارے منصوبے مستقبل قریب کے لئے زیر غور ہیں انشاء اللہ وہ دن دور نہیں جب بلوچستان سمیت پورے ملک میں امن اور خوشحالی کا سورج ہر سو اپنی کرنیں بکھیرے گا اور ارض پاک ترقی و استحکام کی منزل تک پہنچے گا۔

نئی عالمی تجارتی جنگ کا خدشہ

تجارت

مثبت سوچ کے ذریعے فیصلے کرنے کی ضرورت

اظہار خیال

محمد رمضان اچکزئی

ramzanachakzai59@gmail.com

اپنے آشیانوں کو مسمار ہوتے دیکھنا کیسا ہے؟

سیاسیات

مونا خان

ہندوستان کے وائسرائے کرزن کی بیٹیوں کی کہانی (2)

اظہار خیال



وقار مصطفی

امریکی امداد کی بندش اور عالمی معیشت

اظہار خیال



عمران یعقوب خان

اسلام آباد ہائیکورٹ میں تین نئے ججوں کی تعیناتی

برملا



نصرت جاوید

ٹرمپ جیسا لیڈر چاہیے

اظہار خیال

ایاز امیر

پروفیسر عادل بھٹی! ایک عہد ساز شخصیت

تحریر: ڈاکٹر طلعت شبیر

گزشتہ ہفتے جمعرات کا دن ہمارے لیے اداسی کا پیغام لئے طلوع ہوا جب یہ دل خراش خبر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر گونجی کہ پروفیسر عادل بھٹی اپنے چاہنے والوں کو داغ مفارقت دے کر خالق حقیقی کے پاس حاضر ہو گئے۔ زندگی اور موت کا باہمی تعلق ازل سے ہے اور ابد تک رہتی دنیا تک رہے گا۔ لیکن کچھ لوگوں کی موت عام واقعہ نہیں ہوتی بلکہ ان کی بھرپور انداز میں گذاری گئی زندگی ان کی موت کو ایک بڑا واقعہ بنا دیتی ہے۔ اور ایسے لوگ کچھ لوگوں کی زندگی میں اتنے اہم ہوتے ہیں کہ ان کے نہ ہونے سے خلا پیدا ہوتا ہے۔ یوں ایسے لوگوں کی موت ایک صدمہ ہوتی ہے اور ان سے جدائی ایک گہرے گھاؤ کا سبب۔ اگر بھی کوئی ایسا شخص دنیا سے رخصت ہو جائے جو اپنے اردگرد بسنے والوں کے لیے منفعت کا باعث رہا ہو تو ایسے شخص کی جدائی کا خلا بھی مشکل سے پُر ہوتا ہے۔ موت ایک فطری امر ہے مگر اچھے لوگوں کی زندگی ان کو امر کر دیتی ہے۔ انہوں نے 1971ء میں پنجاب یونیورسٹی سے معاشیات میں ایم اے کیا۔ آپ نے 1968ء پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کی اور پھر زندگی بھر پیپلز پارٹی کی سیاست سے جڑے رہے۔ وہ پیپلز پارٹی کی ترقی پسندانہ زاویے، انسان پر مرکوز سیاست اور روٹی کپڑا اور مکان کے معترف تھے اور اکثر ملاقاتوں میں ان پر اظہار خیال کرتے۔ وہ پاکستان میں جمہوریت اور آزادی کے نظریات کا پرچار کرتے رہے اور مشکلات کے باوجود اپنے موقف پر قائم رہے۔ وہ سیاسی نظریے کے لیے مسلسل جدوجہد پر یقین رکھتے تھے۔ یہی وجہ تھی کہ جلد ہی انہوں نے سرکاری ملازمت سے استعفیٰ دے دیا اور جمہوریت سے متعلق اپنے نظریات کے موثر اظہار کے لیے عملی سیاست میں شمولیت اختیار کی۔ 1979ء میں وہ کچھ عرصہ کے لیے اسلام آباد سے شائع ہونے والے ایک ممتاز انگریزی اخبار کی ادارتی ٹیم میں شامل ہوئے اور اس وقت کی حکومت کے غیر منصفانہ اقدامات کی مخالفت کرتے رہے۔ مئی 1981ء میں ان کے خلاف مقدمہ درج ہوا اور انہیں معلوم ہو گیا کہ ان کے لیے ایسے سیاسی خیالات کے ساتھ رہنا مشکل ہے تو انہوں نے ملک چھوڑنے کا فیصلہ کیا۔ بیرون ملک رہتے ہوئے بھی انہوں نے پاکستان میں جمہوریت کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھی۔ وہ انسانی حقوق کی کونسل کے بانی جنرل سیکرٹری تھے جس نے بے نظیر بھٹو کی رہائی کے لیے تسلسل سے احتجاج اور مظاہرے کیے تھے۔ 1983ء میں انہوں نے لیبر پارٹی میں بھی شمولیت اختیار کی تاکہ مقامی حکومت کی سطح پر بھی حصہ لیا جا سکے۔ ان کا اٹھنا بیٹھنا وقت کی بڑی سیاسی و سماجی شخصیات کے ساتھ ہوتا تھا۔ وہ نیلسن منڈیلا سے مل چکے تھے اور سابق وزیر اعظم بے نظیر بھٹو کے بہت قریبی ساتھیوں میں تصور ہوتے تھے۔ آپ کی شخصیت کا ادبی پہلو بھی تھا۔ ادب، صحافت اور سیاسی خدمات کی بدولت وہ ہم عصر شخصیات میں نمایاں اور ممتاز رہے۔ آخری چند سالوں میں جب وہ پاکستان آتے تو زیادہ وقت گاؤں گزارتے۔ وہ گاؤں سے بہت محبت کرتے تھے اور ان کی یہ محبت ان کی شاعری اور گفتگو میں جھلکتی تھی۔ وہ چاہتے تھے کہ آخری سانس وہیں لیں جہاں ماں نے لوری سنائی تھی۔ وہیں مٹی کا بستر بچھے جہاں بچپن میں انہوں نے مٹی کے گھروندے بنائے تھے۔ جہاں بارش کی بوندوں میں وہ بھاگتے پھرتے تھے۔ اور جس کا اظہار انہوں نے اپنی شاہکار نظم میں بھی برملا کیا۔ آخری چند سالوں میں میری مختصر ملاقاتوں میں ہونے والی گفتگو کی روشنی میں میرا خیال ہے کہ اگر وہ اپنی کوئی آخری خواہش منوانے کا استحقاق رکھتے تو وہ شاید اپنی مٹی میں دفن ہونے کی خواہش کرتے۔ رہا سوال موت کا تو ہر ذی روح نے موت کا ذائقہ چکھنا ہے اور ہمیں بہر طور اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

نصیر آباد، شہری ایکشن کمیٹی کے چیئرمین میر محمد رحیم لہڑی احتجاجی ریلی کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

جانوروں کو بیماریوں سے بچانے کیلئے دوائیاں دینے کا آغاز کر دیا

80 ہزار جانوروں کو موسمی بیماریوں سے بچانے کیلئے علاج و معالجہ کیا جا رہا ہے

خضدار (آن لائن) محکمہ لائیو سٹاک خضدار کی جانب سے ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں بیماریوں سے بچانے کیلئے جانوروں کے علاج و معالجہ کی جا رہی ہے محکمہ جانوروں کے کیمپنگ اور علاج کیلئے فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن FAO جو کہ مال مویشیوں کو ہر قسم کی بیماریوں سے پاک رکھنے کیلئے مکمل تعاون اور سپورٹ کر رہا ہے اس موقع پر محکمہ لائیو سٹاک خضدار کے ڈسٹرکٹ آفیسر ڈاکٹر محمد انور زہری نے جانوروں کے علاج معالجہ کے بارے میں ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خضدار کے مختلف علاقوں باغبانہ زیدی، بھلونک اور نال وغیرہ سمیت دیگر علاقوں میں جانوروں کے علاج و معالجہ کیلئے کیمپنگ اور جانوروں کو بیماریوں سے بچا کیلئے دوائیاں دینے کیلئے آغاز کر دیا گیا ہے حالیہ سردی کے موسم میں متاثرہ جانوروں کو دوائی دی جائے گی اس سلسلے میں 15 روزہ فری کیمپ کا انعقاد کیا گیا ہے جس کے تحت 80 ہزار جانوروں کو موسمی بیماریوں سے بچا کیلئے علاج و معالجہ کی جا رہی ہے انہوں نے کہا اقوام متحدہ کے ادارہ ایف اے او کے تعاون مختلف علاقوں میں 4 ڈاکٹروں پر مشتمل ٹیمیں وقتاً فوقتاً کیمپ لگائے گئے ہیں جو کہ پندرہ روز تک اسی ہزار سے زائد جانوروں کو علاج کیا جائے گا ڈاکٹر محمد انور زہری نے کہا کہ کیمپوں میں لائیو سٹاک کی جانب سے انتظامات لگانے کا جائزہ لیا گیا انکا کہنا تھا کہ جانوروں کو بیماریوں سے بچا کیلئے علاج بے حد ضروری ہے جن لوگوں کے روزگار کا انحصار مال و مویشی پر ہے محکمہ لائیو سٹاک کی جانب سے خدمات پیش ہے ایف اے او نے جو پروگرام شروع کیا ہے اس کے بہتر نتائج برآمد ہونگے انہوں نے مزید کہا خضدار کے مختلف علاقوں میں جانوروں کو دوائیاں دیئے جائیں گے اقوام متحدہ اس مرحلے میں باغبانہ زیدی، بھلونک اور نال سمیت کیمپ لگائی گئی ہے جس میں ہزاروں کی تعداد جانوروں کو علاج کیا جا رہا ہے جو کہ لائیو سٹاک ہر وقت متحرک ہے اور اپنی جانب سے بھرپور کوشش کر رہے ہے تاکہ ہم اپنی طرف سے بیماریوں پر قابو پایا جا سکے اور جانوروں کو بیماریوں سے بچا کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں گے۔

پشین، جمعیت کے اجلاس کی صدارت تحصیل امیر مولانا عطاء اللہ آغا کر رہے ہیں

کسی صورت میں ملازمین کے حقوق پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، عبداللہ رند

بلوچستان گرینڈ الائنس نصیر آباد کا اجلاس، 15 ٹریڈ یونینز کے عہدیداران کی شرکت

نصیر آباد (نامہ نگار) بلوچستان گرینڈ الائنس نصیر آباد کے ملازمین کا یہ اجلاس ڈویژنل صدر عبداللہ رند کی صدارت میں منعقد ہوا، ملازمین کے حقوق کے تحفظ کے حوالے سے ایک اہم پیش رفت ہے اس اجلاس میں 15 ٹریڈ یونینز کے عہدیداران اور ممبران کی بڑی تعداد میں شرکت حکومت کی پالیسیوں کے خلاف اتحاد اور یکجہتی کا مظہر ہے اجلاس کے دوران عبداللہ رند اور کامریڈ نذیر احمد مستوئی نے خطاب کرتے ہوئے حکومت کی جانب سے محکمہ ہیلتھ اور ایجوکیشن کو نجی شعبے میں دینے کی پالیسیوں کو سختی سے مسترد کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ ایسی کسی بھی پالیسی کے خلاف تمام یونینز متحد ہیں اور کسی بھی صورت میں ملازمین کے حقوق پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

جنگلی پیر علیزئی ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ محمد ریاض خان پولیو مہم کی یونٹ میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

نصیر آباد: آل پارٹیز، انجمن تاجران کی جانب سے شہریوں کو درپیش مسائل کیخلاف احتجاجی ریلی

ڈیرہ مراد جمالی میں قبرستان نہ ہونے کے وجہ سے لوگ اپنے پیاروں کو دفنانے کے لئے پریشان ہیں، ضلعی حکومت قبرستان کیلئے وقف اراضی کا قبضہ سے خالی کرائے

بائی پاس کی عدم تعمیر کے باعث تاجر برادری اور شہریوں کو مشکلات درپیش ہیں، بائی پاس کا کام مکمل نہیں کیا گیا، کئی بار احتجاج کیا لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی، مظاہرین

نصیر آباد، ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگاران) ڈیرہ مراد جمالی شہر کے بائی پاس کی تعمیر میں تاخیر اور شہری قبرستان کی واگزار اور دیگر شہریوں کو درپیش مسائل کے خلاف شہری ایکشن کمیٹی کے چیئرمین میر محمد رحیم لہڑی کی قیادت میں آل پارٹیز انجمن تاجران سوشل ایکٹوسٹ کسان مزدور اور سماجی رہنماؤں کی جانب سے ڈیرہ مراد جمالی مال پڑی سے شہر میں بہت بڑی احتجاجی ریلی نکالی گئی احتجاجی ریلی شہری ایکشن کمیٹی کے سینئر نائب صدر علامہ عبدالحکیم انقلابی۔ وڈیرہ عاشق علی عمرانی۔ جنرل سیکرٹری عبدالرزاق ہنگوری۔ جاگن خان مغیری۔ محمد شریف ابڑو۔ ہندو پنچائیت کے صدر تارا چند داسو مل غلام مصطفیٰ کورار۔ انجمن تاجران کے صدر تاج بلوچ۔ ہول سیل کے صدر میر جان مینگل۔ دوکانداران تاجران کے صدر خان جان ہنگورئی۔ علی گل لانگو۔ اللہ ڈنہ وغیرہ سید قادر شاہ و سید بہار شاہ۔ امداد مری سید گل شاہ سید بہار شاہ حافظ صاحب علی تنیو سمیت دیگر شہریوں کی بڑی تعداد شریک تھے مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ڈیرہ مراد جمالی شہر قبرستان نہ ہونے کے باعث علاقے کے لوگ اپنے پیاروں کو دفنانے کے لئے بھی پریشان ہیں حالانکہ قبرستان کے لیکھومت کی جانب سے 12 ایکڑز زمین مین بائی وے جنوبی ڈیرہ مراد جمالی میں موجود ہے لیکن انتظامیہ کی جانب سے عدم توجہی کے باعث قبرستان میں عوام اپنے پیاروں کو دفنانے سے گریزاں ہیں ضلعی حکومت کو چاہیے کہ قبرستان کے لئے سرکاری جانب سے وقف اراضی کو قبضہ سے خالی کرائی جائے بائی پاس کی عدم تعمیر کے باعث ڈیرہ مراد جمالی کے تاجر برادری اور شہری کافی پریشان ہے دوسری جانب مین شاہراہ پر دیگر شہروں کو جانے والے سفر کرنے والے لوگوں اور بھاری ٹرانسپورٹ کو آنے جانے میں پریشانی کا سامنا ہے بائی پاس کا کام مکمل نہیں کیا گیا ہے جو کام کو شروع میں کیا گیا اس کے کام کام نام و نشانات تک نہیں ہے اس سلسلے میں کئی بار احتجاج کیا گیا مگر کوئی شنوائی نہیں ہوئی ہے بائی پاس نہیں ہونے کے باعث ڈیرہ مراد جمالی شہر میں ٹریفک جام ہونا روز کا معمول بن چکا ہے اور ٹریفک حادثات پیش آ رہے ہیں قیمتی جانیں ضائع ہو رہی ہیں انہوں نے کہا کہ شہر میں 2010 اور 2022 کے بارشوں اور سیلابوں کے بعد گیس نہ ہونے کے برابر ہے لیکن شہری باقاعدگی سے سوئی سدرن گیس کے کمپنی کی بلوں کو ادا کر رہے ہیں

خضدار، ریٹائرڈ ڈی ایس پی سعد اللہ زہری و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

عوام کے مسائل انکی دہلیز پر حل کرینگے، سعید خان لانگو

قلات (این این آئی) جمیعت علماء اسلام پاکستان قلات کے جنرل سیکرٹری اور بلوچستان اسمبلی کے حلقہ PB-36 سے امیدوار سردار زادہ میر سعید خان لانگو نے کہا ہے کہ عوامی خدمت پر یقین رکھتے ہیں، عوام کے مسائل سے اچھی طرح واقف ہیں، انکے تمام مسائل انکی دہلیز پر حل کرینگے، نو فروری کو ہونے والے ضمنی انتخاب میں جیت عوام کی ہی ہوگی، انتخاب کے حوالے سے ہماری تیاریاں بالکل مکمل ہیں، انہوں نے ان خیالات کا اظہار حلقے میں مختلف مکتبہ فکر کے لوگوں سے ملاقات کے دوران کیا سردار زادہ میر سعید خان لانگو کا مزید کہنا تھا کہ منتخب ہو کر عوامی مسائل کو پوری دیانت داری سے حل کرینگے اور بلوچ عوام کے دیرینہ مسائل حل کر کے انہیں ترقی و خوشحالی کے راستے پر گامزن کریں گے اپنا پیغام عوام تک پہنچا رہے ہیں اور عوام کی طرف سے بھی ہمیں بھرپور پذیرائی مل رہی ہے، ہم پہلے بھی یہ انتخاب جیتے تھے اور اب کے دفعہ بھی عوامی قوت سے یہ انتخاب جیت کر اپنے عوام اور اہل علاقہ کی خدمت کا مشن جاری رکھیں گے اس موقع پر ملاقات کرنے والے افراد نے سردار زادہ میر سعید خان لانگو پر اپنے مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے انہیں حلقے کیلئے بہترین انتخاب قرار دیا۔

سکندر آباد انتظامیہ میرے بیٹوں کو فوری بازیاب کرائیں، سعد اللہ زہری

اپنے قبائل اور عزیز و اقارب کے ساتھ آئندہ کا لائحہ عمل طے کرونگا، پریس کانفرنس

خضدار (ویب رپورٹ) خضدار مولہ کے رہائشی و ریٹائرڈ پولیس آفیسر ڈی ایس پی سعد اللہ جام زہری نے اپنے دیگر عزیز و رشتہ داروں وڈیرہ محمد حنیف جام ماسٹر محمد عظیم جام میر قائم خان جام میر داد کریم جام عبدالغنی جام نور احمد جام کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں دو روز قبل جمعہ کے دن اپنے دو بیٹوں الطاف اور شیراز کے ہمراہ خضدار سے اپنی کار گاڑی میں کوئٹہ کی طرف سفر کر رہا تھا کہ سوراب ڈسٹرکٹ کے ایریا لاکھوریان میں ایک نامعلوم گاڑی نے ہمارا تعاقب شروع کر دیا جس سے بچنے کے لئے میرے بیٹے الطاف نے گاڑی کی رفتار تیز کر دی اس نتیجے میں ہماری گاڑی بے قابو ہو کر الٹ گئی۔ تعاقب کرنے والی گاڑی میں سوار افراد مسلح تھے۔ پریس کانفرنس میں انہوں نے ایف آئی آر کی کاپی دکھاتی درج ذیل افراد محمد اشرف جام علی مرتضیٰ جام محمد عارف جام اور غلام مرتضیٰ جام پر اغوا کا الزام عائد اور ان کے نام ایف آئی آر میں درج کیا گیا تھا۔

ڈی سی کا گاڑیوں کے کالے شیشے صاف کرنے کیلئے ایک ہفتے کا الٹی میٹم

اور نجکاری کی زیر صدارت ای سی سی کا اجلاس ہوا، جس میں بنیادی اشیاء ضروریہ کی قیمتوں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے مطابق کمیٹی نے چینی، سبزیوں اور خوردنی تیل کی قیمتوں میں اضافے پر تشویش کا اظہار کیا اور وزارت صنعت اور قومی پرائس نگرانی کمیٹی سے 2 ہفتوں میں رپورٹ طلب کرلی۔ اعلامیے کے مطابق کمیٹی نے گندم، چینی اور دالوں کے ذخائر کے بارے میں بھی رپورٹ طلب کرلی۔

بقیہ 19 چیف جسٹس

کہ آپ جینٹلمین بن کر آئیں، میں کیوں ججز ٹرانسفر پر راضی ہوا، ٹرانسفر آئین کے تحت ہوئی، ایک بلوچی بولنے والا جج آیا، سندھی بولنے والا جج آیا، وفاق پورے ملک کا ہے، آرٹیکل 200 کے تحت اچھا اقدام ہے۔ چیف جسٹس پاکستان نے کہا کہ مزید ججز بھی دیگر صوبوں سے آنے چاہئیں، اسلام آباد ہائیکورٹ میں آئے ججز کی حوصلہ افزائی ہونی چاہیے، اسلام آباد ہائی کورٹ کے ججز کے ٹرانسفر کے معاملے کو مکس نہ کیا جائے۔

بقیہ 20 علیمہ خان

باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علیمہ خان نے بتایا کہ عمران خان نے کہا ہے کہ جیسے چیزیں آج کل ہو رہی ہیں، اس سے واضح ہو گیا ہے کہ مقصد یہی ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو جیل میں رکھو اور دوسرا یہ کہ پی ٹی آئی کو ختم کرو۔

بقیہ 21 مہنگائی

پر آگئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ادارہ شماریات پاکستان کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ جنوری 2025 میں مہنگائی کی شرح 2.41 فیصد پر آگئی، دسمبر 2024 میں مہنگائی کی شرح 4.07 فیصد ریکارڈ کی گئی تھی

بقیہ 22 پی ٹی آئی کارکنوں

تحقیقات کا مطالبہ کر دیا۔ ایچ آر سی پی کی فیکٹ فائنڈنگ رپورٹ کے مطابق حکومت نے دعویٰ کیا کہ پی ٹی آئی کے نومبر کے احتجاج کے دوران کوئی ہلاکت نہیں ہوئی ہے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ اس معاملے پر پی ٹی آئی کا دعویٰ ہے کہ احتجاج کے دوران حکومتی اقدام سے متعلق متعدد ہلاکتیں ہیں۔

بقیہ 23 صدرمملکت

صدر آصف علی زرداری 4 سے 8 فروری تک چین کا سرکاری دورہ کریں گے، صدر کے ہمراہ اعلیٰ سطح کا وفد بھی ہو گا۔ اعلیٰ سطحی وفد میں بلاول بھٹو زرداری، خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری، وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی، وزیر داخلہ محسن نقوی شامل ہیں۔

بقیہ 24 میٹرک

2024 کی اسکالرشپ کی تعداد 5 سے بڑھا کر 10 کر دی گئی ہے اور Need Based BS اسکالرشپ کا اجرا کیا گیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق پہلے سے مشتہر شہید بینظیر بھٹو فنڈ اسکالرشپ برائے انٹرمیڈیٹ ڈسٹرکٹ ٹاپرز 2024 پروگرام منسوخ کیے گئے ہیں۔ مزید برآں انٹرمیڈیٹ کے طلباء Partial Funded پروگرام کے تحت اسکالرشپ کے اہل ہوں گے۔

بقیہ 25 جسٹس مسرت

کراچی: جسٹس مسرت ہلالی نے ریمارکس میں کہا ہے کہ 21 ویں ترمیم ختم ہونے کے بعد موجودہ کیسز میں کورٹ مارشل کیسے ہو گیا؟ کیا احتجاج کرنا جرم ہے؟ پیر کو سپریم کورٹ میں جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بینچ نے سویلین کے ملٹری ٹرائل کیس کی سماعت ہوئی، جسٹس (ر) جواد ایس خواجہ کے وکیل خواجہ احمد حسین نے دلائل دیتے ہوئے موقف اپنایا کہ سویلنز کا کورٹ مارشل کسی صورت نہیں ہو سکتا، فوجی عدالتوں کا طریقہ کار شفاف ٹرائل کے تقاضوں کے برخلاف ہے۔ وکیل نے کہا کہ سپریم کورٹ کے تمام 5 ججز نے فوجی عدالتوں میں ٹرائل کے طریقہ کار کے شفاف ہونے سے اتفاق نہیں کیا۔ جسٹس حسن اظہر رضوی نے استفسار کیا کہ کیا دہشتگردی کرنے والے اور عام شہریوں میں کوئی فرق نہیں ہے؟ خواجہ احمد حسین نے کہا کہ میں کسی دہشت گرد یا ملزم کے دفاع میں دلائل نہیں دے رہا، سویلنز کا کورٹ مارشل ممکن ہوتا تو 21 ویں ترمیم نہ کرنا پڑتی۔ جسٹس حسن اظہر رضوی نے کہا کہ 21 ویں ترمیم میں تو کچھ جرائم آرمی ایکٹ میں شامل کیے گئے تھے۔ وکیل نے کہا کہ اگر آرمی ایکٹ میں ترمیم سے کورٹ مارشل ممکن ہوتا تو آئینی ترمیم نہ کرنی پڑتی۔

بقیہ 26 مرادعلی شاہ

آئی ایم ایف سے کہا کہ زراعت پر ٹیکس لگوا دیں۔ سندھ اسمبلی میں زرعی ٹیکس بل کی منظوری سے قبل خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وفاق کی جانب سے ہمیں کہا گیا کہ 4 دن میں زرعی ٹیکس دے دیا گیا تو ادارہ آئی ایم ایف کی ٹیم پاکستان نہیں آئے گی، اور ملک دیوالیہ ہو جائے گا، اسی لیے ہم آج یہاں موجود ہیں۔ مرادعلی شاہ نے کہا کہ کچھ لوگوں کا ماننا ہے کہ زرعی ٹیکس لگانا ہمارا مطالبہ تھا، پھر کچھ لوگ بات بھی کہتے ہیں، جس طرح ایف بی آر اپنے ریونیو کے ہدف کے حصول میں ناکام رہا، اسی طرح سندھ ریونیو بورڈ (ایس آر بی) بھی ہدف سے پیچھے رہ سکتا ہے، تاہم آج تک ایس آر بی نے اپنے قیام سے اب تک اہداف حاصل کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں گزشتہ سال مئی میں وفاق نے کہا تھا کہ ایف بی آر کو یہ زرعی ٹیکس دے دیں۔

بقیہ 27 کینیڈا

صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے کینیڈین اشیاء پر 25 فیصد ٹیرف عائد کرنے کے جواب میں اٹھایا ہے۔ منگل سے تمام دکانوں سے امریکی شراب کی بوتلیں اٹھالی جائیں گی۔

بقیہ 28 خوش آئند قرار

کو خوش آئند قرار دیا ہے۔ سندھ ہائیکورٹ بار کے صدر بیرسٹر محمد سرفراز علی میتلو کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ اسلام آباد ہائیکورٹ میں چھوٹے صوبوں سے ججز کی تعیناتی خوش آئند ہے۔

بقیہ 29 سینیٹ کمیٹی

اپنی کرنسی میں ایران کو ادائیگی کرتے ہیں پاکستان ایسا کیوں نہیں کرتا؟

بقیہ 30 شہادت

شہید داد خان، شہید نور احمد کی نماز جنازہ میں ہزاروں لوگوں نے شرکت کی جس میں عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے نصراللہ زیرے، عیسیٰ روشان جمہوری وطن پارٹی کے مرکزی نائب صدر نوراللہ وطن دوست پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبہ خان کاکڑ قبائلی رہنما ملک محمد شاہ کے علاوہ علماء کرام اور کاریزات بر شور نانا صاحب کے عوام نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اسسٹنٹ کمشنر کاریزات نے سیکورٹی کے موثر انتظامات کئے تھے دریں اثناء حکومت بلوچستان نے ڈیرہ اسماعیل خان کے درابن علاقے میں چار لیویز اہلکاروں کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعے کی تحقیقات کے لیے فیکٹ فائنڈنگ انکوائری ٹریبونل تشکیل دے دیا ہے۔

بقیہ 31 پی آئی اے

نے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ پی آئی اے کی نجکاری کیلئے رواں ماہ ایکسپریشن آف انٹرسٹ جاری کیا جائے گا، اتحاد اور قطری ایئرلائنز پی آئی اے خریداری میں دلچسپی رکھتی ہیں۔ سیکرٹری عثمان باجوہ کا کہنا تھا کہ پی آئی اے کی فنانشل ایڈوائزر کو 45 لاکھ ڈالر کی ادائیگیاں کی جا چکی ہیں اور پی آئی اے کی نجکاری کیلئے ٹیکسوں کو ختم اور سیلز ٹیکس چھوٹ مل چکی ہے۔ سیکرٹری نے بتایا کہ پی آئی اے نے 26 ارب روپے ایف بی آر، 10 ارب سول ایوی ایشن کے دینے ہیں، ایئر لائن ریٹائرڈ ملازمین کو پنشن حکومت کی جانب سے ہی ادا کی جائے گی۔

بقیہ 32 اعظم خان

راولپنڈی بینچ نے اعظم سواتی کی ضمانت منظور کی تھی۔ اعظم سواتی کے خلاف تھانہ سنگجانی، ٹیکسلا میں مقدمات درج کیے گئے تھے۔

بقیہ 33 پیکا

سے کوئی مہمان آتا ہے تو پی ٹی آئی نے احتجاج کرنا ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیکا ایکٹ کا صحافیوں یا صحافت سے کوئی تعلق نہیں، صحافی اور دیگر لوگ پیکا قانون کو خود سے نہ جوڑیں پیکا قانون ان کے خلاف ہے جو صحافی نہیں لیکن صحافی بن کر ریٹنگ کیلئے سنسنی پھیلاتے ہیں، اس لیے سوشل میڈیا کو ریگولیٹ کرنا ضرورت ہے۔

بقیہ 34 داسو ہائیڈروپاور

روپے تک پہنچ گئی ہے، جس کی وجہ زمین کے حصول میں تاخیر، سیکورٹی خدشات اور امریکی ڈالر کی قدر میں 178 فیصد اضافے کو قرار دیا گیا ہے۔ داسو ہائیڈرو پاور منصوبے کا پہلا مرحلہ 2,160 میگاواٹ بجلی پیدا کرے گا جس کے بعد دوسرے مرحلے کے بعد منصوبے کی کل پیداوار 4,320 میگاواٹ ہو جائے گی۔ واضح رہے کہ عالمی بینک پہلے ہی 588 ملین ڈالر قرض اور 460 ملین ڈالر کی گارنٹی فراہم کر چکا ہے۔

بقیہ 35 اصغر اچکزئی

خودکش حملوں ٹارگٹ کلنگ اغوا برائے تاوان کی شکل میں ہم سب کے سامنے ہیں سیاست دان علما کرام ڈاکٹر انجینئر وکیل تاجر خواتین اس جنگ میں خس وخاشاک کی طرح زندگیوں سے ہاتھ دھوتے رہے ہیں اب نوبت فورسز تک آپہنچی ہے صوبہ پشتون خوا حکومت کی دہشت گردوں انتہا پسندوں سے گٹھ جوڑ کوئی راز نہیں لہذا سانحہ درابن شک وشبہات سے خالی نہیں اس سانحہ کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرا کر تمام کرداروں کو بے نقاب اور ملوث مجرموں کو نشان عبرت بنایا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے خانوزئی فٹ بال گراؤنڈ میں شہید لیویز اہلکاروں کی نماز جنازہ کے شرکاء سے خطاب کے دوران کیا ج

بقیہ 36 فول پروف سیکورٹی

زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے بلوچستان میں انسداد پولیو مہم میں 11 ہزار سے زائد ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں جن میں 9 ہزار 329 موبائل ٹیمیں، 962 فکسڈ سائٹ اور 585 ٹرانزٹ پوائنٹس شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں انسداد پولیو مہم سات روز تک جاری رہے گی مہم کے دوران 26 لاکھ 60 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔

بقیہ 37 لکی مروت

لیفٹیننٹ کے 10 ملازمین یرغمال ہیں لیکن 26 دن گزرنے کے باوجود وفاقی اور صوبائی حکومتیں خاموش ہیں۔ حکام کے مطابق پولیو مہم کے بائیکاٹ کی وجہ سے دو لاکھ سے زائد بچوں کے ویکسین سے محروم رہنے کا خدشہ ہے۔ مروت قومی جرگے کے مطابق بائیکاٹ کو موثر بنانے کیلئے مختلف کمیٹیاں فعال کر دی گئی ہیں تاکہ مہم مکمل طور پر روکی جا سکے۔

بقیہ 38 انٹرا پارٹی کیس

آئی، بیرسٹر گوہر، رؤف حسن اور پی ٹی آئی کے منحرف کارکنان کو بھی نوٹس جاری کر دیا۔

بقیہ 39 فواد چوہدری

، ایسا قبل زیادتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 26 ویں ترمیم کے بعد مرضی کے ججز کو لایا جا رہا ہے۔

بقیہ 40 اہلکار شہید

اس حوالے سے پولیس نے بتایا ہے کہ فائرنگ کے نتیجے میں ایک پولیس اہلکار شہید ہو گیا۔

بقیہ 41 ڈالر

سمندر پار افرادی قوت کی تعداد میں اضافہ کے نتیجہ میں رواں مالی سال کے دوران ترسیلات زر کی وصولیاں 35 ارب ڈالر سے تجاوز کر جائیں گی۔ رواں مالی سال کی پہلی ششماہی میں جولائی تا دسمبر 2024 کے دوران ترسیلات زر کے محصولات 33 فیصد بڑھوتری سے 17.8 ارب ڈالر کی بلند ترین سطح تک پہنچ گئے ہیں

بقیہ 42 بلوچستان اسمبلی

میر جہانزیب مینگل، میر ظفر اللہ زہری سمیت دیگر ارکان کی رخصت کی درخواستیں پیش کی گئیں جنہیں ایوان نے منظور کرلیا۔

بقیہ 43 مشینری الاٹ

کرتے ہوئے صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ مائننگ کا شعبہ نہایت ہی اہمیت کا حامل ہے ہمارے صوبے کی معیشت میں مائنز اور کان کنی کا کلیدی کردار ہے اسکے علاوہ ہمارے صوبے کے لوگوں کی کثیر تعداد کا روزگار مائنز کانکنی کے شعبہ سے وابستہ ہے انہوں نے کہا کہ ہم کانکنوں اور مزدوروں کی جان کی حفاظت کو اولیت دیتے ہیں کیونکہ انسان کی زندگی ہر چیز سے زیادہ مقدم ہے صوبائی وزیر نے اس موقع پر کہا کہ کانکنوں کی حفاظت اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تمام سہولیات کی فراہمی کے لئے کوشاں رہیں گے انہوں نے مائنز افسران سے کہا کہ جلد ایس این ای بی بنائیں جس میں خاص کر کانکنوں اور مزدوروں کیلئے فرسٹ ایڈ میڈیکیشن اور مائنز سے زہریلے گیسوں کے اخراج کے آلات ضرور ڈالیں اور اس کے علاوہ بوٹس، گاڑیاں، مشینری الات بھی ایس این ای بی میں شامل کریں تاکہ اس پر جلد از جلد عملدرآمد ہو سکے صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی نے سختی سے ہدایت کی کہ جو بھی مائنز ملازم و اہلکار اپنی ڈیوٹی میں غفلت کرتا ہے

بقیہ 44 اشیاء خورد ونوش

لیکن اب کیمیکلز سے بنایا گیا انتہائی خطرناک دودھ فروخت ہو رہا ہے جس کی وجہ سے لاکھوں بچے جان لیوا بیماریوں میں مبتلا ہو کر زندگی کی جنگ لڑ رہے ہیں یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ گراں فروش، ذخیرہ اندوز اور ملاوٹ شدہ اشیاء فروخت کرنے والے مافیاز متحرک ہیں یہ انسان دشمن عناصر بلا خوف وخطر انسانی زندگیوں سے کھیلنے میں مصروف ہیں حکومت نے ان مافیاز کو قانون کے کٹہرے میں لانے کیلئے مختلف ادارے بنا رکھے ہیں لیکن یہ ادارے محض سرکاری ملازمین کو پالنے کے ادارے بن کر رہ گئے ہیں حکومتی اداروں کی مجرمانہ غفلت اور ملی بھگت سے مافیاز مضبوط ہوئے ہیں

بقیہ 45 توشہ خانہ ٹو کیس

کے بیان پر جرح مکمل کرلی جس کے بعد عدالت نے کیس کی سماعت 10 فروری تک ملتوی کردی۔ واضح رہے کہ 28 جنوری کو اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی کا کیس فوری دوسرے بینچ میں بھیجنے کی استدعا ایک بار پھر مسترد کرتے ہوئے عمران خان کے وکیل کو مزید معاونت کی ہدایت کردی تھی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس انعام امین منہاس نے سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کرتے ہوئے کہا تھا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے ہیں، اعتراض کی صورت میں جج کو خود فیصلہ کرنا ہوتا ہے کہ بینچ سے الگ ہونا ہے یا نہیں ہونا۔ اس سے قبل 23 جنوری کو ہونے والی سماعت میں عدالت نے ایف آئی اے کو نوٹس جاری کرتے ہوئے اگلی سماعت پر جواب طلب کیا تھا۔

بقیہ 46 ورچوئل یونیورسٹی

ڈاکٹر عثمان تھے۔ دونوں معزز شخصیات نے ورچوئل یونیورسٹی کی ڈیجیٹل تعلیم میں خدمات کو سراہتے ہوئے فارغ التحصیل طلبہ کو مبارکباد دی۔ تقریب کا آغاز ایک باوقار تعلیمی پروسیشن سے ہوا، جس کی قیادت ورچوئل یونیورسٹی کے رجسٹرار پروفیسر ڈاکٹر اطہر عظیم خان نے کی۔ اس موقع پر طلبہ اور ان کے والدین کے چہروں پر خوشی اور فخر کے جذبات نمایاں تھے۔ ورچوئل یونیورسٹی نے نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ کو 79 گولڈ میڈلز اور 152 میرٹ سرٹیفکیٹس دینے کا اعلان کیا، جن میں پشاور کی تقریب میں 2 گولڈ میڈلز اور 1 میرٹ سرٹیفکیٹ تقسیم کیے گئے۔ ریکٹر پروفیسر ڈاکٹر ارشد سلیم بھٹی نے کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ تقریب نہ صرف طلبہ بلکہ ان کے اساتذہ اور والدین کے لیے بھی ایک قابل فخر موقع ہے۔

بقیہ 47 درابن سانحہ

کے لیے جوڈیشل کمیشن بنانے کے مطالبہ کیا گیا ہے۔ خانوزئی فٹبال سٹیڈیم میں شہداء کے نماز جنازہ تجہیز وتدفین کے موقع پر پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری حاجی صورت خان کاکڑ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مذکورہ واقعہ پشتونخوا وطن بالخصوص جنوبی پشتونخوا میں جاری دہشتگردی کے واقعات کا تسلسل ہے۔ ماضی میں ایسے کئی واقعات ہوئے ہیں جن میں لیویز فورس کو نشانہ بنایا گیا، ہرنائی، زیارت، اسپنتنگی، قلعہ سیف اللہ، پشین، خانوزئی، چمن، قلعہ عبداللہ میں بھی لیویز فورس ان کے تھانوں پر حملے کیئے گئے اور افسران وسپاہیوں کو شہید وزخمی کیا گیا لیکن حکومت اور قانون نافذ کرنیوالے اداروں کی ناکامی کے باعث آج تک ان واقعات میں ملوث عناصر کو نہ ہی بے نقاب کیا گیا اور نہ ہی قانون کے کٹہرے میں لایا گیا۔ اس کے علاوہ دہشتگردی کے تمام واقعات میں ملوث عناصر آج بھی قانون کی گرفت سے آزاد ہیں۔

بقیہ 48 عالمی برادری

سے اپنے جاری کردہ پیغام میں کیا۔ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور اس حقیقت کو کوئی جھٹلا نہیں سکتا پاکستان نے اقوام متحدہ سمیت انسانی حقوق کی تنظیموں کے سامنے کشمیر پر جاری بھارتی مظالم کی داستانیں بیان کیں، کشمیر پر بھارتی غاصبانہ قبضہ خطے کیلئے خطرہ ہے، کشمیری عوام اپنے حق خود ارادیت اور آزادی کیلئے جدوجہد کر رہی ہے اور بلوچستانی عوام ان کی جدوجہد کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے، انہوں نے کہا کہ پاکستان مسئلہ کشمیر کا اہم فریق ہے جنہوں نے ہمیشہ کشمیریوں کے ساتھ حقیقی ترجمان اور وکیل ہیں جنہوں نے بین الاقوامی فورمز پر کشمیریوں کیلئے بھرپور آواز بلند کی ہے، انہوں نے کہا کہ کشمیر کی مظلوم عوام 75 سالوں سے غاصب وظالم بھارتی فوج کی جبر، تشدد اور ریاستی دہشتگردی کا سامنا

بقیہ 49 جبری گمشدگی

میں انہیں اسکے بھائی اسامہ اور حبیب الرحمان کو قلات کے علاقے جامع مسجد چشمہ کے نزدیک پولیس چوکی سے غیر قانونی طریقے سے حراست میں لینے کے بعد نامعلوم مقام پر منتقل کر دیا بعد میں انہیں اور ان کے چھوٹے بھائی حبیب الرحمان کو چھوڑ دیا گیا لیکن انکا بھائی اسامہ پندرانی تا حال لاپتہ ہے انہوں نے کہا کہ اسامہ کا کیس لاپتہ افراد کمیشن میں چل رہا ہے اور انہوں نے اپنے بھائی کی بازیابی کیلئے قلات انتظامیہ سے کئی بار رابطہ کیا لیکن انہیں اسکے بھائی کے حوالے سے معلومات فراہم نہیں کی جارہی ہے جسکی وجہ سے ان کا خاندان کرب واذیت میں مبتلا ہے خلیل الرحمان نے حکومت سے اپیل کی کہ انکے بھائی پر جو بھی الزام ہے تو اسے عدالت میں پیش کیا جائے تنظیم کے چیئرمین نصراللہ بلوچ نے کہا کہ جبری گمشدگی ماورائے آئین اقدام اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے ایک شخص کی جبری گمشدگی کی وجہ سے اسکے خاندان مالی مشکلات سمیت بہت مسائل کا شکار ہوتے ہیں جس کی وجہ سے انکی زندگی مفلوج ہو کر رہ جاتی ہے اس لئے حکومت کو چاہئے

بقیہ 50 قاتلوں کی گرفتاری

جبکہ علی محمد شدید زخمی ہو گیا حملہ آور موقع سے فرار ہو گئے ایس ایچ او مقتول جمالی کے مطابق واقعہ زمینی تکرار کے باعث پیش آیا زخمی اور مقتول کا تعلق قلات سے ہے انہوں نے کہا کہ قاتلوں کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں نعش پوسٹ مارٹم کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی۔

بقیہ 51 پنجگور

کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا جنہیں ٹیچنگ ہسپتال پنجگور منتقل کر دیا گیا جہاں انکی شناخت عبدالرحمٰن ولد شوکت سکنہ گرمکان سے ہوئی پولیس ذرائع کے مطابق مقتول لینڈ کروزر گاڑی میں سوار تھا جنہوں نے پچکان تار افیس کے قریب گاڑی میں سوار فیملی کیلئے دکان سے سودا سلف لینے کے لیے اترے تھے کہ انہیں مسلح افراد نے فائرنگ کا نشانہ بنایا تا حال سردست واقع کے محرکات سامنے نہیں آیا مزید تفتیش پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 52 عمرایوب

کہ ہماری اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی سے کھلے ماحول میں بات کرائی گئی، عوام کو اصل حالات سے آگاہ نہیں کیا جا رہا، جب بلوچستان میں دفعہ 144 لگائی گئی تو وہاں لاکھوں لوگ سڑکوں پر تھے۔ انہوں نے کہا کہ مسنگ پرسن بلوچستان سمیت پورے ملک میں بڑا ایشو ہے، حکومت ہوش کے ناخن لے، ملک کہاں جا رہا ہے، یہ لوگ عیاشیاں کر رہے ہیں، ایف بی آر 1010 نئی گاڑیاں لے رہا ہے، شہباز شریف کو اسمبلی میں تقریر کرنے کی ہمت نہیں ہے۔

بقیہ 53 پاک ایران

اور بعد میں ٹی وی کیمرے، نقدی، اور گاڑی چھین کر انہیں چھوڑ دیا تاہم اس حوالے سے مقامی انتظامیہ تحقیقات کر رہی ہے اور یقین دہانی کرائی ہے کہ جلد از جلد سامان اور گاڑی برآمد کرنے کی ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں۔

بقیہ 54 اورماڑہ

ایک معمر شخص موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا، تفصیلات کے مطابق اتوار اور پیر کی درمیانی شب مکران کوسٹل ہائی وے پر اورماڑہ کے علاقے بڈ کوٹھ کے مقام پر ایک ٹرالر سڑک کنارے پنکچر ہونے کے باعث کھڑا تھا کہ اچانک تیز رفتاری سے آنے والی موٹر سائیکل نے اسے پیچھے سے ٹکر مار دی۔ تصادم اتنا شدید تھا کہ موٹر سائیکل پر سوار ساٹھ سالہ نادل نامی معمر شخص موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ جاں بحق شخص کا تعلق اورماڑہ کے نواحی علاقے رج سے بتایا جاتا ہے۔ تاہم حادثے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور ضروری کارروائی کے بعد نعش کو اورماڑہ میں پی این ایس درمان جاہ ہسپتال منتقل کر دیا۔

بقیہ 55 جائز قانونی

ہے بلوچستان کے عوام سے نفرت اور سیکورٹی کے نام پر کاروبار کرنے والے کس طرح امن قائم کر سکتے ہیں قومی جماعتیں، میڈیا اور انصاف کرنے والے اسلام آباد کے حکمرانوں کو سمجھا دیں کہ بیانات اور بے عمل اعلانات سے امن قائم ہو سکتا ہے نہ ہی بلوچستان کے عوام کو حقوق مل سکتے ہیں مفاد پرستوں لٹیروں بدعنوان عناصر کو نوازنے سے بلوچستان کی ترقی ممکن نہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے دورہ اسلام آباد کے دوران تاجروں، صحافیوں، سیاسی ورکرز اور نوجوانوں کے وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے حالات سننے اور دیکھنے سے زیادہ خطرناک و پریشان کن ہیں حکمران و مقتدر قوتوں کو سب ٹھیک ہے کی پالیسی نقصان دہ ہے بلوچستان کے عوام کو حقوق دلانے مسائل [illegible]

بقیہ 56 پوست

[illegible]

بقیہ 57 انسداد اسمگلنگ

[illegible]

بقیہ 58 حکومت

[illegible]

سرکاری رہائش گاہ الاٹ ہونے کی صورت میں نئے اسٹیشن پر ٹرانسفر کے لیے 3 سال تک رہائش برقرار رکھنا لازمی قرار دیا گیا ہے جب کہ اسلام آباد میں بھی ایک سیکٹر سے دوسرے سیکٹر پر ٹرانسفر کے لیے 3 سال تک رہائش گاہ برقرار رکھنا لازمی ہے۔ مجوزہ رول 12 میں ترامیم اس کے غلط استعمال کو روکنے کے لیے لائی جارہی ہے، رول 12 کا سالہا سال سے مبینہ طور پر غلط استعمال کیا جاتا رہا ہے۔

بقیہ 59 جنوری

جن میں 35 سیکیورٹی اہلکار، 20 عام شہری اور 36 دہشت گرد شامل ہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق دہشت گردی کے واقعات میں 117 افراد زخمی بھی ہوئے، جن میں 53 سیکیورٹی فورسز کے اہلکار، 54 عام شہری اور 10 دہشت گرد شامل ہیں۔ رپورٹ میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے انسداد دہشت گردی کی مہم پر روشنی ڈالی گئی ہے، جس کے نتیجے میں جنوری میں کم از کم 185 دہشت گردوں کا خاتمہ ہوا اور یہ 2016 کے بعد سے دہشت گردوں کی ہلاکتوں کا دوسرا مہلک ترین مہینہ بن گیا۔ 2016 کے بعد سے ایک مہینے میں ہلاک ہونے والے دہشت گردوں کی سب سے زیادہ تعداد دسمبر 2024 میں ریکارڈ کی گئی تھی

بقیہ 60 ملک

سیکرٹری موسیٰ بلوچ، ضلع قائمقام صدر کوئٹہ ملک نجی الدین لہڑی، پاکستان تحریک انصاف کوئٹہ ڈویژن کے صدر نور خان خلجی، کوئٹہ کے صدر زین العابدین خلجی مجلس وحدت المسلمین کے صوبائی نائب صدر ولایت حسین جعفری، ضلع جنرل سیکرٹری حاجی غلام حسین اخلاق ضلع رابطہ سیکرٹری فرید احمد اور پشتونخوا میپ کے صوبائی ایگزیکٹو منان خان بڑیچ، ملک عمر کاکڑ، عمر ایڈووکیٹ، نظام عسکر اور حفیظ ترین نے شرکت کی

بقیہ 61 یوم یکجہتی کشمیر

کے بول عمران رضا نے لکھے۔ پانچ فروری کی مناسبت سے تیار کیا جانے والا یہ گیت ایک عزم ہے۔ ایک اظہار یکجہتی ہے کہ مقبوضہ کشمیر کے غیور اور دلیر کشمیریوں کے ساتھ پورا پاکستان کھڑا ہے

بقیہ 62 ملک سکندر

سے منسلک لوگ اپنی مرضی سے طے کرتے ہیں کوئی پرسان حال نہیں ہے۔ پورا معاشرہ کسمپرسی کا شکار ہے۔ حال میں پیٹرولیم کی قیمتوں میں غیر منطقی اضافہ کر کے حکومت نے مہنگائی کے پہاڑ گرا دیے۔ عوام پہلے سے سکتہ میں تھے۔ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ سے اشیاء ضرورت کے مہنگائی ہونے سے عوام کی چیخیں نکل رہی ہے اور بے رحم حکومت کو ہائی دے رہی ہے۔ حکومت کے نمائندے ذرائع ابلاغ پر اشیاء ضرورت کی سستی ہونے کا جھوٹا گورکھ دھندا کرتے ہیں

بقیہ 63 اقوام متحدہ

اس وقت مسئلہ فلسطین کی جانب ہے لیکن مسئلہ کشمیر پر وہ توجہ نہیں دی جا رہی انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں بھی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی گھناؤنا کھیل کھیلا جا رہا ہے۔ کشمیر کے میدان قبرستان بن چکے ہیں وہاں نہ انٹرنیٹ نہ میڈیا کی رسائی ہے نہ انسانی حقوق کی عالمی تنظیموں کو وہاں جانے دیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی خواہش ہے کہ کسی طرح سے کشمیر میں ہندو اور دیگر قوموں کو آباد کر کے مسلم اکثریت کا خاتمہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا پانچ فروری کو یوم یکجہتی کے موقع پر دنیا بھر سے کشمیریوں سے اپیل ہے کہ وہ مسئلہ کشمیر کو اجاگر کرنے کے لئے فعال کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا پاکستان مسئلہ کشمیر کا حل اقوام متحدہ کی قرار دادوں کے مطابق چاہتا ہے۔ انہوں نے کہا بھارت جان لے کشمیر کی عوام اپنی سرزمین کو چھوڑیں گے نہ جدوجہد آزادی سے پیچھے ہٹیں گے۔ انہوں نے کہا پاکستان فلسطینیوں کی طرح کشمیریوں کے شانہ بشانہ کھڑا ہے۔ کشمیر بھارت کا نہیں امت [illegible]

بقیہ 64 کانفرنس

[illegible]

بقیہ 65 خیبرپختونخوا

[illegible]

بقیہ 66 پیکا ایکٹ

[illegible]

بقیہ 67 حکومت

[illegible]

حکومت عملی نہیں بیان بازی کی سوا کوئی جامع پالیسی نہیں مہنگائی کی ستائی عوام پر مسلسل مہنگائی کا بوجھ ڈالا جا رہا ہے۔ عوام شہباز حکومت کے ڈرامائی طرز دعووں سے عاجز آچکی ہے حکومت بجلی، گیس، پیٹرولیم مصنوعات میں اضافہ سے اپنی عیش زندگی کے لیے عوام کی ہڈیوں سے گودا نکالا جا رہا ہے قوم اب تک کرپٹ سیاست دانوں کے جھوٹے وعدوں کے ہاتھوں یرغمال بنے ہوئے ہیں۔

بقیہ 68 جنگلی چیتے

اسپیشل برانچ راولپنڈی نے جنگلی چیتے کی کھال بذریعہ ٹرین کراچی اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا دی۔ ریلوے اسٹیشن راولپنڈی پر سرسید ایکسپریس کے پلانٹ آپریٹر سے غیر قانونی چیتے کی کھال برآمد کر لی اور قلی نے سرسید ایکسپریس کے پلانٹ آپریٹر چیتے کی کھال حوالے کر دی۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ ریلوے اسپیشل برانچ نے پلانٹ کی کارٹن کو چیک کیا تو جنگلی چیتے کی کھال برآمد ہوئی۔

بقیہ 69 رواں مالی سال

جانب سے جاری اعداد وشمار کے مطابق رواں مالی سال کے پہلے 7 ماہ میں برآمدات 9.98 فیصد بڑھ کر 19 ارب 55 کروڑ 10 لاکھ ڈالرز تک جا پہنچیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ جنوری میں سالانہ بنیادوں پر درآمدات میں اضافہ ہوا، تاہم دسمبر 2024 کے مقابلے میں جنوری 2025 میں درآمدات میں کمی ہوئی، جنوری میں درآمدات کا حجم 5 ارب 23 کروڑ 30 لاکھ ڈالرز رہا۔ ادارہ شماریات کے مطابق رواں مالی سال کے پہلے 7 ماہ میں درآمدات 6.95 فیصد بڑھیں اور اس کا حجم 33 ارب ڈالرز سے تجاوز کر گیا۔

بقیہ 70 چیف جسٹس

اسلام آباد چیمبر آف کامرس کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے انہوں نے کہا کرنسی میں استحکام اور زرمبادلہ ذخائر میں بہتری آئی ہے۔ بڑے گروپوں نے بھی پاکستان میں سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے۔ یہ سرمایہ کاری بزنس ٹو بزنس ہو رہی ہے۔ مہنگائی میں کمی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک میں مہنگائی 2.41 فیصد پر آگئی ہے۔ جبکہ مہنگائی میں مزید کمی کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اقتصادی رابطہ کمیٹی میں اشیاء ضروریہ کی قیمتوں کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔

بقیہ 71 پشتون وطن

وسائل پر قبضے کی سازشوں میں مصروف ہیں جبکہ طویل عرصے سے جاری جعلی دہشتگردی بدامنی اور لاقانونیت کی روک تھام نہ ہونا اور ان میں ملوث ملزموں کی عدم گرفتاری سے ثابت ہے کہ دہشتگردانہ واقعات کے پیچھے شعوری منصوبہ بندی اور سازش کارفرما ہے وہ درابن میں شہید 6 افراد میں سے چار لیویز اہلکاروں کی نماز جنازہ کے موقع پر خانوزئی شہر فٹبال گراؤنڈ میں ہزاروں افراد کے اجتماع سے خطاب کر رہے تھے پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے نے تمام شہداء کو پارٹی کی جانب سے خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ انتہائی افسوس کا مقام ہے کہ ہماری ملت کے ہزاروں افراد بر ملی ایسے بڑے اجتماعات اب شہداء کے جنازوں کے موقع پر ہوتے ہیں

بقیہ 72 صوبے

سیکرٹری مولانا حافظ عبدالواحد ہاشمی صوبائی سالار حاجی شیر جان کاکڑ نے درابن میں لیویز اہلکاروں کو بے دردی سے قتل کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں مسلسل دہشت ناک واقعات نے قوم کو فورسز، سیاسی اور قبائلی مشران اور علماء، انجینئرز، تاجروں، وکلاء، ڈاکٹرز سے محروم کر دیا ارباب اقتدار کی کارکردگی مذمتی بیانوں تک محدود ہے اغواء برائے تاوان، ٹارگٹ کلنگ اور بدامنی کے ان تمام واقعات میں ملوث عناصر کے نیٹ ورک کو ختم کرنے کیلئے عملی اقدامات اٹھانا ناگزیر ہے حکومت بدامنی کا مسئلہ سنجیدگی سے لے انہوں نے کہا کہ بدامنی نے [illegible]

بقیہ 73 جماعت وحدت

[illegible]

بقیہ 74 وزیراعظم

[illegible]

بقیہ 75 دہشت گردوں

[illegible]

بقیہ 76 تعلیم

[illegible]

حکومت تعلیم عام، جہالت کے اندھیروں کو مٹانے کیلئے کوشاں ہے، صادق عمرانی

کوشش ہے تمام تدریسی مراکز میں سہولیات کی فراہمی یقینی طلبہ کو تعلیم کے زیور سے آراستہ اور بہتر معنوں میں علم کا حصول یقینی بنائیں، صوبائی وزیر ایریگیشن

جامعات کے مسائل سے بخوبی آگاہ، علم کی شمع روشن رکھنے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائیں گے، ڈی ایم جمالی یونیورسٹی کے ڈائریکٹر سے ملاقات میں گفتگو

نصیر آباد (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی سینٹرل کمیٹی کے ممبر صوبائی وزیر ایریگیشن میر محمد صادق عمرانی سے ڈیرہ مراد جمالی یونیورسٹی کے ڈائریکٹر ڈاکٹر واجد فرحاد نے کوئٹہ میں ان سے ملاقات کی اس موقع پر ڈاکٹر واجد فرحاد نے یونیورسٹی میں جاری تعلیمی امور سمیت دیگر درپیش مسائل سے متعلق انہیں آگاہی فراہم کی اس موقع پر صوبائی وزیر ایریگیشن میر محمد صادق عمرانی نے یونیورسٹی کے طلباء و طالبات .... بقیہ 76 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان شیخ جعفر مندوخیل سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ملاقات کر رہے ہیں

حکمران بلوچستان کی ترقی وامن کی بحالی میں رکاوٹ ہیں، مولانا ہدایت الرحمان بلوچ

سی پیک، سینڈک، ریکوڈک پروجیکٹس میں جائز حصہ دیکر صوبے میں امن کی راہ ہموار کی جاسکتی ہے

عوام سے نفرت و سیکورٹی کے نام پر کاروبار کرنے والے کس طرح امن قائم کر سکتے ہیں، امیر جماعت اسلامی

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ حکمران و مقتدر قوتیں نہیں چاہتے کہ بلوچستان ترقی کرے بلوچستان کی ترقی اور امن میں رکاوٹ حکمران ہیں بلوچستان کے عوام کو حقوق، نوجوانوں کو روزگار، تاجروں کی تجارت کیلئے بارڈرز کھولے جائیں لاپتہ افراد کو بازیاب، سی پیک، سینڈک، ریکوڈک پروجیکٹس میں سے جائز حصہ دیکر بلوچستان میں امن کی راہ ہموار کی جاسکتی .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

پوست کی کاشت میں ملوث 10 ٹھیکیداروں سمیت 21 افراد کیخلاف مقدمہ درج

گرفتار افغان باشندوں کیخلاف غیر قانونی طور پر رہائش پذیر ہونے پر فارن ایکٹ کے تحت دوسرا مقدمہ بھی درج

ژوب (آن لائن) پوست کی کاشت میں ملوث 10 مقامی افراد ٹھیکیدار اور افغان بزرگوں سمیت 21 افراد کے خلاف اینٹی نارکوٹکس ایکٹ کے دفعات کے تحت مقدمہ درج گرفتار افغان باشندوں کے خلاف غیر قانونی طور پر رہائش پذیر ہونے پر فارن ایکٹ کے تحت دوسرا مقدمہ بھی درج تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر محبوب احمد کی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ شیخ ولو صلاح الدین تفتیشی آفیسر بخت میر کے نگرانی میں لیویز فورس نے .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

انسداد اسمگلنگ کارروائیوں میں 2 کروڑ سے زائد مالیت کی منشیات برآمد

کارروائیوں میں 10 ملزمان گرفتار کر، 12.636 کلو منشیات برآمد کر لی

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) اے این ایف کی انسداد اسمگلنگ کارروائیوں میں 2 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی منشیات برآمد کر لی گئی۔ ترجمان کے مطابق اینٹی نارکوٹکس فورس کا تعلیمی اداروں کے گرد و نواح اور ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، اس دوران 9 کارروائیوں میں 10 ملزمان کو گرفتار کر کے 2 کروڑ سے زائد مالیت کی 12.636 کلوگرام منشیات برآمد کر لی گئی۔ کراچی میں .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت کا سرکاری ملازمین کی رہائش گاہوں کے مختص قواعد میں ترامیم کا فیصلہ

سرکاری رہائش مختص کرنے کے قواعد 2025 پر ہوم ورک مکمل کرلیا ہے، وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے سرکاری ملازمین کی سہولت کے لیے سرکاری رہائش گاہوں کے مختص قواعد میں ترامیم کا فیصلہ کیا ہے۔ وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس نے سرکاری رہائش مختص کرنے کے قواعد 2025 کا مجوزہ ڈرافٹ تیار کرلیا ہے، وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس نے سرکاری رہائش مختص کرنے کے قواعد 2025 پر ہوم ورک مکمل کرلیا ہے۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس نئے مجوزہ قواعد کی منظوری کے لیے سمری وزیراعظم .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

دہشت گرد حملوں میں 42 فیصد اضافہ، سیکیورٹی آپریشنز میں بھی تیزی

سیکیورٹی فورسز کی جانب سے انسداد دہشت گردی کی مہم پر روشنی ڈالی گئی ہے

جنوری میں ملک بھر میں کم از کم 74 دہشتگرد حملے ریکارڈ کیے گئے 91 افراد جان سے ہاتھ دھو بیٹھے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جنوری 2025 میں ملک میں دہشت گرد حملوں میں تیزی سے اضافہ دیکھا گیا، جو کہ پچھلے مہینے کے مقابلے میں 42 فیصد زیادہ ہے۔ رپورٹ کے مطابق تھنک ٹینک پاکستان انسٹی ٹیوٹ فار کنفلکٹ اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز (پی آئی سی ایس ایس) کے جاری کردہ اعداد و شمار میں بتایا گیا ہے کہ جنوری میں ملک بھر میں کم از کم 74 دہشت گرد حملے ریکارڈ کیے گئے جن کے نتیجے میں 91 افراد جان سے ہاتھ دھو بیٹھے، .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

سابق وزیراعلیٰ رکن اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اسمبلی اجلاس میں پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کر رہے ہیں

اوستہ محمد، مسلح افراد کی فائرنگ سے 1 شخص جاں بحق، 1 زخمی

اوستہ محمد (نامہ نگار) سٹی تھانہ حدود ایری لالزہ کے مقام پر مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ایک زخمی واقع زخمی تاحال بتایا جا رہا ہے پولیس کے مطابق سٹی تھانہ ایری لالزہ کے قریب مسلح افراد نے فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں دوست محمد جاں بحق .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

پنجگور میں نامعلوم مسلح گاڑی سوار نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا

پنجگور (آن لائن) بلوچستان کے ضلع پنجگور کے علاقے مین سٹی چتکان تار آفس میں نامعلوم مسلح گاڑی سوار نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا پولیس ذرائع کے مطابق پنجگور کے علاقے چتکان تار آفس نامعلوم مسلح جمنی ماڈل گاڑی سوار افراد نے فائرنگ .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

پاک ایران سرحدی شہر تفتان میں سینئر صحافی اور اس کے ٹیم پر حملہ

چاغی (آن لائن) پاک ایران سرحدی شہر تفتان میں سینئر صحافی اور اس کے ٹیم پر حملہ تفصیلات کے مطابق گزشتہ پاک ایران سرحدی شہر پر نامعلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر سینئر صحافی جاوید لانگا اور اسکی ٹیم پر بندوق کے زور پر حراست میں لیکر تشدد کا نشانہ بنایا .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

اورماڑہ، کوسٹل ہائی وے پر موٹر سائیکل اور ٹرالر کے تصادم میں ایک شخص جاں بحق

اورماڑہ (یو این اے) اورماڑہ، کوسٹل ہائی وے پر موٹر سائیکل اور ٹرالر کے تصادم میں ایک شخص جاں بحق اتوار اور پیر کی درمیانی شب حمران کوسٹل ہائی وے پر اورماڑہ کے علاقے بڈ کوٹھ کے مقام پر موٹر سائیکل نے پیچھے سے ایک ٹرالر کو ٹکر ماردی، موٹر سائیکل پر سوار .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت ڈبی، حکمرانوں کو اپنی حیثیت کا پتا چل گیا، اسد قیصر

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے مرکزی رہنما اسد قیصر نے کہا ہے کہ حکومت کے پاس اختیار نہیں، یہ ڈبی ہیں، حکمرانوں کو اپنی حیثیت کا پتا چل گیا ہے۔ نجی ٹی وی میں گفتگو کے دوران اسد قیصر نے کہا کہ ہم نے ایسا کمیشن بنانے کا کہا تھا، جو حکومت اور اپوزیشن کو قبول ہو۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے ہم سے تاحال کوئی رابطہ نہیں ہوا، یہ حکومت ڈبی ہے اس کے پاس اختیار نہیں ہے

اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیر ایشو کا حل چاہتے ہیں، حافظ طاہر اشرفی

لاہور (آن لائن) چیئرمین پاکستان علما کونسل حافظ طاہر اشرفی نے کہا مسئلہ کشمیر پر پاکستان کا موقف واضح ہے، ہم اہل فلسطین اور کشمیریوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ اقوام متحدہ کی قرار دادوں کے مطابق کشمیر ایشو کا حل چاہتے ہیں۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا مسئلہ کشمیر اور مسئلہ فلسطین دونوں سلگتے ہوئے ایشوز ہیں۔ دنیا کی توجہ .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

سونے کی قیمت میں مزید اضافہ، 2 لاکھ 92 ہزار 400 روپے کی نئی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان سونے کی فی تولہ قیمت میں مزید 200 روپے کا اضافہ ہوگیا جس کے بعد ایک تولہ سونے کی نئی قیمت 2 لاکھ 92 ہزار 400 روپے ہوگئی ہے۔ عالمی منڈی میں سونے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کے بعد ملک بھر میں سونے کی قیمتوں میں تیزی کا سلسلہ آج بھی جاری رہا۔ عالمی مارکیٹ میں فی اونس سونے کے نرخ 2800 ڈالر ریکارڈ کیے گئے

اظہار لاتعلقی

ہم بھائی ولی جان، خانشک، عبدالصمد، فتح خان، عبدالباقی پسران حاجی عبداللہ جان محمد زئی ولد پیر وجان، شراف الدین ولد مسعود خان قوم اچکزئی عشے زئی ساکنان کلی محمد حسن نے مسمی نور جان ولد حاجی عبداللہ جان جو کہ ولی جان خانشک عبدالصمد فتح خان کا حقیقی بھائی جبکہ محمد زئی کا حقیقی بچا ہے ہمارے بھائی نور جان جو کہ غلط لین دین پر لاتعلقی کا اظہار کرتے ہیں آئندہ ہم ان کے کسی قول وفعل کے ذمہ دار نہیں ہونگے اگر کسی نے نور جان کے ساتھ کسی قسم کا لین دین کیا تو وہ اپنے نفع ونقصان کا خود ذمہ دار ہوگا

المشتہر ولی جان، برادران وراشتہ داران

درابن سانحہ دہشتگردی کے واقعات کا تسلسل ہے، پشتونخوامیپ

اس دردناک، سفاکانہ واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، حاجی صورت خان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں ضلع پشین خانوزئی کے لیویز فورس کے نائب رسالدار نور احمد خان، سپاہیوں داؤد خان، بلال احمد، رشید زمان اور ژوب کے رہائشی گل زمان کاکڑ کی صوبہ خیبر پشتونخوا کے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے درابن میں شہادت کے واقعہ پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اس دردناک، سفاکانہ واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی ہے اور واقعہ کی تحقیقات .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

عالمی برادری کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے، ظہور بلیدی

مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حل ہونا چاہیے، وزیر منصوبہ بندی وترقیات

کوئٹہ (اے پی پی) بلوچستان کے وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ عالمی برادری و انسانی حقوق کی تنظیموں کو کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لینا چاہیے، مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حل ہونا چاہیے، پاکستان اور بلوچستانی عوام کشمیریوں کے حق خود ارادیت و آزادی کیلئے جاری جدوجہد کی حمایت جاری رکھے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت لاپتہ افراد کی بازیابی یقینی بنائے، وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز

جبری گمشدگی ماورائے آئین اقدام ہے، نصراللہ بلوچ کی لاپتہ اسامہ پدرانی کے لواحقین سے گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے چیئرمین نصراللہ بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں جبری گمشدگیوں کے وی بی ایم پی کے قائم پرامن اور دنیا کی طویل ترین احتجاجی کیمپ کو کوئٹہ پریس کلب کے سامنے 5719 مکمل ہوگئے جبری لاپتہ اسامہ پدرانی کے بھائی خلیل الرحمان اور حبیب الرحمان نے قلات سے آکر احتجاجی کیمپ میں اپنا احتجاج ریکارڈ کرایا خلیل الرحمان نے کہا کہ سیکورٹی اداروں کے اہلکاروں نے 22 دسمبر 2023 .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی اسمبلی اجلاس میں قلات، دراپن میں شہید ہونیوالے ایف سی، لیویز اہلکاروں کیلئے فاتحہ خوانی کی جارہی ہے

8 فروری سیاہ ترین دن، جمہوری پارٹیاں جعلی حکومت کیخلاف احتجاج ریکارڈ کرائیں، عبدالقہار ودان

تحریک تحفظ آئین پاکستان کے زیر اہتمام 8 فروری کو اتحاد میں شامل سیاسی پارٹیاں وکارکن بھرپور تیاری و پرامن احتجاج کا حصہ بنیں، پشتونخوامیپ

8 فروری کو کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن سے احتجاجی ریلی نکالی جائیگی، اجلاس سے خطاب، بی این پی، پی ٹی آئی، مجلس وحدت المسلمین کے رہنما بھی شریک

کوئٹہ (پ ر) تحریک تحفظ آئین پاکستان بلوچستان کا اجلاس پشتونخوامیپ کے مرکزی سیکرٹریٹ میں پارٹی کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان کی زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس میں تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی کی جانب سے 8 فروری 2025 کو یوم سیاہ منانے، احتجاجی مظاہروں، جلوس واجتماعات کے انعقاد کو زیر غور لایا گیا اجلاس میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی لیبر .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

غریب عوام بے تحاشا مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں، ملک سکندر

حکمرانوں کی طرف سے مہنگائی پر قابو پانے کا کوئی ضابطہ بروئے کار نہیں لایا جارہا

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل وسابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ بدقسمتی سے گذشتہ ایک دہائی سے پاکستان کے غریب اور مظلوم عوام بے تحاشا مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں حکمرانوں کی طرف سے مہنگائی پر قابو پانے کا کوئی ضابطہ بروئے کار نہیں لایا جارہا۔ گیس اور بجلی کے بل عوام کی برداشت سے باہر ہیں۔ روزمرہ اشیاء استعمال کی قیمتیں کاروبار .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت کے پاس ملک چلانے کیلئے کوئی ٹھوس حکمت عملی نہیں، جمعیت نظریاتی

حکمران اپنے تنخواہوں کا اضافہ غریب عوام کی خون نچوڑنے سے کر رہا ہے، مولانا قاری مہراللہ

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہراللہ، جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی، مولانا رحمت اللہ حقانی، مولانا محمد ابراہیم، آغا ابراہیم شاہ، حاجی داد محمد، حاجی نادر خان اچکزئی، حاجی محمد نور اخوندزادہ، مولانا محمد صادق نے کہا کہ حکمران اپنے تنخواہوں کا اضافہ غریب عوام کی خون نچوڑنے سے کر رہا ہے اپنے پرتعیش زندگی گزارنے کا بوجھ عوام پر ڈال رہے ہیں پیٹرول وڈیزل اور اشیائے خورد ونوش کی قیمتیں آسمان .... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

رواں مالی سال کے پہلے 7 ماہ میں برآمدات، درآمدات اور تجارتی خسارہ بڑھ گیا

جنوری میں سالانہ بنیادوں پر برآمدات 4.59 فیصد اور ماہانہ بنیادوں پر 0.31 فیصد اضافہ ہوا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) رواں مالی سال کے پہلے 7 ماہ (جولائی 2024 تا جنوری 2025) کے دوران برآمدات، درآمدات اور تجارتی خسارے میں اضافہ ہوگیا پاکستان ادارہ شماریات نے تجارتی اعداد و شمار جاری کر دیے۔ ادارہ شماریات کے مطابق جنوری میں سالانہ بنیادوں پر برآمدات 4.59 فیصد اور ماہانہ بنیادوں پر 0.31 فیصد اضافہ ہوا، جس کے بعد جنوری میں برآمدات 2 ارب 92 کروڑ ڈالرز رہیں۔ پاکستان ادارہ شماریات کی .... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

کرنسی میں استحکام اور زرمبادلہ ذخائر میں بہتری آئی ہے، محمد اورنگزیب

پالیسی ریٹ کو سنگل ڈیجٹ میں لانے کا فیصلہ سٹیٹ بینک نے کرنا ہے

بزنس کمیونٹی کی تجاویز کو جنوری سے سنا جا رہا ہے۔ مجھے کچھ تجاویز ملی ہیں

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ کرنسی میں استحکام اور زرمبادلہ ذخائر میں بہتری آئی ہے، زراعت کا ملکی معیشت میں کردار اہم ہے۔ تین صوبوں میں زرعی انکم ٹیکس کا نفاذ ہو چکا اب بلوچستان میں بھی اس ٹیکس کے نافذ کرنے پر غور کیا جا رہا ہے۔ آئندہ بجٹ کے لئے مشاورت سے آگے بڑھیں گے .... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

بدامنی میں ملوث عناصر کے نیٹ ورک کا خاتمہ ناگزیر ہے، جمعیت نظریاتی

بلوچستان میں مسلسل دہشت ناک واقعات نے قوم کو فورسز، سیاسی وقبائلی مشران وعلماء، انجینئرز، تاجروں، وکلاء، ڈاکٹروں سے محروم کر دیا، مولانا عبدالقادر لونی

بدامنی نے بلوچستان کو تباہی کی جانب دھکیل دیا جس سے صوبے کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا، مولانا حافظ عبدالاحد کبدانی، مولانا عبدالرؤف، سید عبدالستار شاہ چشتی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالقادر لونی صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا حافظ عبدالاحد کبدانی نائب امیر مولانا عبدالرؤف نائب امیر سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی صوبائی سرپرست مولانا خدائے نظر ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی عبیداللہ حقانی جوائنٹ سیکرٹری میر مبارک محمد حسنی سرپرست مولانا نعمت اللہ صوبائی سیکرٹری اطلاعات مولانا رحمت اللہ حقانی صوبائی مالیات .... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

منگل پرسنز ملک کا سب سے بڑا مسئلہ، بلوچستان میں دفعہ 144 لگی تو لاکھوں لوگ سڑکوں پر آگئے، عمر ایوب

شہباز شریف کو اسمبلی میں تقریر کرنے کی ہمت نہیں، حکومت کے ہاتھ میں تو یہ بھی نہیں کہ ہماری بانی سے کھلے ماحول میں بات کروا سکے

حکومت نے ملک کو کھوکھلا کر دیا ہے، 8 فروری کو یوم سیاہ منائیں گے، پورے ملک کے دلوں کی دھڑکن بانی پی ٹی آئی ہے، میڈیا رپورٹ

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے کہا ہے کہ حکومت ہوش کے ناخن لے، ملک کس طرف جا رہا ہے، حکومت نے ملک کو کھوکھلا کر دیا ہے۔ پیر کو انسداد دہشت گردی کی عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عمر ایوب نے کہا کہ 8 فروری کو یوم سیاہ منائیں گے، صوابی میں احتجاج ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس حکومت کے ہاتھ میں تو یہ بھی نہیں. .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان اسمبلی کے رواں اجلاس کے لئے پینل آف چیئرمین کا اعلان کر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے رواں اجلاس کے لئے پینل آف چیئرمین کا اعلان کر دیا گیا۔ پیر کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے آغاز پر ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ نے میر صادق سنجرانی، زرک خان مندوخیل، رحمت بلوچ، میر غلام دستگیر بادینی پر مشتمل پینل آف چیئرمین کا اعلان کیا۔

بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں 9 ارکان کی رخصت کی درخواستیں منظور

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں 9 ارکان کی رخصت کی درخواستیں منظور کرلی گئیں۔ پیر کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں صوبائی وزراء اور ارکان سردار عبدالرحمن کھیتران، خیر جان بلوچ، میر علی حسن زہری، اصغر علی ترین، میر زاہد علی ریکی .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر آئی ایس پی آر کا نیا نغمہ کشمیر بنے گا پاکستان جاری

اسلام آباد (آن لائن) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر آئی ایس پی آر کا نیا نغمہ کشمیر بنے گا پاکستان جاری کر دیا گیا۔ نغمے کو گلوکار احمد جہانزیب نے گایا۔ نغمے کی دھن عرفان سلیم اور کامران اللہ خان نے، جبکہ اس .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

خیبر پختونخوا اسمبلی، کشمیر پر بھارتی قبضے کے خلاف مذمتی قرارداد منظور

پشاور (آئی این پی) خیبر پختونخوا اسمبلی میں کشمیر پر بھارتی قبضے کے خلاف مذمتی قرارداد منظور کرلی گئی۔ خیبر پختونخوا کی اسمبلی میں کشمیر پر ہندوستانی قبضہ کے خلاف مذمتی قرارداد متفقہ طور پر منظور کرلی گئی، قرارداد پی ٹی آئی کے اکرام اللہ نے پیش کی۔ متن .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

پیکا ایکٹ اور 26 ویں ترمیم جعلی حکمرانوں کے گلے پڑیں گے، بیرسٹر سیف

پشاور (آن لائن) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ 26 ویں ترمیم اور پیکا ایکٹ جعلی حکمرانوں کے گلے پڑیں گے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ 8 فروری کو پیکا ایکٹ اور 26 ویں .... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

جنگلی چیتے کی کھال بذریعہ ٹرین کراچی اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی گئی

راولپنڈی (آئی این پی) جنگلی چیتے کی کھال بذریعہ ٹرین کراچی اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا دی گئی، کھال کراچی سے راولپنڈی اسمگل کرنے کی کوشش کی جارہی تھی۔ تفصیلات کے مطابق ریلویز پولیس .... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

قائمقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے چیئرمین نادرا لیفٹیننٹ جنرل منیر افسر ملاقات کر رہے ہیں

مائننگ کا شعبہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے، شعیب نوشیروانی

کانکنوں کی حفاظت و ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں، وزیر معدنیات

افسران احتیاطی تدابیر میں کوتاہی برتنے پر کول مائنز مالکان کیخلاف کارروائی عمل میں لائیں، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت کوئلہ کانوں میں کانکنوں کی حفاظت اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے حوالے سے محکمہ معدنیات کے افسران کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں سیکرٹری معدنیات سیدال لونی، ڈی جی معدنیات عبداللہ بلوچ، ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ معدنیات غلام مصطفیٰ، ایڈیشنل سیکرٹری مائنز ڈاکٹر جمیل، چیف انسپکٹر مائنز عبدالغنی بلوچ و دیگر حکام بھی موجود تھے شرکاء سے خطاب .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

ملک میں ملاوٹ شدہ اشیاء کی شکایت پر کوئی عملدرآمد نہیں ہوتا، محمد عبدالقادر

ملاوٹ شدہ اشیاء فروخت کرنے والوں کو سرکاری گرفت کا کوئی خوف نہیں، سینیٹر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ ملک بھر میں ملاوٹ شدہ اشیاء خورد ونوش مارکیٹ میں کھلے عام فروخت کی جارہی ہے ملاوٹ شدہ اشیاء فروخت کرنے والوں کو سرکاری گرفت کا کوئی خوف نہیں ملاوٹ شدہ اشیاء کے استعمال سے لاکھوں افراد مختلف بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں یہاں تک کہ معصوم بچوں کیلئے شفاف پانی اور خالص دودھ بھی میسر نہیں پہلے ملاوٹ شدہ دودھ فروخت کیا جاتا تھا .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

توشہ خانہ ٹو کیس: عمران خان کے وکیل نے 2 گواہوں پر جرح مکمل کرلی

بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی کے خلاف کیس کی سماعت اڈیالہ جیل میں ہوئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد کے سینٹرل جج کی عدالت میں توشہ خانہ ٹو کیس میں بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان کے وکیل نے استغاثہ کے 2 گواہوں پر جرح مکمل کرلی۔ بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی کے خلاف کیس کی سماعت اڈیالہ جیل میں ہوئی، عمران خان اور بشریٰ بی بی کو کمرہ عدالت میں پیش کیا گیا۔ دوران سماعت بانی پی ٹی آئی کے وکیل توسین فیصل مفتی نے استغاثہ کے گواہ محمد نعیم اور عمر صدیق .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

ورچوئل یونیورسٹی آف پاکستان کے 14 ویں کانووکیشن کا پشاور میں شاندار انعقاد

پاکستان میں معیاری اور جدید تعلیم کے فروغ کے اپنے عزم پر قائم ہے، پروفیسر ڈاکٹر عثمان

اسلام آباد (شاکر رحمان) ورچوئل یونیورسٹی آف پاکستان کا 14 واں کانووکیشن پشاور میں منعقد ہوا، جہاں مختلف شعبہ جات کے 502 طلبہ کو ڈگریاں تفویض کی گئیں۔ تقریب میں 237 بیچلر، 258 ماسٹرز اور 7 ایم ایس/ایم فل کے گریجویٹس نے اپنی کامیابی کا جشن منایا۔ کانووکیشن کے مہمان خصوصی یو ای ٹی ٹیکسلا کے وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر محمد عنایت اللہ خان اور انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز (IMS) کے وائس چانسلر، پروفیسر .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

کشمیر تحریک پاکستان کا نامکمل ایجنڈا، اسے ہر صورت مکمل کرنا ہوگا: حافظ نعیم الرحمن

بھارت سے آلو، پیاز، ٹماٹر کی تجارت سے کشمیر آزاد ہوگا اور نہ ہی صرف کشمیر کمیٹی سے مسئلہ حل ہونے والا ہے

فلسطین کی مثال سے ثابت ہو چکا ہے کہ طاقت کے بغیر مذاکرات نہیں ہوتے، قومی کشمیر کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (آن لائن) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ محض سیاسی و اخلاقی حمایت کی یقین دہانیوں سے کشمیریوں سے جان نہ چھڑائی جائے، کشمیر تحریک پاکستان کا نامکمل ایجنڈا ہے، اسے ہر صورت تکمیل تک پہنچانا ہوگا، بھارت سے آلو، پیاز، ٹماٹر کی تجارت سے کشمیر آزاد ہوگا اور نہ ہی صرف کشمیر کمیٹی سے مسئلہ حل ہونے والا ہے، کشمیریوں کو اپنی آزادی کے لیے لڑنے کا حق اقوام متحدہ کا چارٹر دیتا ہے، فلسطین کی .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ سے پارلیمانی سیکرٹری حاجرہ نواز، رکن اسمبلی فرح عظیم شاہ ملاقات کر رہی ہیں

دراپن واقعہ قابل مذمت، متحد نہ ہوئے تو ظلم ہماری دہلیزوں تک پہنچ جائیگا، پشتونخوا نیپ

اب بھی وقت ہے سخت موقف کیساتھ حکومت پر یہ بات واضح کریں کہ پشتونخوا وطن پر مسلط جعلی دہشتگردی و بدامنی کا خاتمہ کیا جائے، نصراللہ زیرے

ہماری ملت کی نسل کشی کی وجہ حکومت کی پشتون دشمن پالیسیوں کا نتیجہ ہے، خانوزئی میں لیویز اہلکاروں کی نماز جنازہ کے موقع پر اجتماع سے خطاب

خانوزئی (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے نے کہا ہے کہ پشتونوں کی نسل کشی اور ان پر دہشتگردانہ حملوں کی وجہ حکومت اور ان کے اداروں کی پشتون دشمن پالیسیوں اور پشتون دشمن اقدامات کا نتیجہ ہے جو ہمارے وطن اور عوام پر ظلم کے اندوہناک واقعات کے ذریعے خوف وہراس اور وحشت وبربریت مسلط کر کے پشتونخوا وطن اور ان کے زرخیز زمینوں اور معدنی .... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

جماعتی وحدت ہماری طاقت ہے، جمعیت علماء اسلام

جماعتی نظم وضبط اور علما کرام کی عظمت ہماری اولین ترجیح ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا محمد ایوب، مولانا خدائے دوست، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، حافظ دوست محمد مینگل، حاجی محمد شاہ لالا، حافظ مسعود احمد، حافظ شبیر احمد مدنی، حافظ سراج الدین، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، سالار مولوی سید سعد اللہ آغا، حافظ بشیر احمد لالا، حاجی ولی محمد بڑیچ، عبدالصمد ہشیار .... بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

حکومتی سبسڈی نہ ہونے کے باوجود یوٹیلیٹی اسٹورز سے خریداری میں بڑا اضافہ

دسمبر کی نسبت جنوری میں یوٹیلیٹی اسٹورز کی سیل 17 فیصد بڑھ گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت کی جانب سے سبسڈی کے خاتمے کے باوجود یوٹیلیٹی اسٹورز سے خریداری میں بڑا اضافہ سامنے آیا ہے، دسمبر کی نسبت جنوری میں یوٹیلیٹی اسٹورز کی سیل 17 فیصد بڑھ گئی۔ گزشتہ ماہ یوٹیلیٹی اسٹورز کی سیل ایک ارب 80 کروڑ روپے رہی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ حکومتی سبسڈی نہ ہونے کے باوجود یوٹیلیٹی اسٹورز کی سیل میں ماہانہ بنیاد پر اضافہ ہوا ہے، دسمبر کے مقابلے میں جنوری میں یوٹیلیٹی اسٹورز کی سیل 17 فیصد بڑھ گئی۔

وزیراعظم شہباز شریف اور بیٹے حمزہ کی رمضان شوگر ملز ریفرنس سے بریت پر فیصلہ محفوظ

بریت کی درخواستوں پر 6 فروری کو فیصلہ سنایا جائے گا، جج اینٹی کرپشن کورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف اور ان کے بیٹے حمزہ شہباز کی رمضان شوگر ملز ریفرنس سے بریت کی درخواستوں پر وکلا کے دلائل مکمل ہونے پر فیصلہ محفوظ کر لیا گیا، اینٹی کرپشن کورٹ کے جج نے کہا کہ بریت کی درخواستوں پر 6 فروری کو فیصلہ سنایا جائے گا۔ لاہور میں اینٹی کرپشن کی خصوصی عدالت کے جج سردار محمد اقبال نے رمضان شوگر ملز کیس کی سماعت کی۔ شہباز شریف اور حمزہ شہباز کے وکیل امجد پرویز کے دلائل .... بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

دہشت گردوں کو امریکیوں کا چھوڑا ہوا اسلحہ سپلائی ہو رہا ہے، خواجہ آصف

پاکستان دہشتگردی کا مرکز نہیں بلکہ سب سے بڑا متاثر ملک ہے، وزیر دفاع

اسلام آباد (آن لائن) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ امریکا افغانستان میں اسلحہ چھوڑ کر گیا وہ ٹی ٹی پی اور بی ایل اے بھی استعمال کر رہی ہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کو امریکیوں کا چھوڑا ہوا اسلحہ سپلائی ہو رہا ہے۔ امریکی اسلحہ ٹی ٹی پی، بی ایل اے بلوچستان، کے پی میں استعمال کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا اس اسلحے کی وجہ سے حملوں میں شدت، جانی نقصان زیادہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا صورتحال میں بہتری .... بقیہ 75 صفحہ نمبر 7 پر

نصیر آباد، شہری مسائل کے حل کیلئے احتجاج کر رہے ہیں